۷۸۶

تذکرۃ العلماء والمشائخ

جس میں لاہور کے قریباً سوا سو علمائے کرام اور مشائخ عظام کا ذکر ہے۔ جو پانچویں صدی ہجری یعنی عہدِ دولتِ غزنویہ سے لیکر پندرہویں صدی ہجری کے اواخر تک لاہور کو اپنی علمی مجلسوں اور برکتوں کی وجہ سے فخر البلاد بنائے رہے۔ انہی بوریہ نشینوں نے لاہور میں بھی وہ لوگ پیدا کئے۔ جو علمی و صوفیانہ حلقوں میں سعدی و جامی اور بایزید و جنید گزرے اشاعتِ علمِ دین اور ترویج علومِ رسمیہ کیلئے درس جاری کئے۔ تعلیم مفت دی اور ان درسگاہوں سے بڑے بڑے علامہ، فلسفی، منطقی، فقیہہ، محدث، شاعر، ادیب، مورخ، نواز و حق گو اہلِ علم پیدا ہوئے۔ کتاب کے آخر میں چند نامور عالمہ عورتوں کے علم و فضل کا بھی تذکرہ ہے جنکی علمی مجلسوں نے لاہور میں علمِ دین اور ادب و شاعری کی چرچا مدتوں قائم رکھا ہے۔

مرتبہ

محمد الدین فوق ایڈیٹر اخبار کشمیری لاہور

سنہ ۱۳۳۸ھ مطابق سنہ ۱۹۲۰ء میں

گلزار محمدی سٹیم پریس لاہور میں باہتمام شیخ گلزار محمد پرنٹر چھپا

قیمت مجلد ۱۰ر

بار اول

۷۸۶

تذکرۂ علمائے لاہور

دیباچہ

تصنیف کا خیال کس طرح ہوا؟ میں جولائی ۱۹۱۹ء میں ڈھاکہ (بنگال) میں تھا۔ جہاں عالیجناب خان بہادر خواجہ محمد اعظم صاحب مِسِ اعظم اور حکیم محمد حبیب الرحمٰن صاحب کی توجہات دوست پروری کے جلسوں کیف نے وہ سرور بخشا۔ کہ دنیا و مافیہا تو نہیں البتہ افکار لاہور لوح دل سے محو ہو گئے۔ حکیم صاحب کے پاس علمی (خازن قلمی و مطبوعہ) لاتعداد موجود ہیں خان بہادر صاحب بھی ایک علم دوست رئیس ہیں اس لئے میں نے قیام ڈھاکہ کے تین ہفتے مشاغل تفریح سے زیادہ مطالعہ کتب میں بسر کئے۔ مآثر الامراء اور بعض اور کتب میں لاہور اور اہل لاہور کے اکثر تاریخی حالات نظر آئے حکیم صاحب نے ایک کتاب سبحۃ المرجان نام (عربی) بھی دکھائی جس میں بعض علمائے لاہور کا ذکر تھا۔ اسی جگہ تاریخ لاہور اور تاریخ علمائے لاہور لکھنے کا خیال پیدا ہوا۔ تاریخ لاہور تو خدا جانے کب شروع اور کب ختم ہو۔ کیونکہ اس کے لئے تفکرات لاہور سے طویل فرصت کی ضرورت ہے "علمائے لاہور" کے حالات میں نے ڈھاکہ ہی میں شروع کر دیئے۔ واپسی پر ایک ہفتہ تک کلکتہ میں قیام رہا۔ کچھ حالات وہاں لکھے۔ اور زیادہ حصہ (جب کبھی فرصت ملی) لاہور میں ترتیب دیا۔

عرصہ ہوا میں نے ایک کتاب "یادِ رفتگان" کے نام سے لکھی تھی۔ جس میں اُن بزرگانِ دین یعنی صوفیائے درج تھے جنہوں نے اپنے حسنِ علم و عمل اور خُلقِ محمدی سے اشاعتِ اسلام کو مدد دی۔ یہ وہ تھا مبلغینِ اسلام تھے جنہوں نے آنحضرت صلعم کے اُسوہ حسنہ کا نمونہ دکھا کر زبانِ حال سے ... اسلام کی دعوت دی تھی۔ اور جن کی دعوت اکثر قبول کی جاتی تھی "یادِ رفتگان" تین مرتبہ چھپ (کر) مقبولِ عام ہو چکی ہے۔

اِس تذکرہ کا مقصد کیا ہے؟ اب میں نے لاہور کے علمائے اسلام کا تذکرہ لکھا ہے۔ اس سے یہ دکھانا مقصود ہے کہ گذشتہ زمانہ میں علمائے اسلام نے ترویج علوم اور اشاعت تعلیم میں کیسی کچھ جانفشانیاں کی ہیں اور یہ کہ لاہور ازمنہ سابقہ میں کس طرح علم کا گہوارہ رہا ہے۔ اور یہی درسگاہوں سے کیسے کیسے لوگ

باکمال ہو کر نکلے۔ اور اس خطۂ پاک میں کیسے کیسے صاحبانِ علم و فضل موجود تھے۔ جو لاہور کو دار السرور بنا رہے تھے
علم و فضل کی وہ قدر تھی۔ اور حسنِ عمل کی یہ کشش تھی۔ کہ بادشاہ خود عالموں سے ملاقات کرنے آتے تھے۔ یا ان کو
بلواتے تھے۔ تو ان کی عزت کرتے تھے۔ اور علماء بھی ایسے ایثار نفس اور بے غرض تھے۔ کہ اس عزت پر اتراتے
نہیں تھے۔ بلکہ کہتے تھے۔ اب ہمیں آئندہ تکلیف نہ دیا کرو ۔

بعض علماء اور معلمین کو ترویج علوم کے لئے خزانۂ شاہی سے وظائف ملتے۔ جو مددِ معاش کہلاتے۔
جن کے عوض وہ لاہور ہی میں بیٹھ کر فارغ البالی کے ساتھ بغیر کسی معاوضہ یا اُجرت کے مشغول درس و تدریس
رہتے تھے۔ علاوہ علماء و معلمین کے طلباء اور متعلمین کے مصارف ذاتی و تعلیمی کے لئے اوقاف مقرر کئے جاتے
یہی وہ باتیں تھیں جنہوں نے شاہانِ اسلام کے زمانہ میں تعلیم کو ہمیشہ مفت اور عام رکھا۔

بعض ایسے علماء بھی تھے جن کو کسی اعانت کی ضرورت نہ تھی۔ یا تو وہ فارغ البال تھے یا امداد کی پرواہ
ہی نہ کرتے تھے۔ اور اشاعتِ علم کو کارِ خیر سمجھ کر اپنی زندگی کا معقول حصہ عام لوگوں کی تعلیم و فیض رسانی پر
صرف کرتے تھے۔ تم کو ان علمائے لاہور میں بعض امامانِ مساجد بھی نظر آئینگے۔ وہ امام آجکل کے اماموں کیطرح نہ
تھے۔ کہ تسبیح کے امام کیطرح کسی شمار ہی میں نہ ہوتے۔ بلکہ وہ صاحبانِ درس ہی تھے۔ اور ان کا درس آجکل
کے بعض اماموں کی طرح صرف قرآن شریف (یعنی طوطے کیطرح) اور چھوٹے بچوں کو سیپارے اور قاعدے پڑھانے
تک ہی محدود نہ تھا۔ بلکہ وہ حدیث، فقہ اور منطق و معقول کی تعلیم دیتے تھے۔ اور ان کا شمار شہر کے نامی علماء میں ہوتا
تھا۔ اور وہ علوم و فنون کی ترقی اور افرادِ قوم کی تعلیم و تہذیب پر اپنی علمی و عملی زندگی کا بہت بڑا اثر ڈالتے تھے۔

لاہور کی علمی ترقی دہلی پر مقدم ہے

سلطان سبکتگین سے لیکر احمد شاہ دُرانی تک جسقدر مسلمان بادشاہوں نے دہلی و ہند کی
تسخیر کی ہے سب کو لاہور و پنجاب ہی کے رستے یہ ہفت منزل طے کرنی پڑی ہیں۔ جُوں
جُوں اسلامی فتوحات ہوتی تھیں داعیانِ اسلام (صوفیاء و علماء) ہر حصۂ ملک میں پھیل جاتے اور اپنے فرائض کو
[ادا کر]تے تھے۔ سلطان مسعود غزنوی کے زمانہ میں حضرت علی ہجویری داتا گنج بخش ؒ لاہور تشریف لائے۔ ان
سے پہلے بھی بعض بزرگ لاہور میں موجود تھے۔ چنانچہ اسی زمانہ میں یا اس کے کچھ بعد لاہور میں علماء و صوفیاء
کی جمعیت و شہرت و کثرت تھی۔ کہ ان کے حالات میں ایک کتاب "تحفۃ الواصلین" لکھی گئی جس کا اب نام
ہی نام کتابوں میں رہ گیا ہے۔ اصل کتاب کہیں نہیں ملتی ۔

لاہور اکثر اسلامی حکومتوں کا دار الخلافہ رہا ہے۔ اور پنجاب کا دار السلطنت تو یہ ہر زمانہ میں چلا آیا ہے۔

اسلئے مرکزی حکومت ہونیکی وجہ سے یہاں علماء و فضلاء اور ہر فن کے صاحب کمال اکثر جمع رہتے تھے۔ دہلی پر مسلمانوں کی حکومت پنجاب کے بہت عرصہ بعد مستقل طور پر قائم ہوئی ہے۔ اور باقی حصص ملک پر قبضہ دہلی کے بھی بعد۔ اسلئے لاہور کی علمی ترقی نہ صرف دہلی بلکہ سارے ہندوستان کی علمی ترقی پر مقدم ہے چنانچہ مولانا ابوالحسنات ندوی نے اپنے ایک طویل مضمون "ہندوستان کی گذشتہ اسلامی درسگاہوں" میں بھی لاہور کی اس اولیت کا اعتراف کیا ہے۔ اور لکھا ہے "لاہور کی علمی ترقی دہلی پر مقدم ہے۔ لیکن کچھ دنوں کے لئے دہلی کے مقابلہ میں اس کا چراغ ٹمٹماتا رہا۔ آخر میں اس کو پھر ایک مرتبہ فروغ حاصل ہوا جس کا سبب کمال الدین[1] کشمیری جمال الدین[1] تلمیذ مفتی عبدالسلام اور ملا عبدالحکیم[1] سیالکوٹی جیسے نامور علماء کی ذات ہے۔ ان بزرگوں کے فیض سے ہزاروں تشنگان علم سیراب ہوئے"۔

لاہور کی گذشتہ اسلامی تعلیم گاہیں

تذکرہ علمائے لاہور" میں جن عالموں کا ذکر ہے۔ ان میں سے قریباً ہر ایک صاحب درس گذرے ہیں۔ اس لحاظ سے لاہور کی گذشتہ اسلامی تعلیم گاہیں ایک ہی زمانہ اور ایک ہی وقت میں (کیونکہ اکثر علماء ہم عہد اور ہمعصر گذرے ہیں) کافی تعداد تک پہنچ جاتی تھیں مگر بعض درسگاہیں خاص طور پر مشہور تھیں مثلاً درسگاہ ملا شاہ خواجہ[2] شاہجہانی (جن کا ذکر اس کتاب میں درج ہے) جہاں نواب سعد اللہ خان چینیوٹی دستور اعظم شاہجہان بادشاہ ابتداء میں پڑھتے رہے ہیں درس مولانا اسمٰعیل عرف میاں وڈا (جن کے فیضان عام کا چراغ ابھی تک روشن ہے گو ٹمٹما رہا ہے)

سکھوں کے زمانہ میں اسلامی درس گاہیں

زوال سلطنت مغلیہ کے ساتھ ہی ملک میں بد امنی و بے چینی پھیل گئی تھی۔ اس لئے وہ درس گاہیں تو جاری نہ رہ سکیں جو حکومت کے دامن دولت سے وابستہ تھیں۔ البتہ بعض عالمانِ دین نے اس کشمکش و بے اطمینانی کے زمانہ میں بھی سلسلہ درس و تدریس جاری

---

[1] استاد مولانا عبدالحکیم سیالکوٹی و حضرت مجدد الف ثانی و نواب سعد اللہ خان شاہجہانی [illegible] ان سب کے حالات اس کتاب میں درج ہیں۔

[2] ملا شاہ خواجہ کے حالات تذکرہ میں درج ہیں جس مسجد میں ان کا مدرسہ تھا۔ وہ دہلی دروازہ کے اندر تھی۔ چنانچہ صاحب سیر المتاخرین نے بھی ذکر کیا ہے۔ کہ جب شاہجہان دارا شکوہ سے ملنے گیا۔ تو دہلی دروازہ کے راستہ گیا۔ جہاں ملا شاہ خواجہ کا مکان بھی تھا تحقیقات چشتی میں لکھا ہے۔ یہ مسجد متصل مسجد نواب وزیر خان تھی۔ راقم الحروف دہلی دروازہ کے اندر قریباً بیس سال تک رہا ہے۔ (اندرون دہلی دروازہ) کے اندر ایک عالیشان شاہجہانی طرز کی ایک مسجد و عمارت کے کچھ آثار موجود ہیں اور یہاں سے مسجد وزیر خان بھی نزدیک ہی ہے ممکن ہے۔ یہی مسجد ہو جس میں نواب سعد اللہ خان پڑھتے تھے۔ اور اب جس کا یہ عبرت ناک انجام نظر آ رہا ہے۔ تو وہ علماء و صوفیاء کی بستی اب چنگڑوں کا محلہ کہلاتی ہے۔ فاعتبروا یا اولی الابصار۔

رہا چنانچہ جب اس زوال سلطنت کے بعد سکھوں کا زمانہ آیا۔ تو ان کو تعلیم سے کوئی رغبت ہی نہ تھی مہاراجہ رنجیت سنگھ خود بے علم تھا صرف بعض علماء کے مدارس جاری تھے۔ جہاں ہندو مسلمان بلا تفریق مذہب و ملت عربی۔ فارسی کی تعلیم پاتے تھے سرکار سے کوئی خاص مدد ترویج علوم و فنون کیلئے ایسی نہ ملتی تھی جس سے اہل علم کی حوصلہ افزائی ہوتی۔ اُس زمانہ میں لاہور میں سب سے بڑا مدرسہ خلیفہ غلام رسول و خلیفہ غلام اللہ کا تھا۔ دوسرا مولوی جان محمد کا مسجد پڑولیاں والی (واقعہ کشمیری بازار) میں تیسرا مدرسہ مسجد خراسیاں میں تھا چوتھا مدرسہ فقیر عزیز الدین و نور الدین صاحبان کیطرف سے فی سبیل اللہ جاری تھا۔ یہ مدرسہ کوچہ آستانہ شریف واقعہ بازار حکیماں لاہور میں ایک عرصہ تک ہندو مسلمانوں کو فیضان عام پہونچاتا رہا ہے۔ اس نامور خاندان میں خان بہادر فقیر سید شمس الدین[1] نہایت عالم و فاضل بزرگ گذرے ہیں ان کے علاوہ کچھ اور تعلیم گاہیں بھی تھیں لیکن سب سے زیادہ انہی چاروں کی شہرت تھی حکومت کیطرف سے کوئی مدرسہ جاری نہ تھا ۔

لاہور کی موجودہ اسلامی درسگاہیں

لاہور کی موجودہ قابل ذکر اسلامی درسگاہوں میں انجمن حمایت اسلام کے مختلف زنانہ مردانہ سکول اور اس کا کالج اور مدرسہ انجمن نعمانیہ ہے۔ انجمن کی تعلیم گاہیں تو گورنمنٹ انگریزی کی سکیم کے مطابق ہیں اسلئے وہاں دینی تعلیم فقہ و حدیث اور تفسیر وغیرہ کا ذکر نہیں ہے لیکن مدرسہ انجمن نعمانیہ میں فقہ و حدیث اور دیگر علوم کی کافی تعلیم ہوتی ہے گو اس میں بھی اصلاح و ترقی کی بڑی گنجائش ہے۔ ایک اور اسلامی مدرسہ مدرسہ رحیمیہ کے نام سے نیلا گنبد کی مسجد میں ہے جو شیخ محمد تقی صاحب رئیس لاہور کی توجہ سے چل رہا ہے اس مدرسہ میں کتب حدیث، فقہ، تفسیر، منطق، فلسفہ کی تعلیم ہوتی ہے[2]۔ ان تعلیم گاہوں کے علاوہ لاہور میں

---

[1] روضۃ الابرار میں مولوی محمد الدین فوق مرحوم نے اپنا ذکر کرتے ہوئے لاہور کے اس نامور امیر عالم کا ذکر کیا ہے۔ اور لکھا ہے۔ کہ میں نے خان بہادر فقیر شمس الدین اور خان بہادر محمد برکت علی خان رئیسان لاہور کے مشورہ سے [illegible] میں پہلی مرتبہ بادشاہی مسجد لاہور میں وعظ کیا۔ فقیر صاحب کے متعلق آپ اسی کتاب میں لکھتے ہیں۔ "عربی میں بحر العلوم اور اپنے وقت کے سحبان تھے مسلمانوں کی فلاکت و جہالت سے نہ صرف باخبر تھے۔ بلکہ ہمدرد اور دلسوز تھے۔ اہل علم کی بڑی قدر کرتے تھے میں نے انہی کے صلاح و مشورہ سے علوم انگریزی اور علم ادب و انشائے عرب کی طرف توجہ کی۔ اور مجھے اپنے ہمراہ ڈاکٹر لیٹنر (ڈائرکٹر سررشتہ تعلیم پنجاب) کے پاس لے گئے۔ فقیر سید شمس الدین کا مزار کوچہ آستانہ شریف واقعہ بازار حکیماں میں ہے۔ فقیر سید نجم الدین صاحب تحصیلدار شرقپور آپ کے اکلوتے پوتے ہیں جو اپنے جد امجد کی طرح اہل علم کے بڑے قدردان ہیں ۔

[2] مولوی فاضل مولوی عبد العزیز (وطن علاقہ سنانواں تحصیل مظفر گڈھ) اس مدرسہ کے صدر مدرس ہیں جو دیوبند کے تعلیم یافتہ ہیں آپ مولانا محمود الحسن صاحب اور مولانا انور شاہ صاحب کاشمیری ثم الدیوبندی کے قابل شاگردوں میں ہیں ۔

کچھ عرصہ سے درس بھی جاری ہیں دو درس سلسلۂ احمدیہ کی دونوں جماعتوں کے ہیں جہاں ہر روز صبح کو قرآن شریف تفسیر کے ساتھ پڑھایا جاتا ہے۔ ایک درس مولوی حاجی احمد علی صاحب کا شیرانوالہ دروازہ کی مسجد میں ہوتا ہے۔ جہاں قرآن شریف اپنے فلسفیانہ انداز مع پوری شرح و بسط کے ساتھ پڑھایا جاتا ہے۔ اس درس میں اس قدر لوگ آتے ہیں اور مولوی صاحب کا طرز بیان ایسا دلکش ہے۔ کہ انبوہ کثیر کے آجانے کی وجہ سے مسجد کی توسیع کی گئی۔ صبح کے درس میں لوگ بکثرت شامل ہوتے ہیں اور فیض اٹھاتے ہیں مولانا دارالعلوم دیوبند کے تعلیم و تربیت یافتہ ہیں حضرت مولانا پیر عبدالغفار صاحب کا ایک مدرسہ بھی محلہ تکیہ سادھواں میں "مدرسہ غوثیہ" کے نام سے جاری ہے۔ جہاں فقہ تفسیر کی تعلیم ہوتی ہے۔ اور مثنوی مولانا روم تفسیر کے ساتھ پڑھائی جاتی ہے تعلیم دیگر درسگاہوں کی طرح مفت اور عام ہے ۔

اس تذکرہ کی تصنیف میں کن کتابوں سے مدد لی گئی

(۱) سبحۃ المرجان عربی مصنفہ میر غلام علی آزاد بلگرامی (۲) مآثر الامراء فارسی تصنیف نواب صمصام الدولہ شاہنواز خان۔ یہ کتاب تین جلدوں میں ہے۔ اور بہت ضخیم اور کمیاب ہے (۳) تاریخ فرشتہ (۴) تاریخ ہند مصنفہ خان بہادر شمس العلماء محمد ذکاء اللہ دہلوی مرحوم۔ نہایت ضخیم کتاب جو دس جلدوں میں ہے (۵) زبدۃ المقامات مصنفہ مولانا محمد ہاشم کشمی خلیفہ حضرت مجدد الف ثانیؒ (۶) مکتوبات حضرت مجدد صاحب علیہ الرحمۃ (۷) حدائق الحنفیہ مصنفہ مولوی فقیر محمد جہلمی مرحوم جو ایک مطبع "سراج المطابع" اور ایک اخبار "سراج الاخبار" کے بھی مالک تھے، انکی وفات کے بعد دونوں بند ہو گئے (۸) تزک جہانگیری۔ (۹) سیر المتاخرین (۱۰) اکمل التاریخ (تذکرۂ اولیائے بدایون) از مولوی محمد یعقوب صاحب قادری ضیاء بدایونی (۱۱) تاریخ لاہور انگریزی مصنفہ خان بہادر شمس العلماء سید محمد لطیف مرحوم (۱۲) تاریخ لاہور اردو از رائے کنہیا لعل اگزکٹو انجینیئر آنجہانی (۱۳) تحقیقات چشتی از مولوی نور احمد صاحب چشتی مرحوم (۱۴) ڈائرکٹری مطبوعہ مولوی احمد بخش یکدل مرحوم (۱۵) روضۃ الادباء از مولوی فاضل محمد الدین فوقی مرحوم ان پندرہ کتابوں میں جہاں کہیں علمائے لاہور کا ذکر آیا ہے۔ میں نے پارۂ دل کی طرح اسکو اٹھا کر "تذکرہ" کے نگینہ میں جڑ دیا ہے۔ اور اس طرح دانہ دانہ جمع کر کے یہ چھوٹا سا خرمن تیار کیا ہے۔ اگر تھوڑی سی اور محنت کی جاتی اور چند اور کتب بعض اصحاب سے عاریتاً ہی مل جاتیں تو کتاب میں تھوڑا بہت اور اضافہ ہو جاتا۔ مگر نہ تو کتابیں ملیں اور نہ میری طویل علالت اور اس کے بعد کمزوری اور نقاہت نے اور زیادہ مطالعہ کی اجازت دی

لاہور کے بعض مصنفین کے حالات جنکی کتابوں نے اس تذکرہ میں مدد دی

میں نے جن کتابوں سے اس تذکرہ کی تدوین میں مدد لی ہے۔ اُن کے نام اوپر لکھ دئے ہیں ان میں نمبر۱ سے نمبر۱۵ تک ایسی کتابیں ہیں جن

کے مصنف لاہور ہی کے تھے۔ اور چونکہ وہ سب اہل علم و فضل تھے۔ اس لئے ان کے مختصر سے حالات بھی درج کرنے نامناسب نہ ہونگے۔ ان میں سے مولوی احمد بخش صاحب یکدل کے حالات طبقہ علماء میں لکھے جا چکے ہیں۔ باقی کے حالات حسب ذیل ہیں:۔

سید محمد لطیف جج مرحوم آپ نے ۹ رفروری ۱۹۰۲ء کو بمقام گوجرانوالہ دفعۃً بعارضہ اختلاج قلب چند منٹوں ہی میں انتقال فرمایا۔ وفات سے چند منٹ پیشتر آپ نے یہ شعر پڑھا ؎

حیف در چشم زدن صحبت یار آخر شد ۔ روئے گل سیر ندیدیم و بہار آخر شد

گورداسپور، ہوشیارپور، گوجرانوالہ ہر جگہ معزز عہدوں پر ممتاز رہے۔ اور جہاں رہے، علمی مشاغل کو فراموش نہ کیا۔ آپ کی مندرجہ ذیل چھپی ہوئی کتابیں موجود ہیں۔ تاریخ پنجاب مع حالات شہر لاہور (مطبوعہ ۱۸۹۱ء) تاریخ لاہور از زبان انگریزی (مطبوعہ ۱۸۹۲ء) و تاریخ آگرہ (انگریزی)، تاریخ ملتان (انگریزی)، زمانہ طالب علمی میں مجموعہ نظم بھی تصنیف کیا تھا جس کا نام "دیوان لطیف" ہے۔ آپ اپنے علم و فضل کی وجہ سے پنجاب یونیورسٹی کے فیلو اور بنگال ایشیاٹک سوسائٹی کے ممبر بھی تھے۔ آپ کا بیت بڑا ایک کتب خانہ بھی تھا۔ جو اب تک موجود ہے۔ ان کے والد کا نام منشی محمد عظیم تھا۔ جنہوں نے انگریزی عملداری کی ابتدا میں اخباری مذاق تمام اہل پنجاب میں پھیلایا۔ اولاد باطنی (تصانیف) کے علاوہ خان بہادر مرحوم اولاد ظاہری سے بھی محروم نہ تھے۔ دو بیٹوں کے باپ تھے۔ ایک سید غیاث الدین جن کا انتقال ستمبر ۱۹۰۳ء میں ہوا۔ آپ سے حسب ذیل چار فرزند یادگار ہیں سید تمیز الدین صاحب بی۔ اے منصف شیخوپورہ۔ سید خورشید الدین صاحب بی۔ اے ایل ایل بی وکیل لاہور۔ دوسرے صاحبزادے سید محمد عزیز الدین صاحب بفضلہ تعالیٰ حیات ہیں۔ اور ہوشیارپور میں بعہدہ ڈپٹی سپرنٹنڈنٹ تعینات ہیں۔ آپ کا ایک صاحبزادہ سید بلیغ الدین بی۔ اے دفتر گورنمنٹ ہند میں ملازم ہے۔ اور ایک لڑکا ابھی کالج میں زیر تعلیم ہے۔

خان بہادر مرحوم کی تصانیف علمی طبقہ میں نہایت مستند سمجھی جاتی ہیں اردو نظم و نثر کے علاوہ انگریزی زبان پر کافی عبور تھا۔ ان کے انگریزی طرز تحریر کے اکثر اہل علم معترف ہیں۔

آپ کی وفات پر اکثر اخبارات نے ماتمی مضامین شایع کئے۔ یہاں صرف اخبار "رفیق ہند" مورخہ ۱۵۔ فروری ۱۹۰۲ء کے ایک مضمون کا کچھ اقتباس درج کیا جاتا ہے "مرحوم کو اخباری شوق اپنے والد ماجد سے ورثہ میں ملا تھا۔ عرصہ تک وہ نہایت قابلیت کے ساتھ اخبار انجمن پنجاب کی ایڈیٹری کرتے رہے۔ باوجود جوڈیشل کام کی کثرت کے ان کو تالیف و تصنیف کا شوق بھی تھا۔ ان کی کتابیں پبلک کے علاوہ گورنمنٹ کے حضور میں بھی قابل قدر سمجھی گئیں۔ اور شمس العلماء کا خطاب عطا ہوا۔ عالمانہ مذاق اور اہل علم سے خاص محبت رکھتے تھے۔" اخبار رفیق ہند جو اپنے وقت میں پنجاب کا ایک مشہور اخبار تھا۔ اب بند ہے۔ اس کے قابل اور لائق ایڈیٹر و مالک مولوی محرم علی صاحب چشتی آجکل ہائیکورٹ پنجاب کے وکیل ہیں۔

رائے بہادر لالہ کنہیا لال آنجہانی اصل وطن جلیسر ضلع ایٹہ تھا۔ غدر ۱۸۵۷ء سے پیشتر ۱۸۵۰ء میں لاہور پہنچے اور ایسے آئے کہ یہیں کے ہو گئے۔ لاہور کی ویران سی اکثر اکثر انجنیئر تھے۔ تیس سال تک محکمہ تعمیرات کے افسر رہے۔ چونکہ تاریخی مذاق مبدأ فیاض سے عطا ہوا تھا۔ اس لئے سلسلہ تصنیف میں کئی کتابیں لکھیں۔ تاریخ پنجاب اور تاریخ لاہور (۱۸۸۴ء) ۱۸۸۶ء میں، علاوہ ازیں کتب شعر ظفرنامہ رنجیت ۔ نامہ فارسی نظم میں مہاراجہ رنجیت سنگھ کی فتوحات کے متعلق لکھا۔ فارسی معہ نظم و نثر لکھنے میں مہارت کامل رکھتے تھے۔ گلزار ہندی۔ بندگی نامہ۔ یادگار ہندی۔ اخلاق ہندی۔ مناجات ہندی۔ نصیحت نامہ۔ نگارین نامہ۔ دیوان تحریر التوحید۔ کئی کتابیں آپ کی یادگار ہیں۔ تخلص ہندی تھا۔ مفتی غلام سرور لاہوری سے بھی آپ بہت امداد لیا کرتے تھے۔

مولوی نور احمد چشتی مرحوم مصنف تحقیقات چشتی مولوی نور احمد چشتی مولوی احمد بخش یکدل کے فرزند

اکبر تھے۔ ۱۰ ذی الحجہ ۱۲۴۳ھ کو پیدا ہوئے۔ چودہ سال کی عمر میں جملہ درسی علوم سے فارغ ہو گئے۔ دیوان امرناتھ (صغیر تخلص)، خلف راجہ دینا ناتھ جو مہاراجہ رنجیت سنگھ کی سوار فوج کے بخشی تھے کی سفارش سے اس چھوٹی سی عمر ہی میں عہدہ وکالت بقرار پانچ روپیہ یومیہ ملازم ہو گئے۔ انگریزی عملداری کے دنوں میں حسب معمول بزرگان خود آپ نے بھی شہر کے امرا زادگان کو تعلیم دینی شروع کر دی۔ ۱۸۴۹ء میں انگریزی حکام (صاحبان ملکی و جنگی) کو پڑھانے پر مامور ہو گئے۔ اسی دوران میں آپ نے حسب ذیل کتابیں بھی تصنیف کیں۔ **تحفۂ چشتی** (صرف و نحو اردو، فارسی، عربی)۔ **یادگار چشتی** مشہور بہ **دستور اہل اسلام پنجاب**۔ **عجائبات چشتی**۔ **خیالات دانش** (زبان فارسی)، **تحقیقات چشتی** آخر الذکر کتاب سب سے زیادہ ضخیم اور آپ کی تمام تصانیف سے زیادہ مشہور ہے۔ یہ کتاب مزارات و اولیائے لاہور کی ایک مکمل تاریخ ہے۔ اور گو اس میں بعض نقائص بھی ہیں لیکن پھر بھی لاہور کے متعلق جس قدر کتابیں شائع ہوئی ہیں سب کو اس کی خوشہ چینی کرنی پڑی ہے۔ مولوی صاحب اس زمانہ میں جبکہ پنجاب میں اردو کا رواج بھی نہ تھا۔ بلکہ دفاتر تک بھی فارسی میں تھے۔ اردو میں برجستہ شعر کہتے تھے۔ حضرت مولانا فیض اللہ شاہ کاشمیری سے بیعت تھے۔ جو کشمیر سے پہلے دہلی بعد میں فتنہ غدر ۱۸۵۷ء کے بعد کرنال میں آ رہے تھے۔ اور بدوران سیاحت لاہور بھی تشریف لے آئے تھے۔ افسوس ہے۔ مولوی صاحب نے عمر بہت تھوڑی پائی۔ چالیس سال کا سن تھا۔ کہ ۱۲۸۳ھ مطابق ۱۱ اگست ۱۸۶۶ء کو انتقال کر گئے۔ مولوی صاحب کی عمر ابھی تیرہ سال کی تھی۔ کہ اپنے والد مولوی احمد بخش یکدل کے ساتھ بتقریب شادی دیوان کدارناتھ برادر راجہ دینا ناتھ دہلی گئے۔ اور وہاں بہادر شاہ بادشاہ سے بھی ملے۔ جہاں سے ان کو بھی سات پارچہ کا خلعت ملا۔

مولوی محمد الدین فوقی مرحوم۔ ۳۰ جمادی الاول ۱۲۶۶ھ کو لاہور میں پیدا ہوئے۔ حسب طریقہ اسلاف حافظ قرآن ہو گئے۔ فضلائے لاہور و پنجاب و کشمیر وغیرہ سے استفادہ علوم کیا۔ صرف۔ نحو منطق و فلسفہ۔ حکمت و معانی۔ فقہ و اصول۔ حدیث و تفسیر اور تصوف و طب اور فن عروض و وعظ میں نہایت ماہر تھے۔ بیس سال سے کم عمر ہی سے صاحب درس ہو گئے تھے۔ چنانچہ روضۃ الابرار صفحہ ۲۹۴ پر لکھتے ہیں "مسجد گیلانیاں واقعہ بلدہ لاہور میں میں طلباء کو درس دیتا تھا۔ اور سلم العلوم پر جو علم منطق کی کتاب ہے۔ طلباء کے سامنے تقریر کر رہا تھا۔ میر عبداللہ اندرابی رتنی پوری کاشمیری مع اپنے فرزند میر عبدالغنی اور اپنے برادر زادہ سید نور الدین کے موجود تھے۔ اسی وقت ایک خضر صورت مسجد میں آئے۔ میری تقریر سن کر بڑی مسرت ظاہر کی۔ اور بزبان کشمیری میر اندرابی مرحوم سے کہا۔ کہ اس لڑکے کی تقریر سے فضلائے کشمیر کی تقریروں کی خوشبو آ رہی ہے۔ یہ نوجوان انشاء اللہ روز بروز ترقی کرے گا۔ مولوی محمد الدین لکھتے ہیں۔ اس زمانہ میں میری عمر بیس سال سے بھی کم تھی۔

۱۸ سال کی عمر تھی۔ کہ رمضان المبارک ۱۲۸۴ھ میں آپ نے بادشاہی مسجد میں وعظ کیا۔ جس میں لاہور کے نامی علماء اور روساء بھی موجود تھے۔ یہیں وعظ خوانی کی دستار فضیلت بھی آپ کو ملی۔ خان بہادر فقیر شمس الدین مرحوم چونکہ خود عالم اجل تھے۔ اس لئے مولوی فوقی کی بہت قدر کرتے تھے۔ انہی کے مشورہ اور ڈاکٹر لیٹنر کے ایما سے آپ ۱۲۸۷ھ میں درجہ مولوی و منشی ۱۲۸۸ھ میں منشی عالم اور امتحان انٹرنس ۱۲۹۰ھ میں درجہ مولوی عالم اور ۱۲۹۰ھ میں ایف اے کا امتحان پاس کر کے اسی سال اورینٹل کالج میں مدرس مقرر ہو گئے ۱۲۹۱ھ میں مولوی فاضل کا امتحان پاس کیا۔ مولوی صاحب عربی اور فارسی کے تمام امتحانات میں اول رہتے تھے۔ مولوی فاضل کے علاوہ منشی فاضل بھی تھے۔

لہ آپ کے ایک قابل صاحبزادہ میر غلام علی شاہ صاحب نے عین جوانی میں ۱۹۰۹ء میں انتقال فرمایا ہے۔ دوسرے صاحبزادہ سید محمد امین صاحب اندرابی شہر لاہور کے ہمدرد میونسپل کمشنر اور ہائیکورٹ لاہور کے ایک قابل وکیل ہیں۔ اور علماء و صوفیائے کرام کی خدمت میں سرگرم رہتے ہیں۔

اور ایف اے تک تعلیم حاصل کرنے سے علوم انگریزی سے بھی بہرہ وافی رکھتے تھے۔ عربی اور فارسی میں شعر نہایت اچھے کہتے تھے۔ سنہ ۱۹۰۲ء میں جب تیس سال کی عمر تھی۔ نواب محمد صادق علیخان والی بہاولپور کی تہنیت جلوس میں بزبانِ عربی ایک جدید قصیدہ لکھا۔ جس پر صلہ عطا فرمایا ہوا۔ اسی سال بالغ العلوم المشرقیہ یعنی بی۔ او۔ ایل کا امتحان دیا۔ چونکہ جب سے یونیورسٹی قایم ہوئی تھی۔ آپ نے سب سے پہلے یہ امتحان دیا تھا۔ اس لئے حکام بلکہ لاٹ صاحب (لارڈ ریورٹن بہادر لفٹنٹ گورنر پنجاب) تک نے نہایت عزت فزائی کی۔ سنہ ۱۳۰۳ء میں ایم۔ او۔ ایل یعنی مالک العلوم المشرقیہ کا امتحان درجہ اعلےٰ میں پاس کیا۔

آپ کی کئی تصنیفات بھی ہیں۔ روضۃ الادبا جس میں عربی شعراء کا اردو میں تذکرہ ہے۔ روضۃ الابرار مشائخ کشمیر کے حالات میں بزبانِ فارسی۔ تاریخ ایام الجاہلیہ و مختصر السیر فی احوال خیر البشر۔ قلائد الذہب فی فوائد الادب (بزبانِ عربی) حل لغات الف لیلہ بزبانِ عربی۔ علم فلسفہ بزبانِ انگریزی و عربی و اردو۔ تفسیر فتح العظیم غیر مکمل مختصر تاریخ کشمیر وغیرہ وغیرہ۔

تذکرہ علمائے لاہور میں چند نامور عالمہ عورتوں کے نام

کتاب کے آخر میں بعض عالمہ عورتوں کے مختصر سے حالات بھی درج ہیں۔ جنکو عربی۔ فارسی کے علوم و فنون دینی و دنیوی پر کافی عبور تھا۔ اور جن میں سے اکثروں کے دم قدم سے لاہور کے طبقہ علماء اور اہلِ علم حضرات کی قدر و پرورش ہوتی تھی۔ ان عورتوں کا اصل وطن لاہور نہیں تھا۔ نہ لاہور میں ان کی پیدایش و تربیت ہوئی۔ مگر ان کی عمروں کا ایک طویل حصہ لاہور میں بسر ہوا۔ اور آخر ان کا مدفن بھی لاہور ہی بنا۔ انہوں نے اپنی زندگی میں علم کی بڑی قدر کی۔ اس لئے ان کے مختصر سے حالات بھی آخر میں درج کر دئے گئے۔

تذکرہ میں سنہ وار ترتیب قایم نہیں رہ سکی

مجھے اس تذکرہ کے متعلق دو باتوں کا افسوس ہے۔ ایک تو یہ کہ ایک دو قلمی کتابیں جن میں لاہور کے علماء و فضلاء کے حالات زیادہ مل سکتے ممکن تھے مجھے نہیں مل سکیں۔ دوسرے یہ کہ میں علماء و صلحاء کے حالات سنہ وار ترتیب نہیں دے سکا۔ اس کی ایک وجہ یہ بھی ہے۔ کہ میں نے اس کتاب کا سلسلہ لاہور کے ماہوار رسالہ نظام میں جاری کر دیا۔ چنانچہ پہلے دو ماہ تو آٹھ آٹھ صفحے ہر مہینے چھپتے رہے۔ تیسرے مہینے ۱۶ صفحے اور چوتھے مہینے ۲۶ صفحے چھاپ کر کتاب مکمل کر دی گئی۔ ہر مہینے مسلسل مضمون دئے گئے ہیں۔ جس طرح حالات دستیاب ہوتے گئے۔ اسی طرح لکھتا گیا۔ اب انشاء اللہ تعالےٰ جب کبھی اس کے دوبارہ طبع کرانے کی نوبت آئیگی۔ تو بشرط زندگی یہ زیادہ حسن ترتیب اور زیادہ تر صفائی اور زیادہ حجم کے ساتھ چھپے گی۔ وما توفیقی الا باللہ۔

۱۰ جمادی الاول سنہ ۱۳۳۸ھ
مطابق یکم فروری سنہ ۱۹۲۰ء

محمد الدین فوق۔ لاہور

نظامی عروضی نے چار مقالہ میں اور مولوی محمد الدین نے روضۃ الادباء میں لکھا ہے۔ کہ ۵۱۵ھ تک زندہ رہے۔ اِس سے معلوم ہوتا ہے۔ کہ مولانا مسعودؒ طویل العمر تھے۔ اُنہوں نے غزنی کے چار بادشاہوں کی سلطنت دیکھی۔ ابراہیم، مسعود، ارسلان اور بہرام شاہ۔ گویا دولت غزنویہ کا عروج بھی دیکھا اور زوال بھی۔ مولانا عربی۔ فارسی۔ ہندی تینوں زبانوں میں صاحب دیوان تھے۔ مولانا آزاد لکھتے ہیں مسعود کا فارسی دیوان بلاد ہند و ایران میں بڑی شہرت رکھتا ہے علامہ وطواط نے حدیقۃ السحر میں مولانا مسعودؒ کا ذکر کرتے ہوئے لکھا ہے۔ عربی

(حاشیہ متعلق صفحہ ۲۵) آخری زمانہ میں پیدا ہوئے۔ اس لئے آپ کا اصل ممدوح سیف الدین محمود بن ابراہیم تھا۔ محمود جب عراق بھاگا ہے۔ تو مولانا مسعود بھی ساتھ تھے۔ سلطان ملک شاہ سلجوقی نے مولانا مسعود کو گرفتار کر کے نائے نامی ایک قلعہ میں قید کر دیا۔ آپ نے اپنی رہائی کے لئے وہاں بہت سے قصائد لکھے۔ معافی مانگی مگر رہا نہ ہو سکے۔ آخر بیس برس تک حبس خانہ میں رہنے کے بعد ملک شکاتی کی سفارش سے رہائی ملی۔ روضۃ الادباء (مصنفہ مولانا محمد دین مولوی فاضل مرحوم لاہوری مطبوعہ [illegible]ء) میں مولانا مسعود کے متعلق لکھا ہے۔ سلطان ابراہیم کو جب اس کے جوہر لیاقت کی خبر ہوئی۔ تو بڑی عزت و توقیر سے اُسے بلایا اور کسی شہر کا حاکم بنا دیا۔ اِس تحریر سے دو باتیں معلوم ہوتی ہیں۔ ایک تو یہ کہ مولانا مسعودؒ کے مراتب سلطان ابراہیم نے بلند کئے۔ دوسرے یہ کہ وہ عالم ہونے کے علاوہ مُلکی قابلیت بھی رکھتے تھے۔ اور غالباً غزنی کی طرف کسی شہر کے حاکم تھے۔

مولانا آزاد بلگرامی کی تحریر سے معلوم ہوتا ہے۔ کہ سلطان ابراہیم کے بعد ان کا بیٹا سیف الدین محمود تخت پر بیٹھا۔ اور وہی ان کا مُربی تھا۔ اور اسی کے ساتھ عراق کو بھاگے بھی تھے صاحب روضۃ الادباء لکھتے ہیں۔ سلطان ابراہیم نے ان کی قدر کی مالا مال کیا اور عہدہ عظیم بخشا۔ اب ہمیں ان حالات کی تحقیق کے لئے تاریخ فرشتہ کو دیکھنا پڑا۔ وہاں لکھا ہے۔ کہ سلطان ابراہیم نے بقول بعض سنہ ۴۸۱ھ اور بقول بعض سنہ ۴۹۲ھ میں وفات پائی۔ چونکہ شوکت فعاتی اور بعض اور تاریخوں میں سنہ ۴۹۲ھ ہی کو زیادہ معتبر سمجھا گیا ہے۔ اس لئے اس (بقیہ حاشیہ برصفحہ ۲۸)

زبان میں ایسے اشعار کسی عجمی کے کم ہوتے ہیں۔ مولانا آزاد بلگرامی سبحۃ المرجان میں لکھتے ہیں۔ مولانا کا عربی اور ہندی دیوان اب عنقا ہے۔ فارسی دیوان ملسکتا ہے۔ حدیقۃ السحر کے حوالے سے سبحۃ المرجان میں آپ کے چند اشعار عربی کے درج ہیں۔ میں نے سبحۃ المرجان اپنے مکرم دوست حکیم محمد حبیب الرحمان صاحب (ڈھاکہ) کے پاس (جولائی ۱۹۱۰ء) میں بہ دوران قیام ڈھاکہ دیکھی تھی۔ دس بارہ شعر تھے۔ افسوس ہے۔ ان کے نقل کرنے کا خیال نہ رہا۔ روضۃ الادباء میں بھی دو شعر نظر سے گذرے ہیں۔ وہ ذیل میں درج ہیں:-

ولیل کان الشمس ضلت مجرہا ولیس لہا نحو المشارق مرجع

بہت راتیں گویا آفتاب ان میں اپنا راستہ بھول گیا۔ اور مشارق کی طرف اس کیلئے مرجع نہ رہا۔

(حاشیہ متعلق صفحہ ۴۲) حساب سے ابراہیم کی مدت حکومت ۴۲ سال سمجھنی چاہیئے۔ مولانا مسعود کے باپ اور دادا ابراہیم کے اوائل عہد میں آئے تھے۔ مولانا مسعود لاہور ہی میں پیدا ہوئے۔ اس حساب سے سلطان ابراہیم کے عہد میں ضرور ان کے علم و فضل کی قدر ہوئی ہو گی۔ پھر مولانا بلگرامی لکھتے ہیں۔ ان کا اصل ممدوح سیف الدین محمود بن ابراہیم تھا۔ لیکن تاریخ بتاتی ہے۔ کہ ابراہیم کے بعد اس نام کا کوئی بادشاہ تخت غزنی پر نہیں بیٹھا۔ چنانچہ ابراہیم کے بعد غزنوی خاندان کے جو بادشاہ گذرے ہیں۔ اُن کے نام حسب ذیل ہیں:-

علاء الدولہ مسعود بن ابراہیم (۴۹۲ھ سے ۵۰۸ھ تک) سلطان الدولہ ارسلان شاہ بن مسعود بن ابراہیم (تین سال تک) معز الدولہ بہرام شاہ بن مسعود بن ابراہیم ۵۱۱ھ سے ۵۴۷ھ تک ۳۵ سال) اس کے بیٹے خسرو شاہ کو سلطان شہاب الدین غوری نے افغانستان سے نکال دیا۔ اور وہ پنجاب چلا آیا۔

معلوم نہیں۔ مولانا آزاد نے مولانا مسعود کا واقعہ عراق بھاگنے اور وہاں قید ہونے اور ابراہیم کے بعد سیف الدین محمود کی تخت نشینی کا کہاں سے لیا ہے۔

فقلت لقلبی طال لیلی ولیس لی ۔ من الہم منجاۃ و فی القلب مفزع

میں نے اپنے دل سے کہا کہ اب میری رات لمبی ہو گئی ہے اور مجھ کو غم سے نجات نہیں ملی اور آنکھوں میں فزع ہے

مولانا حسن الصغانی۔ صغانی اس لئے مشہور تھے۔ کہ ان کے کوئی بزرگ صغان (ماوراء النہر) سے آئے تھے۔ نسباً فاروقی تھے۔ فقہ اور حدیث میں ان کا بہت بڑا درجہ ہے۔ ۱۰ صفر ۵۷۷ھ کو جمعرات کے دن لاہور میں پیدا ہوئے۔

مبارک الاثار میں لکھا ہے۔ کہ اپنے والد سے علوم حاصل کرنے کے بعد ۶۱۵ھ میں بغداد گئے۔ اور عرصہ دراز تک وہاں رہے۔ جہاں آپ نے علم و فضل اور تصنیف و تالیف میں بہت شہرت حاصل کی۔ آپ نے بہت سی کتابیں لکھیں۔ چند کتابوں کے نام ذیل میں درج ہیں۔ کتاب الشوارد (لغات) شرح القلادہ السمطیہ کتاب الافتعال۔ کتاب العروض۔ مشارق الانوار (جس کا ترجمہ فارسی میں بھی ہو چکا ہے) مصباح الدجیٰ اور شمس المنیرہ اور شرح حدیث بخاری اور درۃ السحابۃ کتاب الفرائض (حدیث میں) کتاب العباب (لغت میں) مکہ بھی گئے اور بغداد اور عدن کی طرح وہاں کے علماء سے بھی حدیث کی سندات حاصل کیں۔ اپنے وقت کے امام الحدیث اور بہت بڑے متقی اور پرہیزگار تھے۔ بعہد خلیفہ مستعصم ۶۵۰ھ میں بغداد میں انتقال کیا۔ آپ کی وصیت تھی۔ کہ مکہ میں مجھے دفن کیا جائے۔ اور جو لوگ میری میت کو لیجائیں۔ اُن کو پچاس پچاس دینار دیئے جائیں۔ چنانچہ وصیت پر عمل ہوا۔ اور آپ مکہ میں دفن کئے گئے۔ مولانا آزاد بلگرامی لکھتے ہیں۔ مولانا حسن نے مشارق الانوار کے دیباچہ میں مکہ میں دفن ہونے کی دُعا کی ہے۔ جو آخر منظور و قبول ہو گئی۔

شیخ محمد اسمٰعیل محدث۔ سلطان مسعود غزنوی کے آخر زمانہ ۳۹۵ھ میں بخارا سے لاہور آئے۔ سادات عظام میں سے تھے۔ حدائق الحنفیہ میں لکھا ہے۔ کہ واعظان اسلام میں سے سب سے پہلے آپ ہی لاہور تشریف لائے۔ پہلے جمعہ کو جب آپ منبر وعظ پر بیٹھے۔ تو دو سو سے زیادہ آدمی مسلمان ہو گئے۔ اور اسی طرح روز بروز

تعداد بڑھتی گئی۔ علوم فقہ۔ حدیث و تفسیر میں امام اور جامع علوم ظاہری و باطنی تھے سنہ [illegible]ھ میں بمقام لاہور وفات پائی ۔

داتا گنج بخش ہجویری لاہوری۔ جامع علوم ظاہری و باطنی اور عابد زاہد متقی تھے۔ اپنے مرشد کے ایماء سے سنہ ۴۳۱ھ میں بعہد سلطان مسعود اول غزنوی غزنی سے لاہور آئے۔ ہجویر اور جلاب غزنی کے دو محلہ کا نام ہے۔ اس لئے آپ ہجویری اور جلابی کے نام سے بھی مشہور ہیں۔ شیخ ابوالفضل بن حسن ختلی جنیدی شیخ ابوالقاسم گورگانی۔ ابوسعید ابوالخیر اور ابوالقاسم قشیری محدث کے صحبت یافتہ تھے۔ لاہور میں آکر ہزارہا گم کردگان راہ حق کو راہ راست پر لائے۔ بڑے بڑے علماء و فضلاء آپ کی خدمت میں رہ کر سعادت دارین حاصل کرتے رہے۔ سنہ [illegible]ھ میں لاہور ہی میں اپنی تعمیر کردہ خانقاہ میں مدفون ہوئے۔ لاہور میں جس قدر آپ کے مزار پر اہل حاجات کا رجوع ہے اس قدر اور کہیں نہیں ہے۔ آپ کے مفصل حالات میں ایک الگ کتاب بنام سوانح عمری داتا گنج بخش رح موجود ہے۔ جو راقم سطور ہذا ہی کی لکھی ہوئی ہے۔ حضرت خواجہ معین الدین چشتی اجمیری اور بابا فرید الدین شکر گنج رح آپ کے مزار اقدس پر چلہ کش رہے ہیں۔ آپ کے مزار پر سلطان ابراہیم غزنوی اور سلطان شمس الدین التمش کے ہاتھوں کے قرآن شریف لکھے ہوئے موجود ہیں جو یہاں بطور نذر چڑھائے گئے تھے ۔

سید عبداللہ بن سید عبدالخالق۔ ان کے والد ماجد سید عبدالخالق بھاکر یا بھکر کے سادات عظام میں سے تھے۔ فقیہہ۔ محدث۔ جامع علوم عقلیہ و نقلیہ۔ تمام عمر تدریس فقہ و حدیث و تفسیر میں گذار دی۔ کسی سائل کو کبھی اپنے دروازہ سے خالی نہ بھیجا۔ سنہ [illegible]ھ میں وفات پائی۔ روضہ سید جان محمد حضوری کے قریب میں متصل گذھی شاہو دفن ہوئے۔

مولانا سعداللہ لاہوری مولانا۔ [illegible] جامع کے بیٹے تھے۔ تاریخ [illegible] میں لکھا ہے کہ اپنے وقت کے فاضل اجل تھے۔ تاریخ [illegible] سے معلوم ہوتا ہے کہ مولانا

سعد اللہ نے اپنے زمانہ کے حالات و واقعات بھی قلمبند کئے تھے۔ چنانچہ ملتان کے
حالات میں کئی جگہ تاریخ فرشتہ میں لکھا ہے کہ مولانا سعد اللہ بیان کرتے ہیں
لکھتے ہیں نقل کرتے ہیں وغیرہ وغیرہ۔ جب میرزا شاہ حسین ارغون نے شاہ حسین
ثانی والئی ملتان پر حملہ کیا ہے۔ تو مولانا سعد اللہ اس وقت قلعہ کے محصورین میں تھے
لکھتے ہیں۔ میرزا نے چاروں طرف سے درآمد برآمد کے راستے بند کر دئے تھے۔ آخر نوبت
یہاں تک پہنچی۔ کہ اہل قلعہ کتے اور بلیاں کھانے لگے۔ ایک سال چند ماہ کے بعد
آخر میرزا کامیاب ہو گیا۔ میرزا کے مظالم کے حالات میں لکھتے ہیں۔ کہ سات برس
کے بچے سے لے کر ستر برس کے بوڑھے تک جس شخص پر صاحب دولت ہونے
کا گمان گذرا۔ اس کی خانہ تباہی کر دی۔ میرے مکان میں بھی داخل ہوئے اور سب
کچھ لوٹ لیا۔ اپنے متعلق وہ لکھتے ہیں۔ کہ مجھے اور میرے باپ کو صرف ہمارے علم و
فضل کی وجہ سے رہائی ملی۔ یہ زمانہ بابر کے آغاز حکومت کا تھا ؎

ملا عبد السلام لاہوری۔ عالم اجل فاضل اکمل فقیہ اور مفسر تھے۔ ملا فتح اللہ
شیرازی صاحب تفسیر (متوفی ۹۹۷ھ) کے ارشد تلامذہ سے تھے۔ تفسیر بیضاوی کے
نہایت برجستہ حاشئے آپ کی یادگار ہیں۔ ۱۰۳۷ھ میں لاہور ہی میں وفات پائی۔ ملا
عبد السلام دیوہ آپ ہی کے شاگردوں میں سے تھے۔ میرک شیخ ہروی جو قاضی محمد اسلم کا
برادر زادہ تھا۔ بعہد جہانگیر خراسان سے لاہور آکر آپ کے تلامذہ میں داخل ہوا۔ میرک
شیخ ہروی حصول تعلیم کے بعد پہلے شہزادہ دارا شکوہ اور دیگر شاہزادگان کی تعلیم پر متعین
ہوا۔ پھر شاہجہان کے جلوس اول میں بادشاہ بیگم کا دیوان اور دو ہزاری دو صد سوار
کا منصب دار ہو گیا۔ بعہد اورنگ زیب صدارت کل (صدر الصدور) رہا۔ ۱۰۸۱ھ
میں وفات پا گیا۔ ملا عبد السلام لاہوری کا درس بقول صاحب مآثر الامراء پچاس سال
تک جاری رہا۔ کچھ عرصہ تک قضا کا کام بھی سرکاری طور پر اس کے سپرد رہا۔ مولانا
عبد السلام کے متعلق طبقات اکبری میں لکھا ہے بڑے عالم تھے۔ مرآۃ میں لکھا ہے بڑے
فقیہ تھے۔ نوے برس سے زیادہ عمر پائی۔ شاہجہان کے سال اول جلوس میں فوت ہوگئے ؎

مولانا بہلول۔ لاہور کے مشہور عالم تھے۔ اکبر کے اواخر اور جہانگیر کے ابتدائے عہد میں آپ کا نام تاریخوں میں دیکھا جاتا ہے۔ مآثر الامراء جلد سوم میں لکھا ہے کہ مولانا بہلول لاہور کے مشاہیر علماء میں سے تھے۔ قاضی محمد اسلم آپ کے مشہور شاگردوں میں سے ہے۔ یہ وہی قاضی محمد اسلم ہیں۔ جن کا بیٹا میر زاہد علم کلام و حکمت میں لاثانی گذرا ہے۔ اور جس نے شرح مواقف اور بہت سی دقیق کتابوں پر مفید حاشئے لکھے ہیں شاہجہان نے قاضی محمد اسلم کا تلدان بھی کیا۔ اور آخر میں کابل میں دس ہزار کی جاگیر بھی دی تھی۔ آغاز سنہ ۱۰۶۱ھ میں محمد اسلم نے کابل میں وفات پائی حدائق الحنفیہ میں لکھا ہے۔ کہ وفات لاہور ہی میں ہوئی تھی۔

مولانا منہاج۔ تحصیل علم کے زمانہ میں آٹا اور تیل بازار اور شہر سے بھیک کے طور پر مانگ لاتے۔ آٹے کا چراغ بناکر اور تیل اس میں ڈال کر رات کو اس کی روشنی میں مطالعۂ کتب کرتے۔ اور دن کو اسی آٹے کی روٹی پکا کر تناول کرتے۔ اور تمام دن رات اسی پر اکتفا کرتے۔ یہاں تک کہ عالم فاضل ہوگئے۔ سلطان بہلول لودھی کے عہد میں دہلی کے مفتی تھے۔ وفات آپ کی دہلی ہی میں ۹۳۲ھ میں ہوئی۔ حوض شمسی پر متصل خانقاہ ملک زین الدین مدفون ہوئے۔

مولانا شعیب۔ مولانا منہاج کے بیٹے تھے۔ عالم باعمل فقیہ فاضل۔ واعظ بے نظیر۔ جب وعظ کہتے یا قرآن پڑھتے کسی کی مجال نہ تھی۔ کہ بغیر وہاں کھڑا ہونے کے آگے گذر جائے۔ باپ کے ساتھ دہلی چلے آئے تھے۔ اکثر اکابر اور علمائے دہلی آپ سے استفادہ کرتے تھے۔ آپ کے تلامذہ میں اکثر بڑے بڑے آدمی بھی تھے۔

میر محمد رضا۔ مثنوی مولانا روم کے شارح تھے۔ بعہد شہنشاہ شاہجہان خان جہان بہادر ظفر جنگ کوکلتاش کے ہمراہ منصبداری کے عہدہ پر دکن میں تعینات تھے۔

ملا محمد فاضل لاہوری۔ گیارھویں صدی ہجری کے علمائے لاہور میں

آپ نامی عالم گذرے ہیں آپکے درس میں دور دور سے لوگ آتے تھے۔

خواجہ بہاری۔ ملا محمد فاضل لاہوری کے شاگردوں میں تھے۔ علوم فقہ و حدیث و تفسیر کے عالم۔ اور واقف اسرار حقائق بہار سے لاہور میں آئے۔ اور ملا محمد فاضل لاہوری سے دستار فضیلت حاصل کی۔ آپ ملا محمد فاضل ہی کے گھر میں بھی رہتے تھے۔ آخر میں حضرت میاں میرؒ کے مریدوں میں داخل ہو کر خلفائے اعظم میں شمار ہوئے [illegible] میں بزمانۂ شاہجہان بمقام لاہور وفات پائی۔

شاہ رضا قادری شعاری لاہوری کے نام سے مشہور ہیں۔ علوم ظاہری میں صاحب فتوے اور علوم باطنی میں اہل ارشاد تھے۔ مشائخ متاخرین میں فتوحات ظاہری و باطنی کے آپ بادشاہ تھے۔ وفات ۱۲۔ جمادی الاول [illegible] کو ہوئی مزار آپ کا لاہور میں ہے۔

شیخ جان محمد لاہوری۔ شریعت فقہ اور حدیث میں عالم کامل، ورع و تقویٰ و معرفت میں مقتدائے زمانہ تھے۔ لاہور کے محلہ پرویز آباد میں جس کی آبادی شہر سے باہر تھی اور جہاں اب گڑھی شاہو آباد ہے۔ رہتے تھے۔ صغر سنی میں شیخ عبد الحمید خلیفہ شیخ اسماعیل المعروف بہ میاں وڈّا (کلاں) لاہوری سے علم حاصل کیا۔ ایک دن میاں صاحب نے آپ کو کہا۔ اے لڑکے اگر تو عالم فاضل اور صاحب تحصیل ہو جائے تو کیا ہمارے ساتھ احادیث میں بحث کیا کریگا۔ آپ ادب اور شرم و حیا کی وجہ سے خاموش رہے۔ اس پر شیخ عبد الحمید نے آپ سے کہا۔ کہو اگر آپ کی توجہ سے تحصیل علم میں فائز المرام ہو جاؤں۔ تو آپ کی خدمت میں حاضر ہونگا۔ چنانچہ آپ نے حضرت میاں صاحب سے یہی طرح عرض کیا۔ میاں صاحب نے ہاتھ اٹھا کر آپکے حق میں دعا کی جو درجۂ اجابت کو پہنچی۔ شیخ عبد الحمید نے جب دیکھا۔ کہ اس نوجوان شاگرد کا طائر ہمت بلند پروازی میں ہے۔ اور ان کی علمی طاقت مجھ سے زیادہ ہو گئی ہے تو آپ کو رخصت کر کے شیخ تیمور کے درس میں داخل کیا۔ جو اس وقت لاہور کے اکابر علماء میں سے تھے۔ شیخ جان محمد نے [illegible] تحصیل کرتے رہے۔ بلکہ دستار فضیلت

بھی آپ نے مولانا شیخ تیموری کی درسگاہ سے حاصل کی تھی۔ آخر میں تاحیات میاں وڈا صاحب سے احادیث کا تکرار فرماتے رہے۔ ۱۱۲۲ھ میں وفات پائی۔ پہلے محلہ پرویز آباد میں دفن ہوئے۔ چند سال کے بعد حضرت میاں وڈا صاحب کے احاطہ مزار میں دفن کیے گئے۔

مولانا ابراہیم جامع - لاہور کے نامی علماء میں تھے۔ پچپن سال تک مسند فیض رسانی پر متمکن رہے۔ منطق۔ فلسفہ، معقول و منقول، حدیث و فقہ سب میں ید طولیٰ حاصل تھا۔ ہزارہا طلبا آپ کی درسگاہ سے مستفید ہوئے۔ تاریخ فرشتہ کے مقالہ سلاطین ملتان میں آپ کا تذکرہ مندرج ہے۔ آخر عمر میں اپنے بیٹے مولانا سعد اللہ کے پاس ملتان میں رہتے تھے۔ اور درس تدریس وغیرہ سے کنارہ کش ہو کر کنج تنہائی میں زندگی بسر کرتے تھے۔ جب ۹۳۲ھ میں شاہ حسین ثانی بن شاہ محمود لنگاہ والئی ملتان پر میرزا شاہ حسین ارغون نے حملہ کیا۔ تو یہ بھی قید ہو گئے۔ چونکہ صاحب رسوخ و اقتدار تھے۔ عمارات عالیشان تھیں۔ اور شہر کے نامی رئیس تھے۔ اس گمان پر ان کو گرفتار کر کے میرزا اور اس کے وزیر کے حضور میں لائے۔ مولانا ابراہیم کا بیٹا مولانا سعد اللہ لکھتا ہے۔ باپ کی گرفتاری کے بعد میری نوبت بھی آئی۔ جب میں وزیر کے پاس پہنچا۔ تو اُس کے حکم سے میرے پاؤں میں بیڑیاں ڈالی گئیں۔ مولانا سعد اللہ لکھتے ہیں۔ مجھے اپنا تو اتنا فکر نہیں تھا۔ لیکن اپنے بوڑھے باپ کی ذلت و اہانت دیکھ کر میں زار زار روتا تھا۔ وزیر نے قلمدان طلب کیا۔ میرے دل میں خیال آیا کہ الٰہی اگر وزیر نے کچھ لکھنا ہے۔ تو تجدید وضو کر کے لکھے۔ خدا کی قدرت۔ وزیر اُسی وقت اُٹھ کر چلا گیا۔ اس وقت اس جگہ میں اور میرے باپ کے سوا وہاں کوئی نہ تھا۔ میں چوکی کے قریب پہنچا۔ اور اس پرچہ کاغذ پر جو وزیر نے لکھنے کے لیے باہر رکھا تھا۔ قصیدہ بُردہ کا یہ بیت جا کر لکھ دیا

لَمَّا یُعِیۡنُکَ اِنۡ قُلۡتَ اَلۡقِمَنَا شَمَّا — وَمَا یَقۡلِبُکَ اِنۡ قُمۡتَ یَسۡتَفۡتِحُ بِھِمِ

وزیر نے واپس آکر جب یہ شعر دیکھا۔ پہلے تو حیران ہوا۔ کہ کس نے لکھا۔ اور کس کو جرأت ہوئی۔ آخر مجھ سے پوچھا۔ کیا تم نے یہ شعر لکھا ہے؟ میں نے اثبات میں جواب دیا۔ پھر اس نے میرا حال پوچھا۔ میں نے اپنی اور اپنے باپ کی کیفیت بیان کی۔ وزیر میرے باپ کے ساتھ ادب سے پیش آیا۔ اپنے ہاتھ سے بیڑیاں میرے پاؤں سے علیحدہ کیں اور پیراہن جو پہنے ہوئے تھا۔ مجھے عنایت کیا۔ اور اسی وقت سواری میں بٹھا کر میرزا شاہ حسین کے دیوان خانہ میں لے گیا۔ میرے باپ کے علم و فضل کا بیان کیا۔ میرزا کے طلب کرنے پر وہ اندر آئے۔ اس وقت میرزا کی مجلس میں ہدایہ فقہ کا ذکر ہو رہا تھا۔ میرزا نے ایک خلعت مجھے اور ایک میرے والد کو عطا کیا۔ میرے والد نے میرزا کے حکم سے باوجود اس تردد اور پریشانی کے فقہ کا بیان اس وضاحت و صراحت سے کیا۔ کہ حضار مجلس دنگ رہ گئے۔ میرزا نے حکم دیا۔ کہ مولانا کا اثاث البیت جس قدر غارت ہوا ہے۔ سب بہم پہنچایا جائے۔ اور جو کمی رہ جائے۔ وہ خزانہ سے پوری کی جائے۔ پھر مولانا ابراہیم سے کہا۔ میری مصاحبت اور ہمراہی اگر آپ قبول فرمائیں گے۔ تو میری اس سے عزت افزائی ہوگی۔ مولانا نے کہا۔ اب حیات مستعار اپنے آخری لمحوں پر ہے (بقول استاد داغ)

اب داغ کا وہ حال ہے دم جیسے ہو باقی
خورشید لب بام میں یا شمع سحر میں

اب وقت آخرت کے سفر کا ہے نہ بادشاہوں کی ہمسری کا چنانچہ اس واقعہ کے دو مہینے کے بعد ۹۲۲ھ میں ملتان ہی میں انتقال فرمایا۔

حاجی یار محمد: عالمگیر اور اس کے بیٹے شاہ عالم بہادر شاہ کے زمانہ میں فضلائے لاہور میں سب سے زیادہ ممتاز تھے۔ بہادر شاہ[1] نے اپنے سلل

---

[1] بہادر شاہ ان دنوں لاہور میں مقیم تھا۔ اور تعجب ہے۔ کہ عالم فاضل ہو کر بعض ایسی خفیف حرکتیں کرتا تھا۔ جس سے ہندوؤں اور مسلمانوں کو رنج ہوتا تھا۔ بلکہ جانوروں تک کو بھی تکلیف

جلوس چہارم میں ۱۱۲۱ھ کو بعض امامیہ علماء کے ایماء سے خطبہ میں حضرت علیؓ کے نام کے ساتھ "علی ولی اللہ وصی رسول اللہ" داخل کرنا چاہا۔ علمائے اہل سنت نے اس پر ایک شور عظیم برپا کیا۔ یہاں تک کہ شہر میں شورش پیدا ہو گئی۔ بادشاہ ان دنوں خود لاہور میں موجود تھا۔ اس نے شہزادہ عظیم الشان کو ایک خطیب کے ساتھ جامع مسجد میں بھیجا۔ کہ جدید خطبہ وہاں پڑھا جائے خطیب ابھی مسجد میں داخل ہوا ہی تھا۔ کہ کسی نے اس کا سر تن سے جدا کر دیا۔ بادشاہ کو خبر ہوئی۔ اس نے علمائے اہل سنت کے دو تین مولویوں کو جن میں سب سے بڑے حاجی یار محمد اور محمد مراد تھے۔ بلوایا۔ بادشاہ نے مسئلہ گفتگو چھیڑا۔ حاجی یار محمد نے بادشاہ کی ہر بات کا گستاخانہ اور بیباکانہ رد کیا۔ بادشاہ نے برآشفتہ ہو کر کہا تو بادشاہوں کے غضب سے نہیں ڈرتا۔ کہ اس جرأت اور جسارت سے کام لے رہا ہے۔ حاجی یار محمد نے کہا۔ مجھے خداوند کریم سے چار چیزوں کی خواہش رہی ہے تحصیل علم۔ حفظ کلام اللہ۔ حج اور شہادت۔ الحمد للہ۔ تین نعمتوں سے بہرہ ور ہوں۔ شہادت کی آرزو باقی ہے۔ کیا عجب ہے۔ بادشاہ کی توجہ سے کامیاب ہو جاؤں۔ تاریخ ہندوستان جلد نہم (مولوی ذکاء اللہ) میں لکھا ہے۔ کہ حاجی یار محمد کی فضیلت و عزت شہر بلکہ سارے پنجاب میں اس قدر تھی۔ کہ ایک لاکھ آدمی اس شورش میں اس کے ساتھ تھا۔ آخر بہادر شاہ نے مجبور ہو کر جدید خطبہ

دیتا تھا۔ چنانچہ لاہور میں اس نے سنگ کشی کا حکم بھی دیا۔ سینکڑوں اور ہزاروں گھتے بادشاہی حکم سے مارے گئے۔ لاہور میں ایک عظیم الشان دربار بھی کیا تھا۔ جس میں شہزادگان [illegible] اور وزراء امراء کے علاوہ اور لوگ بھی تھے۔ شاہجہان کا شاہی خیمہ دل بادل بھی اس موقعہ پر استعمال کیا گیا تھا۔ لاہور کا شاہ عالمی دروازہ اسی بادشاہ کے نام پر ہے۔ بادشاہ کا انتقال بھی لاہور ہی میں ۲۸۔ فروری ۱۷۱۲ء کو ہوا تھا۔ (از تاریخ لاہور انگریزی خان بہادر جج محمد لطیف مرحوم)

کا خیال چھوڑ دیا۔ اور وُہی خطبہ رکھا۔ جو عالمگیر کے زمانہ سے جاری تھا۔ لیکن بادشاہ کے دل میں چونکہ گرہ بیٹھ گئی تھی۔ اس لئے اس نے موقعہ پاکر حاجی یار محمد اوردو اور علمائے لاہور کو جن سے وہ آشفتہ خاطر تھا۔ قلعہ میں نظر بند کر دیا۔

شیخ تیمور۔ یہ وُہی بزرگ ہیں۔ جن کا تذکرہ شیخ جان محمد کے حالات میں آچکا ہے۔ عالم متبحر اور یگانۂ عصر تھے۔ ان کی درسگاہ سے بے شمار طالبانِ علم کو فائدہ پہونچا۔ لاہور کے مشہور شیخ حامد قاری بھی آپ کے مریدوں اور شاگردوں میں تھے۔

مولانا محمد عابد۔ علم و عمل اور ورع و تقوے میں علمائے عصر اور اولیائے وقت پر سبقت لیگئے تھے۔ آپ کے حلقہ مجلس میں دوسو علماء و صلحاء روزانہ بیٹھتے تھے۔ آپ لاہور سے حرمین شریفین تک پاپیادہ پہونچے ہیں۔ آپ صاحبِ تصانیف تھے۔ فارسی اور عربی میں کئی کتابوں کی شرح اور حاشیئے لکھے ہیں ۱۸ ماہ رمضان سنہ ۱۱۶۰ھ کو وفات پائی۔ اور لاہور میں دفن ہوئے۔

مولانا محمد صدیق بن محمد حنیف بن محمد لطیف۔ عالم۔ فاضل فقیہ اور محدث اور اعلےٰ درجہ کے ادیب اور اہلِ قلم تھے۔ آپ کے آباؤ اجداد کابل سے آکر مسجد وزیر خان لاہور کے امام ہو گئے۔ ۲۹ محرم یوم دوشنبہ ۱۱۲۸ھ (۱۷۱۶ء) کو بعہد فرخ سیر آپ لاہور میں پیدا ہوئے۔ پانچ سال کی عمر میں مولانا محمد عابد صاحب تعلیقات تفسیر بیضاوی سے جن کا ذکر اُوپر آچکا ہے۔ بسم اللہ شروع کی۔ بعد میں اور علمائے وقت سے جن میں مولانا محمد عابد مرزا مظہر اللہ۔ ملا حفیظ اللہ۔ مولوی عبداللہ۔ ملا ظہور اللہ اور مولانا شہریار قابلِ ذکر ہیں فقہ و حدیث وغیرہ علوم معقول و منقول کی تکمیل کی۔ آپ حدیث کی سند علمائے مکہ و مدینہ سے بھی ۱۱۴۰ھ میں لائے۔ بہت سی کتابیں آپنے تصنیف کیں۔ جو فقہ و حدیث اور تفسیر میں ہیں ان میں ایک کتاب ایسی بھی ہے۔ جو فیضی کی بے نقط تفسیر "موارد الکلم" کے مقابلہ میں بے نقط لکھی ہے۔ یہ کتاب آپ نے ۱۱۸۰ھ میں تصنیف کی تھی۔ وفات آپکی ۱۱۹۳ھ (۱۷۸۲ء) میں بعہد تیمور شاہ درانی ہوئی۔

مفتی محمد باقر۔ ان کا خاندان قدیم شاہان اسلام کے زمانہ سے ممتاز و معزز چلا آتا تھا اس زمانہ میں شہر کے چار حصے کر کے اس میں چار مفتی مقرر کئے جاتے تھے۔ اور آخر میں ان سب پر ایک قاضی مقرر ہوتا تھا۔ مقدمہ پہلے مفتی کے پاس آتا تھا۔ یہاں سے تکمیل کے بعد محکمہ افتا میں تحریر رائے و حکم کے لئے قاضی کی خدمت میں جاتا اور وہاں سے حکم اخیر نافذ ہو جاتا تھا۔ مفتی محمد باقر شاہجہان کے زمانہ میں لاہور کے ایک حصہ کے مفتی تھے۔ علم و فضل گھر کی میراث تھا۔ اس لئے سرکار و دربار میں بڑی عزت سے دیکھے جاتے تھے عالیشان مکانات کے مالک تھے لیکن اب نہ مکانات کا پتہ ہے نہ اولاد کا۔ صرف ایک یادگار باقی ہے جس کا نام چونہ مفتی محمد باقر ہے۔

شیخ مخدوم۔ محمد تغلق شاہ دہلی کے عہد میں ملتان سے لاہور آئے۔ اور عہدہ افتا پر مامور ہوئے۔ شیخ بہاؤالدین ذکریا کی اولاد اور خود صاحب علم و فضل ہونے کی وجہ سے شہر میں بڑی عزت و وقعت کی نظر سے دیکھے جاتے تھے۔ بیبت پورپتی (پرگنہ قصور) جس کو اب پٹی کہتے ہیں۔ جاگیر میں ملا تھا۔ محلہ علاول خاں لوہانی (اب محلہ ساوھواں) میں خاص اپنا محلہ آباد کیا۔ جو کوٹلی مفتیاں کے نام سے مشہور ہے۔ اس کے بیٹے مفتی شیخ کمال الدین قریشی نے اپنے علم و فضل اور سلوک نیک کی وجہ سے باپ سے بھی زیادہ عزت حاصل کی۔

شیخ کمال الدین قریشی۔ سلطان بہلول لودہی کے زمانہ میں اس نامور عالم نے ایک مسجد محلہ کوٹلی مفتیاں میں تعمیر کی۔ صحن مسجد کا بہت فراخ رکھا۔ تاکہ درس گاہ کا کام دے۔ اور حجرے بہت بنوائے تاکہ طلبا اور درویش اس میں رہ سکیں۔ چھ پشت تک اس کی اولاد اسی مسجد میں درس دیتی رہی۔ سکھوں کی غارت نے اس محلہ کو اجاڑ دیا مہاراجہ رنجیت سنگھ کے زمانہ میں کچھ آباد ہوا

مفتی شیخ مکرم۔ مفتی شیخ کمال الدین قریشی کی اولاد سے تھے۔ یہ خاندان صدہا سال سے اسی عہدہ پر چلا آتا تھا۔ جب احمد شاہ درانی پنجاب کا بادشاہ ہوا۔ اور لاہور میں آیا۔ تو اس وقت بھی شیخ مکرم لاہور کے مفتی تھے۔ بادشاہ نے ایک فرمان شاہی محررہ

۱۰ رمضان المبارک سنہ ۱۱۷۰ھ کے رُو سے آپ کے صاحب افتا ہونے کی تجدید کی۔ اور خلعت عطا فرمایا۔

مفتی رحمت اللہ۔ یہ بھی شیخ کمال الدین قریشی کے نامی خاندان سے تھا۔ مفتی رحمت اللہ لاہور کا ایک عالم جید گذرا ہے۔ اس نے بجائے فتاویٰ جاری کرنے کے اپنا درس جاری کیا تھا۔ جہاں شہر کے ہندو مسلمان پڑھتے تھے۔ اس کے بیٹوں کے زمانہ میں لاہور سکھوں کی دستبرد سے تباہ ہو چکا۔ اور رعایا ۲½ سیری قحط کی وجہ سے لاہور سے بھاگ رہی تھی۔ یہ خاندان بھی اسی زمانہ میں تباہ ہو گیا۔ ان کے مکانات لوٹے اور تباہ کئے گئے۔ مفتی غلام سرور لاہوری کا مشہور مصنف اور شاعر اسی خاندان سے تھا۔ جس کے انتقال کو قریباً بیس سال گذر چکے ہیں۔

خواجہ ایوب۔ مفتی محمد تقی (مفتی شیخ مکرم کے پڑدادا کا باپ اور مفتی کمال الدین کے پڑپوتے کا دادا) تھا۔ بڑا عالم فاضل۔ عربی فارسی کا جید مصنف۔ مثنوی مولانا روم کی ایک شرح اس نے فارسی میں لکھی ہے جس کی تاریخ ہے "طرفہ شرح مثنوی جانفزا"

شیخ محمد طاہر بندگی (حضرت مجدد الف ثانی سرہندی ؒ کے مرید تھے۔ علم و فضل کے ساتھ فقر و تصوف کی چاشنی بھی رکھتے تھے۔ اس زمانہ میں ہندوستان کی حکومت شہنشاہ جہانگیر کے قبضہ اقتدار میں تھی۔ مزنگ کے قریب آ کر قیام کیا۔ ہزار ہا لوگ مرید و معتقد ہو گئے۔ چونکہ علوم ظاہری و باطنی میں صاحب کمال تھے۔ اس لئے ایک مدرسہ بھی جاری کیا۔ جہاں علوم فقہ۔ حدیث و تفسیر طلبا کو مفت پڑھایا جاتا تھا۔ یہ مدرسہ کئی سال تک جاری رہا۔ اور افسوس ہے کہ آپ کی وفات ۱۵ محرم ۱۰۴۰ھ/۱۶۳۰ء کے بعد یہ مدرسہ جاری نہ رہا۔ حضرت شیخ محمد طاہر کی زندگی ہی میں ان کے فقر و تصوف اور مدرسہ کے اجرا کی وجہ سے یہاں عالیشان بستی قائم ہو گئی تھی۔ جس کا نام میانی اس وجہ سے مشہور ہو گیا کہ پنجابی زبان میں میاں، مُلا اور مولوی کو کہتے ہیں۔ یہاں ایک قیمتی کتب خانہ بھی تھا۔ جب سکھوں نے مزنگ کو لوٹا۔ تو میانی کو بھی تباہ کیا گیا۔ تاریخ لاہور (مصنفہ رائے کنہیا لعل لاہور) میں لکھا ہے۔ کہ ان بگڑوں نے ہزاروں کتابیں جنس ناکارہ سمجھ کر باہر

پھینک دیں۔ اور چونکہ اس محلہ سے جہاں درویش اور عالم لوگ رہتے تھے۔ ان کو کچھ نہ
سکا۔ اس لئے غصہ کے مارے محلہ کو آگ لگا دی۔ اور بالکل خاکستر کر دیا۔ شیخ محمد طاہر
بندگی کا مزار مرجع خلایق ہے۔ اور ان کے مدرسہ کی عمارت ۱۲۳۳ھ تک کسی قدر موجود
تھی۔ محلہ سیانی کی ویرانی کے بعد لوگوں نے اس کو قبرستان بنالیا۔ جو آج تک بطور قبرستان
ہی چلا آتا ہے۔ تذکرہ مجددیہ آپ کی تصنیفات سے ہے۔ جس میں آپ کے وہ خطوط درج
ہیں۔ جو آپ نے حضرت شیخ مجدد الف ثانی رح اپنے مرشد کو لکھے تھے۔

منشی عنایت اللہ مصنف بہار دانش۔ بہار دانش بہت پرانی اور بہت
مشہور کتاب ہے۔ زمانہ قدیم میں تمام مدارس میں اس کی تعلیم جاری تھی۔ اب بھی
یہ کتاب مقبول عام ہے۔ اس کے ترجمے انگریزی اور اردو میں بھی موجود ہیں۔ بہت
کم لوگوں کو یہ معلوم ہے کہ اس نامور کتاب کا مصنف شہر لاہور ہی کا رہنے والا تھا۔
عنایت اللہ قوم کا کمبوہ تھا۔ اور اپنی علمی فضیلت کی وجہ سے دربار شاہجہانی میں نہایت
عزت کی نظر سے دیکھا جاتا تھا۔ صوبہ لاہور بھی بہ تعظیم و تکریم پیش آتا تھا۔ محمد صالح
کمبوہ مصنف عمل صالح (تاریخ عہد شاہجہان) اسی کا داماد اور بھانجہ تھا۔ عنایت اللہ
عہدہ کے لحاظ سے صوبہ لاہور کے دفتر میں سردفتر امیر منشی تھا۔ ۱۰۷۵ھ میں بعہد
عالمگیر انتقال کر گیا۔ شیخ محمد صالح نے اس کا عالیشان مقبرہ تیار کرایا۔ اب مقبرہ کی بجائے
ایک کوٹھی ہے۔ اور اس میں صاحبان انگریز رہتے ہیں۔

شیخ محمد صالح کمبوہ۔ لاہور کے نامور عالموں میں تھا۔ اس کی طباعی و ذہانت اور
قابلیت سارے ہندوستان میں مسلمہ تھی۔ صوبہ لاہور کا دیوان تھا۔ اور اپنے علم و
فضل کی وجہ سے شاہجہان کے دربار تک رسائی رکھتا تھا۔ عمل صالح اس کی ایک
مشہور اور معتمد و مستند کتاب ہے۔ جس میں عہد شاہجہانی کے واقعات مندرج ہیں۔
اس نے ایک خوبصورت مسجد ہزارہا روپیہ کے صرف سے موچی دروازہ کے اندر
بنائی۔ جو باوجود پونے تین سو سال گذرنے کے اب تک اپنے نقش و نگار اور رنگینی
کی وجہ سے نئی نظر آتی ہے۔ یہ مسجد ۱۰۶۹ھ میں اختتام کو پہنچی تھی۔ ۱۰۸۰ھ میں

بزمانہ اورنگ زیب محمد صالح کا انتقال ہو گیا۔ اور اپنے آبائی مقبرہ میں منشی عنایت اللہ
کے پہلو میں دفن ہوا۔ سکھوں نے محمد صالح اور عنایت اللہ کے عالیشان مقبروں کو
گرا کر وہاں بارود خانہ قائم کیا۔ انگریزی عہد میں یہ مقبرہ کوٹھی کا کام دینے لگا۔ ایک
گنبد میں جہاں ان کی اولاد کی قبریں تھیں۔ اب باورچی خانہ ہے۔ ایک گنبد گھی خانہ
کا کام دیتا ہے۔ اور مقبرہ میں انگریز رہتے ہیں۔

سید معین الدین سید مٹھا۔ ان کا باپ سید جمال الدین چنگیز خاں تاتاری کے
مظالم سے تنگ ہو کر خوارزم سے غزنی آیا۔ اور جب چنگیز خاں نے غزنی کو بھی فتح کر لیا
تو وہ بھاگ کر لاہور چلا آیا۔ اس وقت اس کا نوجوان بیٹا سید معین الدین اس کے ہمراہ
تھا۔ جمال الدین خود بھی عابد و زاہد تھا۔ اور معین الدین بھی علم و فضل اور زہد و ریاضت
میں درجہ کمال رکھتا تھا اس لئے بہت لوگ ان کے معتقد ہو گئے۔ جمال الدین کے
مرنے کے بعد تمام خلقت کا رجوع سید معین الدین کی طرف ہو گیا۔ جنھوں نے اپنی
خوش خلقی و شیریں کلامی سے سید مٹھا کا خطاب پایا۔ ۶۶۱ھ میں انتقال ہوا۔ اور
محلہ سید مٹھا میں جو آپ ہی کے نام پر آباد ہے دفن ہوئے۔ آپ کے پاس تحصیل علم اور فیض
روحانی حاصل کرنے کے لئے دور دور سے لوگ آتے تھے۔

شاہ رحمت اللہ قریشی۔ عالمگیر کے زمانہ میں ایک نہایت عالم فاضل بزرگ
گذرے ہیں۔ فقہ و حدیث پر بہت عبور رکھتے۔ صاحب تصرف ہونے کی وجہ سے اکثر
لوگ آپ کے مرید تھے۔ آپ کا مزار بی بی پاکدامناں کے مزار کے شمال کی طرف [illegible]

شیخ حامد قاری۔ محمد شاہ روشن اختر کے زمانہ میں آپ لاہور میں صاحب فتوے
تھے۔ قرآن ایسی خوش الحانی سے پڑھتے تھے۔ کہ در و دیوار تک وجد میں آجاتے
تھے۔ اس لئے قاری کہلاتے تھے۔ اور آخر میں یہ لفظ نام کا جزو ہو گیا۔ حضور لاہور
سے باہر دو دو تین تین میل تک شہر کی پرانی آبادی پھیلی ہوئی تھی۔ آپ کا قیام بھی
درس میاں وڈا کے متصل تھا۔ وہاں ایک مسجد بنائی اور درس جاری کیا۔ کئی سال
تک لوگ آپ کے علم و فضل سے مستفیض ہوتے رہے۔ [illegible]

[illegible]ت تھا جو لاہور کے وحید العصر عالم تھے مسجد ۱۱۴۲ھ میں تعمیر کی جیسا کہ قطعہ ذیل سے ثابت ہوتا ہے

خداوند را شکر دارم بیاد   چہ خوش مسجد از دست مسکیں نہاد

خرد گفت در سال تاریخ آں   ز آفات دوراں زوالش مباد
۱۱۴۲

۱۱۱۲ھ ابتدائے سلطنت عالمگیری میں لاہور میں پیدا ہوئے بعہد نواب ذکریا خاں بہادر صوبہ لاہور ۱۱۸۷ھ میں وفات پائی۔ ملفوظات اور رحمت حق دو کتابیں آپ کی یادگار ہیں۔ مگر نایاب ہیں شیخ حامد کے باپ کا نام حسن راجپوت تھا۔ جو لاہور کے نہایت جید عالموں میں تھے آپ کا مقبرہ لاہور سے مشرق کی طرف شاہدرہ بدھو سے دو میل کے فاصلہ پر ہے ۔

محمد شاہ بادشاہ نے مدرسہ حضرت حامد قادری کے لئے پچاس بیگہ زمین مزروعہ مدرسہ کے مصارف کے لئے بذریعہ فرمان عطا کی مصنف تحقیقات چشتی لکھتے ہیں: حضرت شاہ محمد غوث حضرت میاں میر کی درگاہ سے ہوکر ایک دن حضرت حامد قادری کے پاس گئے۔ اور طلب استفادہ کیا۔ انہوں نے ازراہ کشف فرمایا حضرت میاں میر نے آج رات کو جو وظیفہ تمہیں عطا کیا ہے۔ وہ کافی ہے۔ مگر یہ واقعہ غلط معلوم ہوتا ہے۔ حضرت شاہ محمد غوث کا انتقال ۱۱۵۲ھ میں ہوا ہے۔ اور حامد قادری کا ۱۱۸۷ھ میں اور ۱۱۰۲ھ حامد قادری کا سال ولادت ہے۔ اور ۱۰۴۵ھ حضرت میاں میر کا سال وفات ہے

حضرت حامد قادری کا کارخانہ عبادت مقبرہ نواب ابوالحسن آصف خاں شاہجہانی کے متعلق ہی تھے۔ جہاں لاکھوں روپے کے سالانہ اخراجات ہوتے تھے۔ تقسیم وغیرہ حضرت حامد قادری ہی کی معرفت ہوتے تھے ۔

[illegible] آصف خاں [illegible] جہانگیر کا وزیر تھا۔ آصف خاں در اصل [illegible] شاہجہانی [illegible] نواب ابوالحسن یمین آصف خاں [illegible] شاہجہانی [illegible] لاہور میں نہایت عالیشان [illegible] مقبرہ [illegible] [illegible] کی تلاوت کیلئے مقرر تھے [illegible] خانقاہ [illegible] حامد قادری [illegible] تحقیقات چشتی [illegible] نواب ذکریا خاں [illegible] [illegible]

ما کہ عالم بہ پشت پا زدہ ایم　　تو چہ دانی چہ پیک بازانیم
ہست پرواز ما ز عرش رفیع　　اللہ اللہ چہ شاہ بازانیم

حضرت عبدالجلیل شاہ مبارک دہجا والپور سے بعہد سلطان بہلول لودھی لاہور میں آئے۔
اشاعت علم دین میں آپ نے بڑا حصہ لیا۔ سلطریہ۔ بھٹی۔ گھوکھر اور چوہان وغیرہ بہت سے لوگ
آپ کے دست مبارک پر مشرف باسلام ہوئیں۔ تذکرہ قطبیہ (غیر مطبوعہ) سے جو آپ کی اولاد [illegible]
ہے۔ اور جس کے مصنف جلال الدین ابوبکر ہیں، معلوم ہوتا ہے کہ مکہ معظمہ کے قیام کے دوران
وہاں آپ کا درس جاری تھا۔ واپسی پر جہاں جہاں رہے۔ درس برابر جاری رہا۔ پنجاب بالخصوص
لاہور کے ہزارہا اشخاص آپ کے درس حدیث و قرآن کے علمی نکات سے بہرہ اندوز ہوئے۔
اسی کتاب میں لکھا ہے کہ ایک شاگرد آپ سے فوائد الفواد کا سبق پڑھ رہا تھا۔ جب شیخ
بہاء الدین زکریا وغیرہ بزرگان دین کا ذکر آگیا، شاگرد نے بحسرت و افسوس کہا۔ وہ زمانہ کیا اچھا
تھا کہ ایسے ایسے بزرگ ایک ہی وقت میں موجود تھے۔ اب آپ کی ذات کے سوا کوئی نظر نہیں آتا۔
فرمایا دوست کا کارخانہ معمور ہے۔ پہچاننے والے مفقود ہیں۔ اور یہ شعر پڑھا۔

یوسفے ہمراہ خود دارند و بیں بے بہرہ　　یک زلیخا جستنے گو یا دریں بازار نیست

آپ کے علم و فضل اور آپ کی شرافت و بزرگی کو دیکھ کر سلطان بہلول لودھی نے اپنی بیٹی
آپ کے نکاح میں دی جس سے آپ کی اولاد میں اس وقت پیر محمد اشرف عالم شاہ صاحب
اور صاحبزادہ غلام دستگیر صاحب نامی ہیں۔ آپ کی دوسری بیوی کے بطن سے آپ کی اولاد
علاقہ بار میں موجود ہے۔ دونوں بیویوں کی اولاد بہ حیثیت مجموعی نہایت اچھی حالت میں ہے۔
لیکن افسوس ہے کہ اس کا کثیر حصہ زیور علم سے عاری ہے۔

آپ کا مزار قلعہ گوجر سنگھ (لاہور) کے پاس میکلوڈ روڈ پر آپ کے خلیفہ شیخ موسیٰ آہنگر کے
گنبد والے روضہ کے شمال [illegible] تھا۔ یہ خانقاہ [illegible] سال سے زیر [illegible]
کی حالت بہت شکستہ تھی۔ مگر [illegible] کی سعی سے چار دیواری وغیرہ کی از سر نو [illegible] ہوئی ہے
[illegible] کا درس بھی انہی کی کوشش سے یکم رجب المرجب کو ہوتا ہے [illegible] مسجد [illegible]
زمین تھی [illegible] قریباً اٹھارہ کنال رہ گئی ہے۔ اگر [illegible] اور [illegible] توجہ کریں تو [illegible]

زمین ایک دارالعلوم بن سکتی ہے جہاں حضرت شیخ عبدالجلیل کا فیضانِ علم ہمیشہ جاری رہ سکتا ہے

شیخ محمود کمال ہمایوں کے زمانہ میں لاہور کے نہایت نامور عالموں میں تھے۔ جہانگیر اپنی تزک میں ان کا ذکر کرتا ہے اور لکھتا ہے جنت آشیانی (ہمایوں) ان کی نہایت عزت کرتے تھے۔ ان کے دل میں ان کی یہاں تک وقعت تھی۔ کہ ایک مرتبہ شہنشاہ نے خود ان کے ہاتھ دھلائے۔ ان کے علم و فضل سے لاہور کے علاوہ دور دور کے لوگ مستفیض ہوتے تھے۔ مولانا محمد امین ان کے نامور شاگردوں میں تھے ۔

مولانا حسام الدین مولانا سُرخ کے نام سے مشہور تھے۔ اس نام کی وجہ نہیں معلوم ہو سکی۔ غالباً رنگ بہت گورا ہوگا۔ اور نہایت سُرخ رنگ خوش رنگ ہوں گے۔ ان کا زہد و اتقاء اور ان کا علم لاہور اور پنجاب سے باہر بھی مشہور تھا۔ دینیات اور فلسفہ کے ماہر عالم تھے۔ اکبر کے زمانہ میں ان کا انتقال ہوا۔ طبقات اکبری میں بھی ان کا ذکر ہے ۔

مولانا اسمٰعیل صاحب طبقات نے ان کا ذکر بھی لاہور کے نامور عالموں میں کیا ہے اکبر کے زمانہ میں لاہور کے مفتی بھی رہے ہیں ۔

میر نور اللہ حکیم ابوالفتح کی معرفت اکبر تک رسائی ہوئی۔ اپنے علم و فضل کی وجہ سے بہت جلد بار سوخ ہو گئے۔ شیخ معین الدین قاضی لاہور نے جب پنشن لی۔ تو اس کی جگہ شہنشاہ کے حکم سے آپ لاہور کے قاضی مقرر ہوئے۔

مولانا عبدالقادر اکبر کو لکھنے پڑھنے کی طرف زیادہ توجہ نہیں کی۔ تاہم مولانا عبدالقادر برسوں تک اس کے استاد رہے۔ بادشاہ کے حکم سے حج کو گئے۔ واپس آئے تو لاہور ہی میں رہے یہیں انتقال کیا۔ اور سوائے عبادت الٰہی کے کسی طرف متوجہ نہ ہوئے۔

مولانا شاہ ابو اسحاق قادری باپ کا نام شیخ کاکو تھا۔ لاہور ہی میں بعہد سلاطین لودی پیدا ہوئے اور یہیں بعہد مغلیہ وفات پائی جمیع علوم کے جامع اور [illegible] تھے۔ ان کا درس ہمیشہ جاری رہتا تھا۔ اور سب لوگ مستفیض ہوتے تھے۔

ف کتب ہندو کا [illegible] اقبال نامہ اکبری میں ان کے باپ کا نام [illegible] لکھا ہے [illegible] باپ کے نام [illegible] کی وجہ سے [illegible] نام سے ہی مشہور تھے۔ ان کے [illegible] بھی درج ہے [illegible] کی وجہ معلوم نہیں ہو سکی ۔

متوکل ایسے تھے کہ ارباب دنیا کے گھر پر کبھی قدم نہ رکھا۔ نہ کبھی امداد کی تمنا ظاہر کی۔ خاموشی پسند تھے۔ باتیں زیادہ نہیں کرتے تھے۔ آخر عمر میں ایک مجذوب کے مرید ہونے سے نفسانیت سے اور بھی پاک ہو گئے۔ اکبر کے عہد حکومت میں بعمر سو سال بمقام لاہور وفات پائی۔ علم فقہ و حدیث پر عبور کامل رکھتے تھے۔ اپنے وقت کے بحرالعلوم تھے۔ شیخ سعداللہ اور شیخ منور جیسے نامور علماء ان کے شاگردوں میں تھے۔

شاہ ابو اسحٰق کا مقبرہ موضع مزنگ (نزیل لاہور) کے مغرب کی طرف مزنگ ہسپتال کے بمقابل واقع ہے۔ مقبرہ کی شکل چوگوشہ ہے اور اس پر ایک بہت بڑا گنبد ہے۔ مقبرے کے مشرق کی طرف ایک عالیشان مسجد ہے۔ جس کے تین محراب ہیں۔ اور فرش پختہ ہے۔ مقبرے کی اندرونی دیواروں پر قرآنی آیات عربی کے ابھرے ہوئے حروف میں لکھی ہوئی ہیں۔ مغربی دروازہ پر یہ اشعار درج ہیں۔

حضرت شیخ شاہ ابو اسحٰق — بود چوں از خدا خدا طلبش
سوئے حق رفت از سر تحقیق — کہ میں وعدہ بود از ازلش
جست تاریخ فوت او بزبان — یافت "سلطان عارفان لقبش"

شمال مغربی کونے پر ۹۹۳ھ درج ہے۔ جنوبی مغربی گوشہ پر ایک اور شاندار گنبد ہے جو اب شکستہ حالت میں ہے۔ اس گنبد کے نیچے محمد حسین۔ ملا حسین و دار حسین ان کے تینوں بیٹوں کی قبریں ہیں۔ شاہ ابو اسحاق کا ۵ محرم ۹۹۳ھ کو انتقال ہوا۔

شاہ ابو اسحاق کے مقبرے اور مسجد اور بعض متعلقہ تبدیلی تعمیر اور [illegible] جدید مکانات پر غائر نظر ڈالنے سے معلوم ہوتا ہے کہ مقبرہ اور مسجد کا احاطہ دور تک پھیلا ہوا تھا [illegible] زمین سے [illegible] غیر مسلم قبروں کو مٹا کر زمین کے برابر کر دیا۔ اور اب ان مقبرہ کے متعلقہ [illegible] سرکاری [illegible] ہیں [illegible] آپ کے مزار پر آپ کا [illegible] بھی [illegible]۔

[illegible]
[illegible]

ملا مصطفےٰ کاتب لاہوری عربی۔ فارسی کے عالم۔ خوشخطی میں صاحب کمال اور علم تاریخ میں خاص دلچسپی رکھتے تھے بسنہ [illegible]ھ میں شہنشاہ اکبر کے حکم سے سات عالموں کو تاریخ الفی لکھنے کا حکم ہوا۔ ملا احمد ٹھٹھوی (استاد مصنف تاریخ فرشتہ) جو تاریخ الفی کے مصنفوں میں سے ایک تھا۔ جب لاہور میں قتل ہو گیا۔ تو ملا عبدالقادر بدایونی کو سنین کی تقدیم و تاخیر ترتیب واقعات اور تاریخ کے مقابلہ و تصحیح کا حکم ہوا۔ ایک سال تک یہ کام ہوتا رہا۔ ملا عبدالقادر اور آصف خان اور ملا مصطفےٰ کاتب لاہوری نے اس تاریخ کے مقابلہ و تصحیح کو اختتام تک پہنچایا ۔

مولانا شیخ منورؔ لاہور میں پیدا ہوئے۔ اور مولانا ابو اسحاق لاہوری کے قابل اور نامور شاگردوں میں تھے۔ باوجود علم کا پایا ہونے کے ان کی قوت حافظہ بہت مشہور تھی مشارق الانوار (حدیث) اور بدیع البیان کی شرحیں لکھیں۔ اکبر کے دربار میں ابو الفضل فیضی اور بعض ایسے علما کا زور تھا۔ جن میں میر صدر جہاں مفتی۔ میر عبدالحق میر عدل جیسے عالم بھی تھے جو اکبر کو خوش کرنے کے لئے شراب کی مجلس میں بھی شامل ہو جاتے تھے۔ چنانچہ اکبر نے اپنے ۴۰ سال جلوس میں جب مجلس شراب ترتیب دی۔ اور یہ دونوں علما نشہ میں مست ہوئے تو اکبر نے خواجہ حافظ کا یہ شعر پڑھا ؎

درِ دورِ پادشاہ خطا بخش و جرم پوش … حافظ قرابہ کش شد و مفتی پیالہ نوش

شیخ منور جیسے پابند شرع مولویوں کا اس دربار میں کہاں ٹھکانا تھا چنانچہ اس قسم کے علما دجوہات کی ایسی لغو زکاتیں بنا رہے تھے۔ ابو الفضل کے ایماء سے دربار سے نکال دیئے گئے۔ شیخ منور کو قلعہ گوالیار میں نظر بند کیا گیا۔ جہاں سنہ ۱۰۱۲ھ میں ان کا انتقال ہو گیا۔ ان کا بیٹا شیخ کبیر بڑا عالم تھا وہ بھی نظر بند ہو کر سنہ ۱۰۲۲ھ میں احمد آباد میں مر گیا۔ باپ بیٹوں میں سے موجود کوئی بھی نہ ہو سکا۔ شہنشاہ اکبر کے حکم سے مولانا منور نے ملا احمد ٹھٹھوی اور قاسم بیگ کی مدد سے معجم البلدان (عربی) کا ترجمہ فارسی میں کیا۔ اس کتاب میں شہروں اور ملکوں کے حالات درج ہیں۔ ارشاد قاضی نامی کتاب بھی مولانا منور ہی کی تصنیف ہے ۔

۱؎ [illegible] ۱۹ [illegible] وفات ۱۲ جمادی الآخر ۱۰۱۲ھ ۔

شیخ داؤد چھنی وال آپ کے والدین آپ کو بچپن ہی میں یتیم کر گئے۔ پیدائش ملتان کی تھی۔ شیخ رحمت اللہ آپ کے بڑے بھائی آپکو لاہور لے آئے۔ جب ہوش سنبھالنے کے بعد آپ کو مولانا اسمٰعیل آچہ کی درسگاہ میں بٹھایا گیا۔ تھوڑے سے ہی عرصہ میں فقہ وحدیث۔ تاریخ وادب۔ منطق وفلسفہ میں آپ علامی ہوگئے۔ ان کے متعلق عجیب بات ہے۔ کہ حضرت غوث الاعظمؒ کی روح نے ان میں حلول کیا۔ سوائے مٹی کی ہنڈیا اور پرانے بوریے کے بیوی کے پاس کچھ نہ چھوڑتے اور سب کچھ دے دیتے۔ حضرت غوث الاعظمؒ کی روح پُرفتوح کی بدولت ہر سال باوجود کسی ظاہری سامان کے نہ ہونے کے بڑی دھوم دھام سے میلاد کرتے جس میں ایک لاکھ آدمی کا اجتماع ہوتا۔ سب کو خانقاہ کے لنگر سے کھانا ملتا۔ اہل دنیا کے گھر کبھی نہ گئے۔ سلیم شاہ[1] نے بلایا تو کہا۔ دعائے غائبانہ ہی کافی ہے۔ الغرض یہی ان کا شعار تھا۔ اپنے طالبعلموں کو ایثار کی تعلیم دیتے تھے۔ سن ۹۸۲ھ میں بزمانہ شہنشاہ اکبر وفات پائی۔ چھنی لاہور کے پاس ایک ضلع ہے۔ جہاں آپ کا قیام تھا۔ اس لئے آپ چھنی وال کہلاتے ہیں۔

قاضی صدرالدین عالم متبحر خوش طبع خوش صحبت اور شیخ مخدوم الملک[2] کے مشہور شاگرد تھے۔ تاریخ ہندوستان جلد پنجم اقبال نامہ اکبری میں لکھا ہے۔ ان کا پایۂ تحقیق مخدوم الملک سے بھی بڑھا ہوا تھا۔ وسیع المشرب ایسے تھے۔ کہ عوام ان پر الحاد کا گمان کرتے تھے۔ ابتدا میں بادشاہ اکبر نے لاہور کی قضا سپرد کی۔ پھر چند بھڑونچ کے محکمۂ قضا کا حاکم اعلیٰ مقرر کر دیا۔ کچھ عرصہ جونپور میں بھی رہے ہیں۔ جہاں ان کے علاوہ اور بھی علمائے لاہور مقیم تھے۔ قاضی صدرالدین نے بھڑونچ ہی میں انتقال کیا۔ [illegible] مگر جب وہ [illegible] سے نکلے تو پھر واپس آنا نصیب نہ ہوا۔ شیخ محمد ان کا بیٹا جو بڑا [illegible] تھا باپ کی جگہ بھڑونچ کا قاضی مقرر ہوا۔

---

[1] اصل نام جلال خان فرزند شیر شاہ سوری۔ تخت نشینی ۱۵ ربیع الاول ۹۵۲ھ مطابق [illegible] ۔ خطاب اسلام شاہ [illegible] بگڑ کر سلیم شاہ مشہور ہوا۔ وفات ۹۶۱ھ۔ مدفن سہسرام [illegible]

[2] مولانا عبداللہ سلطانپوری کا خطاب ہے۔ اکبر نے [illegible] شیخ الاسلام کا لقب [illegible] مخدوم الملک کو ابوالفضل ہندو دین کا دشمن [illegible] ۹۹۰ھ میں بعد از حج [illegible] احمد آباد گجرات میں انتقال کر گیا۔ تین کروڑ روپیہ نقد اس کے خزانہ سے نکلا۔

مولانا محمد مفتی ان کا نام اقبال نامہ اکبری میں مولانا محمد لکھا ہے۔ لیکن ملا عبدالقادر بدایونی اپنی تاریخ میں مولانا محمد مفتی لکھتے ہیں۔ شاید لاہور یا کسی اور شہر کے مفتی بھی رہے ہوں۔ نہایت عالم تھے۔ ساری عمر لاہور ہی رہے۔ اکبر کی وفات سے دس سال پیشتر سنہ ۱۰۰۴ھ میں لاہور ہی میں انتقال کیا۔ عمر نوے سال کی تھی ۔

شیخ حاجی احمد اقبال نامہ اکبری نے شیخ احمد اور صاحب طبقات اکبری نے آپ کا نام شیخ حاجی احمد لاہوری لکھا ہے۔ اور آپ کے علم و فضل کی تعریف کی ہے ۔

قاضی شیخ معین لاہور کے قاضی تھے۔ پیرانہ سالی کی وجہ سے استعفےٰ دے دیا۔ اکبر کے زمانہ میں وفات پائی ۔

مرزا نظام الدین احمد مشہور کتاب طبقات اکبری کے مصنف ہیں۔ جس میں شہنشاہ اکبر کے زمانہ کی مفصل تاریخ ہے۔ لاہور میں ان کا ایک عالیشان باغ بھی تھا۔ سنہ ۱۰۰۳ھ میں وفات پائی اور اپنے باغ ہی میں مدفون ہوئے۔ اب نہ باغ ہے نہ قبر۔ سدا رہے نام اللہ کا۔ وفات کیوقت ۴۵ سال کی عمر تھی۔ بدایونی لکھتا ہے۔ لاہور کے شرفاء اور عوام میں شاید ہی کوئی ایسا ہو۔ جو اس نوجوان عالم کے جانے پر نہ رویا ہو۔ اور جس نے اس کا حلیم الطبعی۔ شفقت اور حسن سلوک کو افسوس کے ساتھ یاد نہ کیا ہو۔ قطعہ تاریخ وفات حسب ذیل ہے :-

رفت مرزا نظام دین احمد ۔۔۔ سوئے عقبیٰ وجہت وزیبا رفت
جوہر او ز بسکہ عالی بود ۔۔۔ در جوار ملک تعالےٰ رفت
قادری یافت سال تاریخش ۔۔۔ گوہرے بے بہا ز دنیا رفت

شیخ محمد اسمٰعیل "میاں وڈا" "میاں وڈا" بزرگ اعظم شیخ محمد اسمٰعیل کا لقب تھا۔ اکبری عہد میں علم و فضل اور صاحب ولایت ہوئے ہیں۔ [illegible] رکھتے تھے۔ قوم کے ککے زئی تھے۔ اور وطن علاقہ پوٹھوہار موضع ترگراں میں تھا۔ سنہ [illegible] سال پیدائش ہے۔ مخدوم عبدالکریم سے سلسلہ سہروردیہ میں خرقۂ خلافت حاصل کیا۔ شیخ

۱ے مفصل حالات کیلئے دیکھو یادرفتگان مصنفہ راقم الحروف ۔

بیل واڑہ میں (جہاں اب آپ کا مدرسہ بنام درس میاں وڈا واقع ہے) ایک مسجد بنائی۔ اور عالیشان مدرسہ کی بنیاد رکھی۔ جس کی تعمیر ۱۰۱۶ھ میں بعہد اکبر بادشاہ ہوئی۔ لاہور کی قدیم اسلامی درسگاہوں کی یادگار اب صرف یہی ایک مدرسہ رہ گیا ہے۔ جو قریباً ساڑھے تین سو سال سے برابر خلق خدا کو فیض پہنچا رہا ہے۔ یہاں اندھے اور اپاہج طلباء قرآن شریف اور فقہ کی تعلیم پاتے ہیں جنہیں کل اخراجات خانقاہ سے ملتے ہیں۔ مدرسہ اور خانقاہ کی معافیات سے تمام اخراجات چل رہے ہیں مہاراجہ رنجیت سنگھ کے بعد بزمانہ مہاراجہ دلیپ سنگھ جب برچھا گردی کا زور تھا سکھ فوج نے اس مدرسہ کی عمارات کو بہت نقصان پہنچایا۔ جس کی کچھ تلافی مرمت وغیرہ کر کے میاں محمد سلطان مرحوم مشہور ٹھیکیدار لاہور نے کر دی۔ شیخ محمد اسمٰعیل بڑے پایہ کے بزرگ گذرے ہیں۔ جن کا فیض گوشہ ہوئی شکل ہی میں سہی اب تک جاری ہے۔ شیخ محمد اسمٰعیل ایام طالب علمی میں آٹھ پہر گذر اوقات کیا کرتے تھے۔ سلسلہ تدریس جاری کرنے سے پیشتر مزار حضرت داتا گنج بخش صاحب پر چلہ کشی کی۔ جب درس جاری کیا۔ تو طلباء اس کثرت سے آئے کہ مسجد میں نہ سما سکے۔ اسلئے ساتھ اور کچھ زمین ملانی پڑی۔ عالمگیر نے خانقاہ اور مدرسہ کی مدد معاش کیلئے سات چاہات مع مزروعہ اراضی عطا کئے۔ ابھی تک اس درسگاہ سے علمی فیضان جاری ہے۔ ہزارہا نابینا لوگ یہاں سے حافظ قرآن ہوئے ہیں۔ جن کو کپڑا اور خوراک بھی یہاں سے ملتا ہے۔

حضرت خواجہ باقی باللہ محمد الباقی نام ہندوستان کے اولیائے کرام سے گذرے ہیں۔ باپ کا نام قاضی عبدالسلام تھا۔ جو کابل کے ارباب علم وفضل میں سے تھے، رکھتے تھے۔ حضرت خواجہ باقی باللہ کی ولادت ۹۷۱ھ یا ۹۷۲ھ میں بزمانہ اکبر بمقام کابل ہوئی۔ علوم رسمیہ مولانا صادق حلوائی سے پڑھے۔ کابل سے سمرقند ماوراء النہر تک کا سفر کیا۔ جب عازم ہندوستان ہوئے۔ تو ایک سال تک لاہور میں مقیم رہے۔ جہاں سلسلہ رشد و ہدایت اور درس و تدریس سے ہزارہا لوگ مستفیض ہوئے۔ آپ کے حالات زبدۃ المقامات میں بالتفصیل درج ہیں۔ جس کا ترجمہ اردو میں ہو چکا ہے۔ ایک اور مفصل سوانح عمری بھی آپ کے حالات میں موجود ہے۔ زبدۃ المقامات میں لکھا ہے کہ قیام لاہور کے زمانہ میں یہاں کے علماء فضلاء آپ کے پاس جمع رہتے تھے۔ [illegible] عازم صاحب کا تھا۔

اس عمر میں باوجودیکہ صاحب علم وفضل بلکہ صاحب خلافت وارشاد ہو چکے سائیوں اور مجذوبوں کی تگ ودو میں رہتے تھے۔ ان دنوں لاہور میں بارش کے دنوں میں کیچڑ پانی کے سبب سے چلنا پھرنا دشوار ہوتا تھا۔ آپ ایسے دنوں میں بھی گورستانوں اور بیابانوں میں صاحبدلوں کی جستجو میں پھرا کرتے تھے۔ لاہور کے اطراف وجانب میں ایک گورستان کے قریب ایک مجذوب عارف رہتا تھا۔ جب آپ اس کے پاس جاتے۔ وہ آپ کو مار مار کر بھگا دیتا۔ یا آپ کو دیکھ کر خود ہی کبھی بھاگ جاتا۔ لیکن آپ اس حال میں بھی اس کا پیچھا نہ چھوڑتے۔ یہاں تک کہ ایک دن اس مجذوب نے خوش ہو کر آپ کو پاس بلایا۔ اور حصول مراد کیلئے دعائیں دیں۔ اور ان دعاؤں سے آپ کو بہت سے فوائد نصیب ہوئے۔

ایک دن لاہور کی ایک مسجد میں آپ ادائے نماز فریضہ کے لئے تشریف لائے۔ آپ کے ایک مخلص کا بیان ہے۔ کہ اثنائے نماز میں آپ کے سینہ سے ایک مہیب آواز سنائی دی جس سے اہل صف حیران ہوئے۔ بعد فراغت نماز آپ جلد جلد مسجد سے نکل کر اپنے مکان پر چلے گئے اور آئندہ یہ دستور مقرر کیا۔ کہ دو تین آدمیوں کے ساتھ گھر ہی میں نماز پڑھ لیا کرتے۔ باوجود ان حالات وکمالات کے اور باوجود طلباء کی کثرت کے آپ ایسے عالی ہمت تھے۔ کہ بزرگی ومشیخت کا کبھی دعوے نہیں کیا۔ بلکہ تصحیح احوال کے لئے ہر دیار وامصار کے مشائخ سے جو کچھ ملا۔ حاصل کیا۔

ایک مرتبہ لاہور میں سخت قحط سالی نمودار ہوئی۔ آپ ان دنوں لاہور ہی میں تھے۔ اہل خلق خدا کی بیچارگی وگرسنگی کا عالم دیکھ رہے تھے۔ جب آپ کے سامنے کھانا لایا جاتا فرماتے "انصاف سے بعید ہے۔ کہ بھوک کے مارے کئی کوچوں میں تڑپتے پھریں۔ اور ہم گھر میں بیٹھ کر کھانا کھائیں"۔ جس قدر کھانا ہوتا۔ آپ اس فقیروں کو بھجوا دیتے اور خود فاقے سے روحانی بسر گزارہ کرتے۔ زبدۃ المقامات میں لکھا ہے۔ کہ کئی دنوں تک آپ بھوکے رہے۔ آپ کی ایک رباعی ذیل میں درج کی جاتی ہے۔

در راہ خدا ہمہ ادب باید بود　　تا جان باقیست در طلب باید بود
دریا دریا اگر بکامت ریزند　　کم باید کرد و خشک لب باید بود

سنہ ۱۰۱۲ھ میں بعہد اکبر بادشاہ آپ کی وفات بمقام دہلی ہوئی۔ سلسلہ نقشبندیہ کو آپ نے از سر نو زندہ کیا۔ حضرت شیخ احمد سرہندی مجدد الف ثانیؒ آپ سے بیعت تھے۔

مولانا جمال تلوی لاہوری

سنہ ۱۰۱۲ھ میں بزمانہ اکبر آپ حضرت مجدد الف ثانیؒ کی علمی صحبت میں اور ان کے شغل و مراقبہ میں شامل رہے ہیں۔ ان دنوں حضرت مجدد صاحب بہ ایمائے خواجہ باقی باللہ (اپنے مرشد) کے لاہور میں مقیم تھے۔ زبدۃ المقامات میں لکھا ہے۔ کہ آپ تلہ (محلہ لاہور) میں رہتے تھے۔ تاریخ مولوی ذکاء اللہ جلد پنجم (اقبال نامہ اکبری) میں بھی لکھا ہے۔ آپ لاہور کے محلہ تلہ میں رہتے تھے۔ اسی لئے آپ کو تلوی بھی کہتے ہیں۔ آپ کا درس نہایت مشہور تھا۔ بڑے بڑے عالم آپ کی شاگردی پر ناز کرتے تھے۔ ایک مرتبہ آپ حضرت مجدد الف ثانیؒ کے پاس گئے۔ جب رخصت ہونے لگے۔ تو حضرت احتراماً ان کو رخصت کرنے کے لئے اُٹھے اور چند قدم تک ہمراہ چلنے کا ارادہ کیا۔ مولانا جمال نے آپ کر نعلین اُٹھا کر آپ کے سامنے رکھ دیئے۔ آپ کے تلامذہ کی ایک جماعت آپ کے ساتھ تھی۔ ان کو یہ امر ناگوار گذرا۔ کیونکہ ان کا اعتقاد مولانا پر کیا بلحاظ علم اور کیا بلحاظ تقویٰ کے حضرت مجدد سے کم نہ تھا۔ شاگردوں نے موقع پا کر عرض کیا۔ آپ کے اس افراط تواضع بلکہ تذلل کا کیا باعث ہے۔ فرمایا۔ حضرت شیخ علماء باللہ و محرمان اسرار اللہ ہیں۔ ان کا احترام لازم ہے۔ اس بارہ میں مجھے معذور سمجھو۔

ایک مرتبہ مولانا نے حضرت شیخ مجددؒ سے پوچھا۔ آپ اس وقت علم احکام و علم اسرار کے جامع ہیں مسئلہ وحدت الوجود جو ظاہر شریعت سے موافقت نہیں رکھتا۔ آپ کے نزدیک اس کا حل کیونکر ہے۔ آپ نے مولانا موصوف سے اس مسئلہ کا جواب ... کلمات

[illegible]

کیں۔ مولانا کی آنکھوں سے آنسو ٹپکنے لگے۔ اور اہا بیدِ حال کی طرح چہرہ متغیر ہو گیا۔ دیر تک حضرت شیخؒ کے زانو پر ہاتھ رکھے ہوئے خاموش بیٹھے رہے۔ اور جب روانہ ہوئے۔ تو بغیر کسی بات کرنے کے خاموش ہی رخصت ہو گئے۔ کسی کو خبر نہ ہوئی کیا کہا اور کیا سنا ؎

نہ دانم چہ گفتی چہ انگیختی — کہ گفتی وا ز دیدہ خوں ریختی

یہ مجلسیں اور بھی بابرکت ثابت ہوتیں۔ مگر اسی جگہ حضرت خواجہ باقی باللہ کے انتقال کی خبر حضرت شیخ مجدد صاحب کو ملی۔ اور وہ دہلی روانہ ہو گئے۔

سید عبد الخالق سید عبد الواسع ان کے باپ تھے۔ جو سکندر شاہ سوری کے ہاں ملازم ہو کر لاہور آئے۔ اکبر کے ابتدائے عہدِ حکومت میں بمقام سرہند آپ ایک جنگ میں شہید ہو گئے۔ سید عبد الخالق آپ کے فرزند نہایت صاحب عبادت ولی کامل اور عالم متبحر تھے۔ فقہ، اصول، حدیث، معانی، منطق ہر علم پر حاوی تھے۔ آپ نے ایک مدرسہ علم دین کی اشاعت کے لئے جاری کیا۔ اس کے پاس ہی ایک خام تالاب کھدوایا۔ جس سے تالاب کا نام سید سر اور محلہ کا نام بھی سید سر مشہور ہو گیا۔ یہ مقام فاضل شاہ نوشاہی اور شمال رویہ مزار پیر گھکا اور مزار حضرت جان محمد حضوری اور متصل ریلوے سٹیشن واقع ہے۔ سید عبد الخالق خود معلم بنے۔ ان کے زہد و ریاضت اور ان کے ماہر علوم باطنی و ظاہری کی وجہ سے طلبا رجوق جوق آنے شروع ہوئے۔ جب اکبر بادشاہ تک آپ کے اس فیضان عام کی رسائی ہوئی۔ تو بادشاہ نے مدرسہ اور صاحب مدرسہ کی مدد معاش کے لئے ہزار درم سالانہ کا ایک موضع اور دو مواضعات میں ۹۰ بیگھہ زمین بطور جاگیر عطا کی۔ سید سر تالاب میں نہانے والوں خصوصاً بچوں کو پھوڑے پھنسی اور خارش سے بہت آرام ہوتا تھا۔ مولوی نور احمد صاحب مصنف تحقیقات چشتی لکھتے ہیں۔ میں جب تالاب سید سر دیکھنے کیلئے گیا تو عجب قدرت الٰہی نظر آئی۔ نہ وہاں مدرسہ ہے نہ نشان مدرسہ۔ نہ کوئی عمارت ہے۔ نہ کسی عمارت کا نشان۔ تالاب جس سے فیضان عام جاری تھا۔ اب وہاں زراعت ہوتی ہے۔ اور کسی کو خیال تک نہیں تا آنکہ یہاں کبھی تالاب بھی تھا۔ لیکن لوگوں کے عقیدے کا یہ حال ہے کہ سید سر کی زمین کی مٹی لیکر پانی میں ملاتے ہیں۔ اور اس سے اطفال مریض کو نہلاتے ہیں۔ جب تک سلاطین مغلیہ کو زوال نہیں آیا تھا۔ اور جب تک سکھوں کو طاقت حاصل نہیں ہوئی تھی۔ لاہور کی مرزنی

آبادی چھ میلوں تک پھیلی ہوئی تھی نہایت امن و امان سے رہتی تھی۔ سکھوں کی لوٹ مار اور ان کے پیدا کردہ حالات اور ان کی باقاعدہ اور بیقاعدہ سلطنت نے بیرونی لاہور کو بالکل تباہ کر دیا۔

مولوی سید عبدالحکیم گیلانی سید تھے۔ ان کے ایک بزرگ سنہ [illegible]ھ میں ایران سے ملتان میں آئے چونکہ فاضل متبحر تھے، سلسلۂ درس و تدریس شروع کر دیا۔ انکی اولاد میں بعہد بابری نجیب الدین دہلی ملازم ہو گئے۔ ان کے صاحبزادے حضرت بایزید جو نہایت عالم و فاضل تھے اور جن سے صدہا لوگ مستفیض ہوئے تھے لاہور آ گئے۔ بایزید کے تین بیٹوں میں سے سید عبدالحکیم نہایت نامور ہوئے۔ ان کی تاریخ پیدائش سنہ ۱۰۳۱ھ ہے۔ عہد جہانگیر میں ان کے شباب کا عالم تھا۔ اسی زمانہ میں ان کے علم و فضل کا چرچا تمام پنجاب تک پہنچ چکا تھا تحقیقات چشتی میں لکھا ہے۔ کہ ایسے عزلت گزین اور مستغنی المزاج تھے۔ کہ باوجود تقاضائے شاہی کبھی دربار شاہی تک نہ گئے۔ خلق عظیم کا نمونہ تھے۔ آخر عمر میں اکثر لوگوں نے آپکی بیعت بھی کی۔ مقبرہ ان کا شاہ شمس الدین قادری کے غرب رویہ اور کوٹھی لاٹ صاحب (گورنمنٹ ہاؤس) کے جنوب رویہ تھا۔ جب سرکار انگریزی نے انارکلی سے میانمیر تک براہ کمپنی باغ جدید سڑک بنانی چاہی تو یہ مقبرہ سڑک کے اندر آ گیا۔ آج سے پچاس سال پیشتر مقبرہ کی عمارت کے کچھ کچھ نشان موجود تھے۔ اس احاطہ میں آٹھ قبریں تھیں صاحب تحقیقات چشتی ایک شخص کی زبانی روایت کرتے ہیں۔ کہ انتقال مولوی صاحب کا سنہ ۱۱[illegible]ھ میں بعہد عالمگیر ہو گیا تھا۔

مولانا محمد امین جہانگیر کے دربار میں ان کی بڑی عزت تھی۔ وہ ان کے علم و فضل اور زہد و ورع اور ان کے علمی فیضان عام کیوجہ سے ان کا بڑا ادب کرتا تھا۔ جہانگیر نے اپنی تزک میں بھی ان کا ذکر کیا ہے۔ اور ان کی اس پُر لطف ملاقات کا ذکر کرتا ہے جس کو اس نے نعمت غیر مترقبہ سمجھا ہے۔ وہ لکھتا ہے۔ مولانا محمد امین نہایت ہی پاکیزہ خیال کے پاک نفس بزرگ ہیں۔ باوجود دنیادار ہونے کے اپنے کیرکٹر کے بڑے مضبوط اور نفسانی خواہشوں پر بڑے ستادر ہیں ان کی ملاقات اور ان کی صحبت سے بڑا ہی خوش ہوا۔ میں نے ان سے کچھ استفسارات کئے ان پر ظاہر کئے۔ انہوں نے جو جواب مجھے دیا اور جو نصیحت کی۔ اس کا مجھ پر بڑا اثر تھا۔ جو میری تسکین کے لئے کافی تھا جہانگیر لکھتا ہے۔ میں نے ان کو ایک ہزار بیگھہ زمین قریباً ۱۰۰۰ مربعہ اراضی لطور

مدد معاش دی تاکہ اس کی آمدنی سے ان کے درس اور ان کے درویشوں کا خرچ چلتا رہے، اور ایک ہزار روپیہ نقد ان کی خدمت میں پیش کیا۔ اور ان سے رخصت ہوا۔

شاہ رستم غازی

ان کے علم و فضل اور ان کے علوم دینی و دنیوی کی قابلیت کا اسی سے اندازہ کر لو کہ زیب النسا بیگم جیسی علامہ شہزادی (دختر شہنشاہ اورنگ زیب) کے اُستاد تھے۔ سنہ ۱۰۹۴ھ میں بعہد شاہجہان جب ان کا انتقال ہو گیا۔ تو زیب النساء بیگم نے اپنے باغ (جہاں اب مقبرہ زیب النسا بیگم ہے اور موضع نواں کوٹ آباد ہے) کی غربی سمت سنگِ سُرخ کا مقبرہ تعمیر کرا کر قبر کا تعویذ سنگ مرمر کا بنا دیا۔ مہاراجہ رنجیت سنگھ کا دور ۱۷۹۹ء لغایت ۱۸۳۹ء آیا تو نہ سنگِ سُرخ رہا نہ سنگ مرمر۔ سب کی صفائی ہو گئی۔ قبر کے بلند چبوترہ کے نیچے دو تہ خانے ہیں۔ ایک میں شاہ رستم غازی اور اس کے بیٹے اور دوسرے میں اس کی ماں اور بیوی کی قبر ہے۔

شاہ شمس الدین قادری

شاہ ابو اسحاق مزنگوی کے ارشد تلامذہ بلکہ ان کے مریدوں سے تھے۔ صاحبِ علم و فضل ہونے کے علاوہ صاحبِ ولایت بھی تھے۔ سنہ ۱۰۱۲ھ ۱۱ رجب کو بروز چہار شنبہ جب آپ کا انتقال ہوا۔ اور جہانگیر کو خبر ہوئی۔ تو حکم دیا کہ شاہ صاحب کے علم و ولایت کے مطابق ان کا روضہ تعمیر ہو۔ ایک باغ عالیشان بھی تعمیر کرایا۔ جو عہد محمد شاہی تک آباد تھا۔ مولوی نور احمد چشتی نے تحقیقات چشتی میں آپ کے مزار کی جو کیفیت لکھی ہے اس سے معلوم ہوتا ہے۔ کہ یہ مزار نہایت عالیشان تھا۔ چاروں کونوں پر چار مینار تھے۔ جو اب مسمار ہیں۔ یہ مزار کوٹھی لاٹ صاحب کے متصل واقع ہے۔ شمالی دروازے کے اوپر اندر کی طرف یہ شعر بخط نستعلیق تحریر ہیں۔

چو شمس الدین زیں جہاں رخت بست بیاراست ایزد ز رایش بہشت
بجستم ز پیرِ خرد سال و بگفت از سر لطف با نقش بہشت

حضرت علی کھتی

ان کے حالات کچھ زیادہ نہیں معلوم ہو سکے تحقیقات چشتی میں صرف اسی قدر لکھا ہے کہ عہد جہانگیر میں یہ ناموروں سے نہایت نامور عالم تھے۔ اور مدرس اور صوفی

ان کے پایہ کا اور کوئی کم تھا۔ ان کی خانقاہ قبرستان میانی میں متصل احاطہ قبرستان بزرگان سید چراغ شاہ سبزواری واقع ہے مسجد اور چاہ جو یہاں موجود ہے۔ وہ عہد جہانگیر کے ہیں۔

شیخ سعدی بلخاری لاہوری

ابتدا میں فوج شاہجہانی میں ملازم تھے۔ صاحب علم بھی تھے۔ اور فوج میں جاکر صاحب السیف بھی ہوگئے تھے بعد ملازمت شیخ اسداللہ خلیفہ شیخ آدم بنوری کے مرید ہوئے۔ سید آدم بنوری امام ربانی حضرت مجدد الف ثانی کے خلفائے اعظم میں تھے۔ آپ نے ملازمت ترک کردی۔ شیخ اسداللہ نے آپ کا علم وفضل اور آپ کے چہرے سے آثار رشد و ہدایت دیکھ کر آپ کو اپنے پیر روشن ضمیر سید آدم بنوری سے ہی بیعت کرائی۔ جب شیخ آدم براستہ لاہور عازم حج بیت اللہ ہوئے۔ تو شیخ سعدی کو لاہور چھوڑ گئے۔ تذکرہ مناقب سید آدم میں لکھا ہے۔ کہ آپ لاہور میں ۴۰ سال تک خلق خدا کو ظاہری و باطنی تعلیم دیتے رہے۔ آپ کی نظر فیض اثر سے آسیب زدہ کو بہت جلد آرام آ جاتا تھا۔ ۱۱۰۸ھ میں بمقام لاہور بعہد عالمگیر آپ نے وفات پائی۔ مولوی نور احمد چشتی نے اپنی کتاب تحقیقات چشتی میں آپ کا قطعہ وفات حسب ذیل درج کیا ہے ؎

جناب سعدی مختار دل سعیدار لاہوری ۔۔۔ بود بر روح پاک او ہزاراں رحمت باری
چو از دنیائے دوں آخر بجنت رفت بے چشتی ۔۔۔ ندا آمد ۔ الفتی زندہ دل سعدی [illegible] اری

مولانا سید ابواحمد لاہوری

کثیر المراقبہ کثیر العبادت اور کثیر العلم تھے۔ حضرت خواجہ باقی باللہ کے ارشاد سے حضرت شیخ احمد سرہندی کے پاس عرصہ تک تعلیم و تربیت کی غرض سے سرہند میں مقیم رہے بعد تکمیل لاہور آئے۔ اور لوگوں کو اپنے علم و فضل سے فیض پہنچاتے رہے۔ نماز کے عاشق تھے اور سنت و شریعت کے اجرا میں کمال سرگرم۔

نماز میں ایک مرتبہ ایسا ذوق معلوم ہوا کہ مولانا محمد ہاشم کشمی سے جو جامع کتاب زبدۃ المقامات ہے کہ ہیں فرمایا۔ بہشت میں نماز ہوگی یا نہیں۔ انہوں نے کہا۔ بہشت کا مقام دار الجزا ہے نہ دار العمل۔ اس لئے نماز وہاں کہاں۔ آپ نے ایک سرد آہ کھینچی اور کہا۔ آہ بغیر نماز جنت میں کیا لطف آئیگا۔ آپ نے ایک مرتبہ حضرت امام ربانی مجدد الف ثانی اپنے پیر و مرشد کی طرف عریضہ لکھا۔ جس میں یہ بھی درج تھا۔ کہ بعض اوقات دل میں

خصوصاً سجدے کیوقت ایک ایسی حالت طاری رہتی ہے کہ سر اٹھانے کو جی نہیں چاہتا۔ اس مولویانہ و صوفیانہ زندگی کے ساتھ کسب حلال کا سلسلہ برابر جاری تھا۔ چنانچہ آپ تجارت کا کاروبار کیا کرتے تھے۔ ایک مرتبہ مال تجارت لیکر بخارا تک گئے۔ نماز عشاء کے بعد ایک مسجد میں نفل پڑھ رہے تھے کہ خادم مسجد نے کہا مسجد کا دروازہ بند ہونے والا ہے۔ نفل گھر جاکر پڑھو۔ آپ چلے آئے۔ حضرت خواجہ صاحب رات کو خادم کے خواب میں آئے۔ فرمایا۔ وہ درویش کہ سوداگر ہندی ہے ہمارے دوستوں سے ہے۔ اس سے جاکر معذرت کرو۔ چنانچہ وہ دوڑا آیا۔ اور جب تک معافی نہ لی اسے چین نہ آیا۔ حضرت مجدد الف ثانی کے مکتوبات میں بھی آپ کا ذکر ہے۔ چنانچہ مکتوب نمبر ۷ اور نمبر ۲۰ آپ ہی کے نام ہیں۔

مولانا شاہ شرف

عالمگیر اورنگزیب کے زمانہ میں شاہ شرف لاہور کے ایک نامور عالم گذرے ہیں۔ ان کا علم ان کے تقدس سے اور ان کا تقدس ان کے علم سے زیادہ تھا۔ فقہ و حدیث اور قرآن و تفسیر اور علوم منطق و فلسفہ کا ایک دریا تھے جس سے سینکڑوں اور ہزاروں لوگ سیراب ہوئے۔ شاہ شرف کے باپ کا نام [illegible] تھا۔ [illegible] عہد میں قادری سلسلہ کے ایک عالم فاضل اور اچھے پایہ کے بزرگ تھے۔ شاہ شرف [illegible] میں انتقال کر گئے۔ ٹکسالی دروازے کے باہر جہاں آجکل انگریزوں کا قبرستان ہے۔ ایک نہایت عالیشان مقبرہ بنایا گیا۔ مقبرے کے ساتھ ایک مسجد بھی تھی۔ جو مولانا شرف نے اپنی زندگی ہی میں تیار کی تھی۔ یہ مسجد نہایت خوبصورت تھی۔ انگریزی تاریخ لاہور کے مصنف خان بہادر سید محمد لطیف لکھتے ہیں۔ لاہور میں ابھی تک کئی بوڑھے آدمی ایسے موجود ہیں جنہوں نے اس خوشنما مسجد کو جو کاشی کے کام کی تھی اور عالیشان مقبرہ کو دیکھا ہے۔ وہ بیان کرتے ہیں کہ یہ عمارات لاہور کی دوسری عالیشان عمارات سے کم نہ تھیں۔ سنگ مرمر اور سنگ سرخ کا کام نہایت اعلیٰ تھا۔ جب مہاراجہ رنجیت سنگھ نے شہر کی فصیل کے گرد خندق اور خندق کے گرد ایک اور فصیل بنانی شروع کی۔ تو شاہ شرف کا مقبرہ اور مسجد اس دوسری فصیل کے اندر آگئے۔ مہاراجہ نے حکم دیا کہ ان عمارتوں کو گرا کر زمین کے برابر کر دیا جائے۔ حکم کی تعمیل کی گئی۔

لہ سنہ تصنیف [illegible] بمطبع نیو امپیریل پریس لاہور

دیر تھی۔ تمام قیمتی پتھر امرت سر میں دربار صاحب کے لئے بھجوا دیئے گئے۔ فقیر نور الدین نے جو مہاراجہ کا شاہی حکیم تھا۔ لاش کے صندوق کو باعزاز خواجہ محمد سعید لاہوری کے مزار کی شمالی چار دیواری کے اندر دفن کرا دیا۔

ملّا یوسف لاہوری

بادشاہ نامہ (حالات عہد شاہجہان) میں لکھا ہے۔ کہ ملّا یوسف عالم باعمل تھے۔ جو کہتے اس پر عمل کرتے تھے قرآن و حدیث کے عامل و عالم ہونے اور اپنے زہد و تقدس کی وجہ سے ہر کہ و مہ کی نظروں میں قابل عزت تھے۔ اصول و فقہ اور دیگر علوم پر حاوی تھے۔ اور مختلف حاشیئے اور شرحیں مختلف کتابوں کی ان سے یادگار ہیں ایک شرح دیوان حافظ کی بھی فارسی میں لکھی تھی۔ جس کا قلمی نسخہ موجود سُنا جاتا ہے۔ قریباً پچاس سال تک لاہور میں ان کا درس جاری رہا ہے۔ جہاں سے بیشمار لوگ مستفیض ہوتے رہے ہیں اسّی سال کی عمر میں بعہد شاہجہان آپ کا انتقال ہو گیا۔

حاجی خواجہ محمد سعید لاہوری

محمد شاہ[1]۔ احمد شاہ[2] اور عالمگیر ثانی[3] کے زمانہ میں لاہور میں حاجی محمد سعید وحید العصر عالم گذرے ہیں مکان اور درسگاہ محلہ عبد اللہ وارث[?] میں تھا جہاں آجکل گورنمنٹ تار گھر کا دفتر واقعہ ہے۔ درسگاہ میں صدہا طالبان علم نے فیض حاصل کیا۔ مغلیہ سلطنت کے زوال سکھوں کی شورشوں اور احمد شاہ ابدالی کے حملوں کے ایام میں حاجی محمد سعید امن و امان کے ساتھ اپنے سلسلہ درس و تدریس میں مصروف رہے ہیں۔ آپ صرف عالم ہی نہیں تھے۔ بلکہ سیاح بھی تھے۔ دوران سیاحت میں کابل میں بھی کچھ عرصہ رہے تھے۔ جہاں احمد شاہ ابدالی نے آپ کی بڑی عزت کی تھی۔

احمد شاہ ابدالی نے جب اپنے تیسرے حملہ کے وقت لاہور کو لوٹنا شروع کیا۔ ان دنوں

لے تاریخ لاہور رائے کنہیا لعل میں لکھا ہے کہ اس مقبرہ اور مسجد کے قیمتی پتھر روشنائی دروازے کے اندر کی بارہ دری پر لگائے گئے۔ جہاں مہاراجہ بیٹھا کرتا تھا۔ وہ بارہ دری اب تک بادشاہی مسجد کی سیڑھیوں کے متصل موجود ہے۔

ٹ تاریخ لاہور میں رائے کنہیا لال لکھتے ہیں کہ یہ مقبرہ اس جگہ تھا۔ جہاں باولی دروازے کے باہر بھیڑ بکریوں کی منڈی لگتی ہے۔ راقم الحروف تذکرہ نویسی کے دوران میں خود وہاں گیا مگر وہاں کوئی پتہ کسی نشان کا نہ ملا۔ چند ایک بوڑھوں نے اتنا کہا۔ کہ یہاں ایک مقبرہ ضرور تھا۔

[1] محمد شاہ عہد حکومت ۱۱۳۱ھ لغایت ۱۱۶۱ھ [2] احمد شاہ عہد حکومت ۱۱۶۱ھ لغایت ۱۱۶۷ھ

[3] عالمگیر ثانی ۱۱۶۷ھ لغایت ۱۱۷۳ھ

حاجی محمد سعید لاہور میں موجود تھے۔ انہوں نے بادشاہ کو ایک رقعہ لکھا۔ جس کا مطلب یہ تھا کہ خدا کی مخلوق کو تباہ نہ کرو۔ احمد شاہ نے اس رقعہ کے پہنچتے ہی اپنا ہاتھ روک لیا اور خود محلہ عبداللہ واڑی میں جہاں مولانا کا قیام تھا حاضر ہوا۔ حاجی محمد سعید کی کوئی اولاد نرینہ نہ تھی صرف دو لڑکیاں تھیں جو عالم فاضل باپ کی بیٹیاں ہونے کی وجہ سے ضرور علم دین میں مہارت رکھتی ہونگی۔ ان لڑکیوں کی اولاد لاہور میں موجود ہے۔

ربیع الاول [illegible] میں احمد شاہ ابدالی کے آٹھویں یعنی آخری حملے کے زمانہ میں، جب کہ پنجاب میں سکھوں کا عروج ہو رہا تھا۔ حاجی محمد سعید نے انتقال کیا۔ اور وہ اپنے محلّہ ہی میں دفن کئے گئے۔ ان کی وفات کے کچھ عرصہ بعد کابلی سرداروں نے ان کی پختہ قبر بنوائی۔ جب سردار سلطان محمد خان برادر امیر دوست محمد خان مہاراجہ رنجیت سنگھ کے مہمان کی حیثیت سے لاہور (مقبرہ جہانگیر) میں مقیم تھا۔ تو وہ یہاں روزانہ آتا اور نذرانہ چڑھاتا تھا۔ اب بھی کابلی سردار اس بزرگ کی بڑی عزت کرتے ہیں۔ آپ کے سالانہ عرس پر اکثر افغان لوگ جمع ہوتے ہیں۔

شاہ محمد ملا شاہ بدخشانی

عالم طفولیت ہی میں اپنے وطن سے لاہور پہنچے۔ حضرت میاں میرؒ کی خدمت میں بیعت کی استدعا کی۔ انہوں نے فرمایا۔ ابھی تحصیل علم کی ضرورت ہے۔ چنانچہ دس سال تک لاہور ہی میں تحصیل علم کرتے رہے۔ جب علوم ظاہری میں صاحب کمال ہو گئے۔ تو حضرت کے پاس آئے اور بیعت کی۔ شہزادہ دارا شکوہ اکثر آپ کے مکان پر جایا کرتا تھا۔ تمام عمر مجرد رہے۔ جبس نفس پر بڑے قادر تھے۔ وعظ نہایت عالمانہ کرتے تھے۔ ان کے لاہور آنے کی تاریخ [illegible] بیان کی جاتی ہے۔ گرمیوں کے موسم میں ہمیشہ کشمیر جایا کرتے تھے۔ جہاں مقام [illegible] پربت کے دامن میں ان کی عمارات اب تک موجود ہیں۔ لیکن بعد ازاں جانا چھوڑ دیا۔ اور حضرت میاں میرؒ کے ارشاد کے مطابق لاہور ہی میں مستقل اقامت اختیار کی۔ فارسی زبان میں نہایت اچھے شعر کہتے تھے۔ جو توحید اور خدا شناسی اور معرفت کے مضامین سے لبریز ہوتے تھے۔ [illegible] میں ان کا انتقال ہو گیا۔ اپنے مرشد حضرت میاں میرؒ کے روضہ کی عمارت میں دفن ہوئے۔ چند اشعار آپ کی یادگار ہیں۔

---

[1] تاریخ لاہور انگریزی خان بہادر محمد لطیف تحقیقات چشتی میں صفحہ نمبر [illegible] پر سنہ وفات [illegible] درج

اے بند پائے قفل بر دل ہشدار — وے دوختہ چشم پائے در گل ہشدار
عزم سفر مغرب و رو بہ مشرق — اے راہرو پشت بہ منزل ہشدار

ایک اور شعر آپ کی یادگار میں ہے جس پر علمائے کشمیر نے کفر کا فتوےٰ بھی دیا تھا۔ اور شاہجہان کے پاس شکایت بھی کی تھی۔ شعر حسب ذیل ہے ؎

پنجہ در پنجۂ خدا دارم — من چہ پروائے مصطفیٰ دارم

شہزادہ دارا شکوہ ملا شاہ کا مرید تھا۔ ملا شاہ اور حضرت میاں میر (بعہد شاہجہان) دارا شکوہ سے پہلے انتقال کر گئے۔ ان کا روضہ دارا شکوہ نے نہایت فراخ اور عالیشان بنوایا۔ اپنے مرشد ملا شاہ کے روضہ کے لئے اس نے اور بھی زیادہ ساز و سامان کیا تھا۔ مگر اورنگ زیب کے ہاتھوں دارا شکوہ کے قتل ہو جانے سے وہ ارادے تکمیل تک نہ پہنچ سکے۔ تمام قیمتی پتھر مہاراجہ رنجیت سنگھ نے اُتروا لئے۔ روضہ کی دوسری منزل اورنگ زیب کی تعمیر کردہ ہے اور نچلی منزل اور مسجد جو سنگ مرمر کی ہے۔ وہ دارا شکوہ کی بنوائی ہوئی ہے۔

دارا شکوہ لکھتا ہے۔ کہ ملا شاہ اور میاں میر عالم گنج اور دارا پور کے گرد و نواح میں مدفون ہیں۔ مگر اب ان دونوں گاؤں کا نام و نشان بھی نہیں ہے۔ البتہ حضرت میاں میر کے نام پر ایک موضع میاں میر آباد ہو گیا ہے۔

حضرت ملا خواجہؒ حضرت میاں میر کے مرید اور حضرت ملا شاہ بدخشی پیر شہزادہ دارا شکوہ کے پیر بھائی تھے۔ ملا خواجہ کا وطن بہار تھا۔ آپکی نشو و نما اور شہرت لاہور میں ہوئی۔ ان کی آزاد خیالی اور رند مشربی مشہور تھی۔ صاحب سیر المتاخرین تاریخ مراۃ العالم کے حوالہ سے لکھتے ہیں۔ شاہجہان ایک مرتبہ لاہور میں تھا۔ دارا شکوہ کے مکان پر گیا۔ مصنف تاریخ مراۃ العالم خواجہ دربار خان ناظر ہمراہ تھے شہنشاہ نے ان سے کہا۔ کہ واپسی پر ملا خواجہ کو دیکھتے چلیں گے۔ تم جاؤ اور جا کر اُن کو خبر کر دو۔ خواجہ ناظر لکھتا ہے۔ میں ملا کے گوشۂ عزلت میں گیا۔ معلوم ہوا۔ کہ وہ ابھی باہر گیا ہے۔ تھوڑی دیر تک اس کا انتظار کیا تھا۔ کہ ملا [illegible] آیا۔ اور خوشی میں نے عرض حال کیا۔ بادشاہ نے فرمایا۔ تم ہمیں [illegible] جب ملا آئے [illegible] استغنا کہ کر یہ مصرعہ پڑھنا ع

طاقت مہماں نداشت خانہ بمہماں گذاشت

جب ملا اپنے مکان پر آئے اور خواجہ ناظر نے واقعہ بیان کر کے مصرعہ پڑھا تو کہا حضرت ظل سبحانی نے ذرہ نوازی فرمائی کہ یہاں تشریف لائے۔ لیکن میں عمداً باہر چلا گیا تھا۔ ورنہ عوام کے ہاتھوں سے میری گلوخلاصی سلامت نہ رہتی۔ مطلب یہ کہ بادشاہ کا تقرب سن کر لوگ اس کثرت سے میرے پاس آتے کہ میں ایک جنجال میں پھنس جاتا۔ دوسرے دن بادشاہ نے لاہور میں بار عام کیا۔ ملا خواجہ بھی گئے۔ خواجہ ناظر لکھتے ہیں میں نے ان کو دور سے پہچانا اور بادشاہ سے عرض کیا۔ بادشاہ نہایت خوش ہوا۔ دربار عام سے اٹھ کر ملا کے پاس آیا اور خلوت میں اس سے باتیں کرتا رہا۔ ان کا بہت بڑا درس لاہور میں جاری تھا کسب علوم کیلئے دور دور سے لوگ آتے تھے۔ امراء و غرباء کسی کی تمیز نہ تھی جو آتا سب کو اپنے پاس بٹھاتا تھا۔ سعد اللہ خان سیالکوٹ جانے سے پیشتر لاہور میں انہی خواجہ ملا کے مکتب میں پڑھتے رہے۔ خواجہ ناظر لکھتے ہیں۔ ایک دن بے ساختہ ملا خواجہ نے کہا۔ بادشاہ ہندستک وزیر کہ طالب کرد۔ حاضرین متعجب ہوئے۔ کہ کیا کہہ رہے ہیں۔ اور کس کو کہہ رہے ہیں ملا نے کہا۔ حیران کیوں ہوتے ہو سعد اللہ کو کہتا ہوں۔ آخر یہی سعد اللہ جو اس وقت افلاس اور پریشانی کی حالت میں تھا۔ شاہجہان کا وزیر اعظم اور جملۃ الملک نواب سعد اللہ خان کے نام سے مشہور ہوا۔ ایک دفعہ ملا کی مجلس صوفیائے حقیقت کیش گرم تھی مسئلہ وحدت الوجود پر بحث ہو رہی تھی۔ ہر ایک اپنا کچھ۔ کچھ بیان کر رہا تھا۔ ملا خواجہ خاموش تھے۔ آگ پاس ہی جل رہی تھی وجد کی تلبیس میں آئے اور آگ کے درمیان جا بیٹھے۔ اور تھوڑی دیر کے بعد باہر آگئے اور کہا۔ یہ تمہاری ساری قیل و قال اور بحث مباحثہ کا جواب ہے۔ لوگوں نے دیکھا۔ تو آگ نے ان کے کپڑوں پر بھی اثر نہ کیا تھا۔

عالمگیر کے اوائل جلوس [illegible]ھ میں ملا خواجہ ایک دن باغ فیض بخش (شالامار باغ لاہور) کی سیر کو گئے۔ وہاں دو تین مرتبہ کہا۔ مجھے طلب نہیں کرتے اور حاضرین سے کہا اگر وہ طلب کریں تو مرشد (حضرت خواجہ ملا شاہ) کی قبر کے پاس مجھے دفن کرنا۔ چنانچہ اسی وقت اسی جگہ جان بحق ہوئے۔ اور بموجب وصیت درگاہ حضرت میاں میر میں دفن کیے گئے۔

حضرت میاں نتھا لاہوری

قوم کے کھوجہ اور حضرت میاں میر کے مقبول و محبوب مریدوں میں تھے۔ جامع ظاہری و باطنی اور صاحب کمال تھے۔ شہزادہ دارا شکوہ سکینۃ الاولیاء میں ان

کے علم و مراتب روحانی کے متعلق لکھتا ہے۔ کہ خداوند کریم نے ان کو اس قدر علم دیا تھا۔ کہ لوح محفوظ کی تحریر بھی ان سے پوشیدہ نہ تھی۔ یہاں تک مشہور ہے۔ کہ پتھر اور درخت میاں نتھا سے ہمکلام ہوتے تھے۔ حضرت میاں میر نہایت تنہائی پسند تھے۔ خصوصاً رات کو کوئی شخص ان کے پاس نہ رہ سکتا تھا۔ مگر میاں نتھا سے ان کے علم و فضل اور ان کے اعلیٰ مدارج روحانی کیوجہ سے اس قدر الفت تھی۔ کہ وہ اس کلیہ سے مستثنےٰ تھے۔ میاں نتھا کے متعلق لکھا ہے۔ کہ انہوں نے اپنے آپ کو یاد الہی میں اسقدر نابود کر لیا تھا کہ گویا نتھا نہ تھا۔ صرف ذات الہی تھی۔ جب میاں نتھا [illegible] میں انتقال کر گئے۔ تو حضرت میاں میر نے چشم پرآب ہو کر فرمایا۔ فقیر کے فقیر خانہ کو میاں نتھا لیگئے۔ جب حضرت میاں میر کے انتقال کا زمانہ آیا۔ تو فرمایا۔ میاں نتھا کے پاس دفن کرنا اس سے معلوم ہوتا ہے۔ کہ میاں نتھا کسقدر صاحب کمال اور اپنے پیرو مرشد کی نظروں میں کیسے عزیز تھے۔ حضرت کی چار دیواری کے باہر میاں نتھا کی قبر موجود ہے ۔

مولانا امان اللہ لاہوری رحمۃ اللہ حضرت خواجہ باقی باللہ کے مریدان اجازت یافتہ سے صاحب ذوق اور صاحب فضل و کمال تھے۔ علم فقہ میں بہت بلند پایہ تھے۔ حضرت خواجہ صاحب کے اعاظم خلفاء میں ان کا شمار ہوتا ہے [illegible] میں پیادہ پا سفر حج کو روانہ ہوئے۔ حضرت خواجہ صاحب کے مرید رستہ میں بکثرت تھے۔ زاد راہ اور خاطر تواضع سے آپ کی امداد کرنا چاہتے تھے۔ مگر آپ نے مطلق التفات نہ کیا۔ بعد زیارت حرمین شریفین مصر و شام کی بھی سیر کی ۔

حضرت خواجہ محمود المشہور حضرت ایشاں بڑے پایہ کے نقشبندی بزرگ تھے۔ وطن بخارا تھا۔ اسی جگہ علوم ظاہری کی تکمیل کی۔ بارہ برس کی عمر میں قرآن شریف حفظ کیا۔ چودہ برس کی عمر میں آپ کے علم و فضل کا یہ حال تھا۔ کہ علماء میں کسی کو مقابلہ کی طاقت نہ تھی۔ شاہ بخارا آپ کے مکان پر آپ کو ملنے کے لئے آتا تھا۔ وہاں سے سمرقند گئے۔ پھر ہرات۔ قندھار۔ کابل۔ حاکم کابل نے دور تک استقبال کیا۔ جمعہ کے دن جب آپ نے کابل میں وعظ کیا۔ تو صدائے ہائے و ہو آسمان تک جاتی تھی۔ دو آدمی اسی جگہ واصل بحق ہو گئے۔ وہاں سے کشمیر گئے۔ اس وقت وہاں چکوں کی حکومت تھی۔ جو مذہباً شیعہ تھے۔ جب کشمیر میں آپ کا چرچا ہونے لگا۔ تو حسین چک۔ بادشاہ کشمیر نے علماء شیعہ کی ترغیبات

آپ کو کشمیر سے نکالنا چاہا۔ آپ نے ایک ماہ کی مہلت مانگی جو منظور کی گئی۔ اسی عرصہ میں افواج اکبری نے کشمیر پر حملہ کیا اور وہ کامیاب ہوئیں۔ غرض آپ دیر تک کشمیر میں رہے۔ آخر جہانگیر نے آپکو دہلی بلوایا۔ آپ خانقاہ معلیٰ واقع سرینگر میں اپنا فرزند جو نہایت قابل و عالم تھا چھوڑ کر دہلی آ گئے۔ جب جہانگیر کشمیر کو روانہ ہوا۔ تو آپ کو بھی ساتھ لیتا گیا۔ واپسی پر جب جہانگیر کا کشمیر کے رستے ہی میں بمقام بہرام گلہ انتقال ہو گیا۔ تو آپ نعش کے ساتھ ہی لاہور تشریف لائے۔ پھر دہلی آگرہ وغیرہ مقامات سے ہو کر نواب وزیر خان بانی مسجد وزیر خان کے زمانہ میں لاہور تشریف لائے اور آخر دم تک اسی جگہ رہے۔ ان دنوں نواب وزیر خان لاہور کا وائسرائے تھا۔ وہ آپکے پاس خود چل کر آتا۔ اور پھر آپ کی معیت میں حضرت میاں میر کی خدمت میں جاتا۔ جہاں اب آپکا روضہ ہے۔ اسی جگہ آپ نے ایک باغ اور ایک خانقاہ تعمیر کرائی۔ اپنی خانقاہ کی مسجد میں جو تا دم تحریر کتاب ہذا موجود ہے وعظ اور درس فرمایا کرتے تھے۔ صدہا لوگ مستفیض ہوتے اور دین اسلام قبول کرتے۔ حضرت آ کام شریعہ کے سختی سے پابند تھے۔ اتباع سنت و دفع بدعت کیطرف مزاج حق امتزاج بہت مائل تھا۔ وحدت وجودی اور کلمۂ "ہمہ اوست" کے قائل کو پسند نہیں کیا کرتے تھے۔ حضرت میاں میر کیساتھ مسئلہ وحدت وجودی کیمتعلق بذریعہ تحریر دیر تک بحث و مباحثہ رہا۔ لاہور میں نو برس تک آپ کے فیضان ظاہری و باطنی سے لوگ بہرہ اندوز ہوتے رہے ۱۰۴۳ھ میں آخری مرتبہ تشریف لائے۔ اور ۱۰۵۲ھ میں انتقال کر گئے۔

شیخ محمد میر عرف حضرت میاں میر

آپ کا وطن اصل سیستان تھا۔ سلسلہ قادریہ میں بیعت تھے۔ سنہ ۹۵۷ھ میں پیدا ہوئے۔ ۴۰ سال کی عمر ۹۹۷ھ میں بعہد شہنشاہ اکبر لاہور آئے۔ آپ کے علم و فضل اور آپ کے تقدس و زہد کیوجہ سے ہر وقت آپ کے پاس علما، فضلا اور صوفی منش بزرگوں کا جمگھٹا رہتا تھا۔ علمی و مذہبی بحث اس سرگرمی سے ہوتی تھی کہ ناظرین کا لطف آ جاتا تھا۔ حضرت ملا شاہ بدخشانی۔ خواجہ بہاری اور میاں نتھا لاہوری آپ کے مریدوں اور شاگردوں میں ممتاز تھے۔ ان بزرگوں کے دم قدم سے لاہور بلکہ پنجاب میں علم دین اور علم تصوف کا چرچا برس رہا تھا۔ دارا شکوہ جو آپ کے مرید ملا شاہ کا مرید تھا۔ آپ کا بڑا ادب کرتا تھا۔ اس کی ایک خورد سال بہن آپ کو وضو کرایا کرتی تھی۔ جس کے حالات

اسی کتاب میں الگ درج ہے۔ جہانگیر اور شاہجہان نے آپ سے ملاقاتیں کی ہیں۔ جہانگیر نے اپنی تزک اور ملا عبدالحمید لاہوری نے اپنے شاہجہان نامہ میں اکثر جگہ حضرت میاں میر کا ذکر کیا ہے۔ جہانگیر ایک جگہ لکھتا ہے "شیخ محمد میر لاہوری عرف حضرت میاں میرؒ کے علم و فضل اور ان کی بزرگی و پرہیزگاری کی وجہ سے ملاقات کی بڑی خواہش تھی۔ لیکن میں ان دنوں آگرہ تھا۔ اور حالات اس قسم کے تھے کہ لاہور میں نہ آسکتا تھا۔ اسلئے میں نے اپنی حکومت کے چودھویں سال میں اُن کو آگرہ آنے کی دعوت دی۔ جسے اُنہوں نے نہایت مہربانی سے منظور فرمایا۔" شہنشاہ حضرت میاں میرؒ سے ملاقات کر کے ان کی توسیع معلومات۔ عالمانہ خیالات اور ان کے مذہبی تقدس اور اعلیٰ کیرکٹر کی وجہ سے بہت خوش ہوا۔ جہانگیر لکھتا ہے "روحانی پاکیزگی اور صفائے قلب میں یہ بزرگ اپنے زمانہ کے لاثانی ہیں۔ میں اکثر ان کے پاس جایا کرتا اور وہ مجھے دینی و دنیوی نہایت باریک نکات بتایا کرتے۔ میری خواہش تھی۔ کہ میں ان کو نقد روپیہ بطور نذر پیش کروں۔ چونکہ ایسی چیزوں کی انہیں خواہش نہ تھی اسلئے مجھے بھی جرات نہ ہوسکی آخر میں نے نماز پڑھنے کے لئے ہرن کا سفید چمڑہ ان کی خدمت میں پیش کیا اور انہوں نے قبول فرمالیا۔ اور تھوڑے دنوں کے بعد وہ لاہور چلے گئے۔"

شاہجہان نامہ میں لکھا ہے۔ حضرت میاں میرؒ ایک مقدس بزرگ ہیں۔ انہوں نے دنیا جہان کی بہت سیر کی ہے۔ وہ نہایت کم گو ہیں۔ شہنشاہ شاہجہان ۱۰۴۴ھ میں ایک مرتبہ لاہور میں حضرت میاں میر کی خدمت میں حاضر ہوا۔ اور چونکہ وہ جانتا تھا۔ کہ ان کو کسی چیز کی ضرورت و حاجت نہیں ہے۔ اس لئے اس نے ان کو ایک تسبیح اور سفید پگڑی پیش کی۔ اور بے شمار دعائیں حاصل کیں۔

داراشکوہ اپنی کتاب "سکینۃ الاولیاء" میں لکھتا ہے۔ میرے دادا شہنشاہ جہانگیر حضرت میاں میر بالا پیر کی بہت قدر کرتے تھے۔ ایک مرتبہ شہنشاہ نے ان کو مدعو کیا۔ اور دو دن دو راتیں ان کی صحبت کی۔ (اور غالباً یہی ملاقات ہے جس کا جہانگیر نے خود بھی تزک میں ذکر کیا ہے) شہنشاہ اور شیخ دیر تک ہمکلام رہے۔ جہانگیر ان کی باتوں سے بہت متاثر ہوا۔ گفتگو کے بعد بڑی خواہش ظاہر کی کہ شیخ [illegible] خدا کی عبادت [illegible]

اور دھاپور وغیرہ مواضعات آباد تھے۔ اب ان میں سے کوئی ایک بھی نہیں ہے۔ البتہ چھاؤنی کی حدود مزنگ اور نادرہ بیگم کی بارہ دری تک پھیلی ہوئی ہیں۔ حضرت کے انتقال کے وقت شاہزادہ داراشکوہ آگرہ میں تھا۔ چنانچہ اس نے اپنے رنج و ملال کا ذکر سکینۃ الاولیاء میں کیا ہے۔ نادرہ بیگم اور حضرت ملا شاہ کے مزارات کی ڈیوڑھیوں۔ تالابوں، مسافر خانوں اور باغات و چاہات کی وجہ سے اس مقام پر بڑی رونق تھی۔ داراشکوہ کا ارادہ تھا۔ کہ اپنے محلات و مکانات (واقعہ چاہ میاں سلطان لنڈا بازار لاہور) سے لیکر حضرت ملا شاہ اور میاں میر صاحب کے روضہ تک سنگ مرمر کا فرش بنوائے۔ تاکہ پیدل آیا جایا کرے۔ سامان بھی منگوا لیا تھا۔ مگر عالمگیر نے اس غریب کو دم نہ لینے دیا۔ اور داراشکوہ کی گرفتاری اور بعد میں اس کے قتل سے اسکے تمام منصوبے خاک میں مل گئے۔ لاہور کی عالمگیری (جامع مسجد) جو بادشاہی مسجد کہلاتی ہے۔ اسی ساز و سامان سے بعد میں تعمیر ہوئی۔ روضہ کا کچھ حصہ بھی عالمگیر ہی نے بعد میں تعمیر کرایا۔

موضع میاں میر جو حضرت کے نام پر آباد ہے۔ حضرت کے ایک سو سال سے زیادہ عرصہ کے بعد ان کے سجادہ نشین مہدی شاہ نے آباد کیا۔ مہدی شاہ اپنے باپ محمد شریف خواہرزادہ حضرت میاں میر کی وفات کے بعد سجادہ نشین ہوا تھا۔ حضرت میاں میر خود تمام عمر مجرد رہے۔ ان کی بہن بی بی جمال خاتون کی اولاد سجادہ نشین چلی آتی ہے۔

سید ابو اسحاق میراں بادشاہ عالم فاضل اور شیخ کامل تھے۔ اپنے ملک ایران سے ساتویں صدی ہجری میں لاہور آئے۔ محلہ رندہ میں سکونت اختیار کی۔ اس وقت سلطان فیروز شاہ جس کے نام پر مولانا عزالدین نے تاریخ فیروز شاہی لکھی ہے۔ تخت دہلی پر حکمران تھا۔ اکثر طالبان ان کے فیضان باطنی و ظاہری سے مستفید ہوتے رہے۔ وفات ان کی [illegible] میں ہوئی۔ مادۂ تاریخ بسم اللہ الرحمن الرحیم سے نکلتا ہے۔ حسب وصیت مزار عام بنایا گیا۔ لاہور میں آپ میراں بادشاہ کے نام سے مشہور ہیں۔ اور باوجودیکہ آپ کے انتقال کو ساڑھے پانچ سو سال سے زیادہ عرصہ گذر چکا ہے لاہور کے لوگ اب تک آپ کے معتقد ہیں۔ لودھیوں کی عملداری (از سلطان بہلول لودھی تا ابراہیم لودھی ۷۸ سال [illegible] لغایت [illegible]) میں امیر الامراء نادر خان نے جب اپنی حویلی تعمیر کی تو آپ کے مزار کو اپنی حویلی میں لے لیا۔ اور گرد اس کے ایک حجرۂ خشتی بنوا دیا۔ [illegible] میں جب نواب

سے معلوم ہوتا ہے محلہ کہنہ [illegible] تھا۔ اب [illegible] کے نام سے [illegible] اب شاہ [illegible] ایک محلہ ہو [illegible]

سیشن اور اس کے ملحقات کے قریب تھی۔ وہاں سکھوں اور مسلمانوں کا مقابلہ ہوا۔ سکھ شہر پر قبضہ تو نہ کر سکے مگر انہوں نے مغرب و جوار کے دیہاتوں کو دل کھول کر لوٹ لیا۔

مولانا الشیخ العالم حاجی محمد لاہوری جہانگیر کے زمانہ میں آپ فہامہ دوران ہوئے ہیں حضرت مجدد الف ثانیؒ کے مریدوں اور فیض یافتوں میں سے تھے۔

مکتوبات حضرت امام ربانی میں مندرجہ ذیل مکتوبات حضرت مجدد رحمۃ اللہ نے آپ کے نام لکھے ہیں مکتوبات ۲۶-۳۲-۳۴-۳۵-۴۰-۴۴ ایک جگہ حضرت مجدد نے آپ کو مولانا الشیخ العالم حاجی محمد لاہوری کے نام سے خطاب کیا ہے۔ اس سے معلوم ہو سکتا ہے۔ کہ آپ کا درجہ حضرت کی نظروں میں کس قدر تھا۔ شیخ الاسلام کا خطاب بہت بڑا ہے۔ لہذا اس سے آپ کی فضیلت و بزرگی اور تبحر علمی کا کچھ اندازہ ہو سکتا ہے۔

شیخ محمد مفتی لاہوری خود بھی بڑے عالم تھے۔ لیکن زیادہ تر اپنے بیٹے شیخ عبدالمجید کی وجہ سے مشہور ہیں۔ جو حضرت مجدد الف ثانی کے تربیت یافتہ اور مرید تھے۔

مکتوبات مجددی کا مکتوب بست و دوم (۲۲) انہی شیخ عبدالمجید کے نام ہے۔

شیخ محمد مکی لاہوری حاجی قاری موسےٰ کے بیٹے تھے۔ حضرت مجدد الف ثانیؒ کے فیض یافتوں میں تھے۔ ان کے باپ بھی مشہور عالم تھے۔ بست و یکم (۲۱) مکتوبات ربانی انہی شیخ محمد مکی کے نام ہے۔

حافظ محمود لاہوری یہ بزرگ بھی علم حدیث و فقہ کے ماہر کامل تھے حضرت مجدد الف ثانیؒ سے جن لوگوں کو ظاہری و باطنی فیض پہنچا ہے۔ اُن میں آپ کا نام بھی خصوصیت سے قابل ذکر ہے۔ مکتوب ۲۲۵ سے ۲۲۷۔ اور ۲۵۵ حضرت مجدد صاحبؒ نے آپ ہی کے نام لکھے ہیں۔

ملا شیر محمد لاہوری یہ بزرگ بھی عہد جہانگیری میں لاہور کے نہایت نامور اور جید عالم گذرے ہیں حضرت مجدد کے فیض یافتہ تھے۔ اور ان سے مسائل و رسائل پر عزت رکھتے تھے۔ چنانچہ مکتوب نمبر ۱۵ آپ ہی کے نام ہے۔

مولوی ابوالفتح لاہوری علوم ظاہری میں صاحب کمال تھے سید شاہ بلاول قادری جن کا مزار لاہور میں پرانے دریا کے کنارے پر ہے۔ علوم عربی و فارسی میں آپ ہی کے شاگرد اور آپ ہی کے مدرسہ کے فیض یافتہ تھے۔ شاہ بلاول علوم ظاہری کے علاوہ علوم [illegible]

بھی صاحب کمال تھے۔ ان کے دادا سید عیسیٰ اور باپ سید عثمان کو ہمایوں نے جن کے ساتھ وہ ہرات سے ہندوستان آئے تھے۔ قلعہ شیخوپورہ مع متعلقات جا بجا پنجاب کا ایک نیا ضلع بنا ہے۔ اور اس زمانہ میں توابع لاہور تھا۔ جاگیر میں دیا۔ شاہ بلاول کی پیدائش شیخوپورہ ہی کی ہے۔ مگر زمانہ اکبر جب لاہور کی رونق دو چند ہو رہی تھی۔ آپ لاہور آ گئے۔ اور آخر یہیں کے ہو گئے۔ [illegible]ھ میں بعہد شاہجہان انتقال کیا ۔

مولانا ابو الخیر اصل وطن بغداد تھا۔ بعہد شاہجہان عازم لاہور ہوئے۔ یہاں محمد حضوری بزرگ سے فیض حاصل کیا۔ عالمگیر کے زمانہ میں ان کے علم و فضل کا چرچا بادشاہ تک بھی پہنچا۔ ان کو طلب کیا اور فرمایا۔ تم کو خدا نے علم کی بے بہا نعمت دی ہے۔ اس نعمت سے اوروں کو بھی مستفیض کرو۔ چنانچہ بادشاہ کے حکم سے صوبہ لاہور نے آپ کے قیام و تدریس کے لئے ایک عالیشان مدرسہ تعمیر کیا۔ جس میں ایک مسجد پختہ گنبددار بھی بنائی گئی۔ طالب علموں کے لئے چاروں طرف حجرے تعمیر ہوئے۔ اس زمانہ میں یہی حجرے بورڈنگ یا دارالاقامہ کا کام دیتے تھے۔ اس عالیشان مدرسہ کی فصیل [illegible] بھی قلعہ کے طریق پر بنائی گئی۔ حکم ہوا۔ کہ تعلیم مفت جاری ہو۔ اور استادوں اور طلباء کے خرچ کا خزانہ لاہور کفیل ہو۔ مولوی صاحب کی وجہ سے اس محلہ کی آبادی و رونق روز بروز بڑھتی گئی۔ اس محلہ کا نام انہی کے نام سے خیر گڑھ مشہور ہو گیا۔ ایک سو پانچ برس کی عمر میں مولوی ابو الخیر نے بعہد محمد شاہ بادشاہ و بزمانہ نظامت نواب ذکریا خان بہادر وفات پائی۔ اور اسی مدرسہ میں مدفون ہوئے۔ ان کے بعد بھی ان کے ایک خلیفہ محمد نعیم نامی نے یہ مدرسہ جاری رکھا۔ لیکن محمد نعیم کے انتقال کے بعد سکھوں کی غارتگری سے حجرے اور محلے ویران ہو گئے۔ درویشوں اور طالب علموں کا یہ محلہ بھی اجڑ گیا۔ اور یہاں ایک تکیہ شاہ بوٹا نے [illegible] میں بنایا۔ جس کے نام پر اب اس کا نام گذری شاہ ہو رہا ہے۔ اور جا بجا محلہ آباد ہے۔ ایک موضع ہے۔ راقم الحروف دوران تصنیف کتاب ہذا میں مولانا کی قبر پر حاضر ہوا۔ قبر چند اور قبروں کے ساتھ ایک چار دیواری کے اندر واقع ہے۔ اور بلند چبوترے پر ہے۔ کوئی پرسان حال نہیں۔ مولانا کی مسجد بھی دیکھی۔ جہاں حوض یعنی تالاب تھا۔ وہاں بھرتی ڈال کر اب عمارتیں بن گئی ہیں۔ اور جو جگہ بچ رہی ہے۔ وہ بھی نشست بھی ہو گئی ہے ۔

قدوۃ العلماء حضرت محمد شہر اللہ باپ کا نام شیخ محمد اشرف تھا۔ سلسلے [illegible] اودھ اور بخاری

کا کام کرتے تھے۔ مدفن ان کا ٹانڈہ ضلع ہوشیارپور میں ہے۔ مولوی احمد بخش چشتی یکدل کی غیر مطبوعہ ڈائری میں آپ کا تھوڑا سا تذکرہ درج ہے۔ وہاں لکھا ہے۔ آپ گذر جا یک سواران محمد قاضی صدر الدین متصل مسجد چینی قبل خانہ شاہ نواز خان[1] - حویلی آدینہ بیگ[2] خان کے قریب رہتے تھے۔ ان کے بیٹے محمد بہرہ کا انتقال حج کو جاتے ہوئے رستہ ہی میں ہو گیا۔ محمد بہرہ کا بیٹا محمد قطب الدین اور اس کا بیٹا محمد فیضیاب تھا۔ محمد فیضیاب کا بیٹا محمد فتحیاب مولوی احمد بخش یکدل کے زمانہ میں زندہ تھا۔ آپ نے اس کے علم و فضل کی بھی تعریف کی ہے۔ شہریار کے متعلق لکھا ہے۔ کہ وہ عالم متبحر جامع فخر العلماء اور قدوۃ العلماء تھے۔ لاہور ہی میں انہوں نے علم حاصل کیا تھا۔ شیخ عبد النبی سامی کے نامور مریدوں میں سے تھے۔ مولانا محمد شہریار کے دو بیٹے ایک پٹھانی عورت سے بھی تھے۔ نجم الدین اور صدر الدین نام تھا۔ محمد شاہ بادشاہ کے زمانے میں آپ کا سلسلہ درس جاری رہا۔

ایک مرتبہ احمد شاہ ابدالی نے عید کی نماز مسجد وزیر خان میں پڑھی۔ مولوی محمد صدیق امام مسجد نے جن کا ذکر صفحہ نمبر ۱۱ پر درج ہو چکا ہے خطبہ میں اس کو سلطان عادل کہا۔ مولانا شہریار بھی شامل نماز تھے مگر ذرا دور تھے۔ لوگوں نے ان کو خبر کی۔ کہ امام نے اس کو خطبہ میں سلطان عادل کہا ہے۔ حالانکہ اس کی افواج نے شہر والوں پر سخت ظلم و تشدد کئے ہیں۔ اور اس نے کوئی داد رسی نہیں کی۔ آپ امام کے پاس آئے۔ ابدالی بھی وہیں تھا۔ بادشاہ نے قدمبوسی کی۔ آپ نے منع کیا۔ اور فرمایا۔ او میاں یعنی او ظالم۔ میاں ترکی زبان میں ظالم کو کہتے ہیں۔ بادشاہ ناراض ہوا۔ اور لاہور سے آپ کو جلا وطن کر دیا۔ آپ مسجد چینیاں والی کے امام تھے۔

---

[1] نواب زکریا خان خان بہادر صوبہ لاہور کا بیٹا اور نواب عبد الصمد خان دلیر جنگ صوبہ لاہور کا پوتا اور نواب یحییٰ خان صوبہ لاہور کا بھائی تھا۔ عثمان کا دلیر تھا۔ ملتان سے آکر بھائی کے ساتھ لاہور میں جنگ کیا اور اسکو دہلی بھگا کر لاہور پر قابض ہو گیا۔ ۱۱۶۰ھ میں اسی کی تحریک سے احمد شاہ ابدالی نے پہلا حملہ پنجاب پر کیا۔ جب احمد شاہ آیا۔ تو نواب شاہنواز خان مقابلہ کو تیار ہو گیا۔ آخر شکست کھائی۔ اور دہلی بھاگ گیا۔ ۱۱۶۱ھ میں شاہنواز خان دہلی سے فوج لیکر میر معین الملک صوبہ لاہور سے لاہور چھیننے کیلئے آیا۔ مگر میدان جنگ میں مارا گیا۔

[2] نواب ادینہ بیگ خان جالندھر کا حاکم تھا۔ پنجاب میں اس کا بڑا اثر و رسوخ تھا۔ جب شہزادہ تیمور ابن شاہ درانی خلف احمد شاہ ابدالی کے ہاتھ سے لاہور نکل گیا۔ اور سکھوں کا زور ہو گیا۔ تو نواب ادینہ بیگ نے سکھوں کو نکالنے اور خود حاکم پنجاب ہونے کے لئے مرہٹوں کو ۱۱۷۱ھ میں دعوت دی۔ چنانچہ مرہٹے آئے۔ اور کامیاب ہو گئے۔ انہوں نے نواب ادینہ بیگ کو اپنی طرف سے پنجاب کا صوبہ مقرر کیا۔ اور [illegible] لاکھ روپیہ سالانہ نذرانہ اس سے مقرر کر کے آپ پنجاب سے چلے گئے۔ اسی سال نواب ادینہ بیگ کا انتقال ہو گیا۔ قبر اس کی بقول مصنف تاریخ پنجاب (خان بہادر سید محمد لطیف) گوجرانوالہ میں ہے۔ ادینہ نگر یعنی دینا نگر (ضلع گورداسپور) اسی کا آباد کردہ ہے۔

شیخ غلام رسول فقیہ ان کے حالات بھی مولوی احمد بخش یکدل مرحوم کی غیر مطبوعہ ڈائری سے ملے ہیں لکھا ہے۔ نیک ذات عالم تھے۔ علم فقہ پر بڑا عبور تھا۔ فقیر طبع اور صوفی مشرب تھے۔ حضرت شیخ محمد شہریار کے مریدوں میں سلسلہ نقشبندیہ میں تھے۔ خطیب اعلیٰ درجہ کے تھے۔ شعر و سخن سے بڑی دلچسپی تھی۔ اور خود بھی شعر کہتے تھے۔ سنہ ۱۲۲۱ھ میں وفات پائی۔ آہ دریغ قطعہ تاریخ وفات ہے۔ شیخ غلام رسول ٹانڈہ والا کے نام سے مشہور تھے (شاید وہیں سے لاہور آئے ہوں)

حضرت پیر مراد شاہ سنہ ۱۱۸۰ھ میں بمقام لاہور پیدا ہوئے۔ محلہ کھاری کھوئی اندرون بھاٹی دروازہ سکونت پذیر رہے۔ ماں باپ خاندانی ذی علم تھے۔ اور علم گھر کی میراث تھا۔ اس لئے باوجود اس کے کہ احمد شاہ ابدالی کے حملوں اور سلطنت مغلیہ کے چراغ سحری ہونے اور سکھوں کی غارت گریوں سے امن و امان مفقود تھا۔ آپ نے ابتدائی علوم میں مہارت تامہ حاصل کر لی سنہ ۱۱۹۵ھ میں آپ کے والد پیر کرم شاہ المشہور بستان شاہ معہ عیال و اطفال لکھنؤ چلے گئے۔ پیر مراد شاہ نے وہاں ہی علوم دینی کی تکمیل کی سنہ ۱۲۰۲ھ میں وطن کو روانہ ہوئے۔ رستہ میں شاہجہانپور کے قریب قزاقوں سے لڑتے ہوئے پیر کرم شاہ شہید ہو گئے۔ پیر مراد شاہ بریلی الہ آباد اور پھر لکھنؤ وغیرہ کی سیر کرتے اور بریلی میں حضرت مولانا بدرالدین دہلوی ثم اللکھنوی کے ہاتھ پر بیعت کر کے سنہ ۱۲۰۷ھ میں واپس لاہور آئے۔ یہ زمانہ زمان شاہ ابدالی (احمد شاہ ابدالی کے پوتے) کا تھا۔ اور پنجاب اور بالخصوص لاہور میں افغانوں کے حملوں اور سکھوں کی لوٹ مار سے کوئی اپنے آپ کو محفوظ نہ سمجھتا تھا۔ زمان شاہ جب سنہ ۱۲۱۴ھ میں لاہور سے کابل کو روانہ ہوا ہے۔ تو پیر مراد نے تاریخ رحلت لکھی۔ جس کے چند اشعار سے لاہور کی اس وقت کی حالت بھی ظاہر ہو سکتی ہے۔

برائے غارت و تاراج پنجاب ۔۔۔ چو دزد آہستہ آمد دواں رفت

ز دست جور آں غول بیاباں ۔۔۔ عجب حالت بجان شہریاں رفت

کجا در بتکدہ ناقوس ماندے ۔۔۔ کہ اکثر از مساجد ہا اذاں رفت

مراد از جودت طبع رسائے ۔۔۔ بگفتا ناگہاں شاہ زماں رفت

اسی زمان شاہ نے مہاراجہ رنجیت سنگھ کو دریائے جہلم سے توپیں نکالنے کے صلہ میں پنجاب کی حکومت بخش دی تھی۔

آپ اس زمانہ میں جب کہ ملک میں دفتری زبان فارسی تھی۔ اور مدرسوں میں بھی فارسی تعلیم ہی کا چرچا تھا۔ اردو میں باوجود پنجابی نژاد ہونے کے نہایت اعلیٰ درجہ کی شاعرانہ قابلیت دکھائی ہے۔ آپ کو فارسی اور اردو کی نظم و نثر میں یکساں مہارت تھی۔ مار بیاں اور مرادالمحبین انکی تصنیف ہیں۔ افسوس ہے۔ کہ عمر نے وفا نہ کی۔ ورنہ بہت کچھ علمی یادگاریں چھوڑ جاتے ۱۲۱۵ھ / ۱۸۰۴ء میں مریدوں کے ایک گاؤں مدوانہ (واقعہ تحصیل رعیہ ضلع سیالکوٹ) میں وفات پا گئے۔ آپ کو اپنے برادر عزیز حضرت قلندر شاہ سے بے حد الفت تھی۔ اکثر منظوم خط و کتابت طرفین سے ہوتی تھی پیر محمد اشرف عالم شاہ صاحب موضع سند وکوٹلی پیراں کے جاگیردار اور مولوی غلام دستگیر نامی (لاہور) مصنف کتب متعددہ آپ ہی کے خاندان سے ہیں۔

پیر قلندر شاہ قریشی حضرت پیر مراد شاہ کے چھوٹے بھائی تھے۔ وطن لاہور محلہ کھاری کھوئی تھا۔ ایک عرصہ تک تشنہ کامان لاہور کو آب زلال سے سیراب کرتے رہے۔ اپنے بڑے بھائی کے ساتھ لکھنؤ۔ دہلی۔ الہ آباد۔ بنارس۔ بریلی وغیرہ کی سیر کی۔ آپ سے چند نظمیں یادگار ہیں۔ بیان حق جس میں بہ نظم فارسی عقائد اہل سنت والجماعت کا بیان ہے۔ حلیہ شریف رسول کریم فارسی و اردو نظم میں۔ معراج القبول جس میں بہ دلائل واضح معراج جسمانی کا ثبوت ہے۔ مکتوبات۔ دیوان قلندر فارسی۔ آخر الذکر دو کتابیں غیر مطبوعہ ہیں۔

پیر فرخ بخش قریشی اپنے دونوں متذکرہ صدر بھائیوں کی طرح عربی اور فارسی میں صاحب کمال تھے۔ ان کے کسی مدرس کا پتہ نہیں ملا۔ لیکن انکی تصانیف معلوم ہوئی ہیں۔ جن میں بعض قلمی ہیں۔ شرائط سلوک مطبوعہ ہے۔ اذکار قلندری کا ایک حصہ بھی چھپ چکا ہے۔ جس میں آپ نے اپنے بھائی قلندر شاہ کے مفصل حالات کے ضمن میں تمام بزرگان خاندان کے مجمل حالات بیان کئے ہیں۔ مثنوی حبیب اللہ و راوہاں ماحوال جنگ سیالکوٹ (نظم فارسی) علاوہ ازیں کچھ مکتوبات بھی ہیں۔

پیر سکندر شاہ قریشی یہ نوجوان علم و فضل کا پتلا" بزرگی بہ عقل است نہ بسال" کا صحیح مصداق تھا۔ صرف بیس سال کی عمر تھی۔ کہ ۱۲۲۳ھ میں انتقال کر گیا۔ سکندر شاہ اپنے تمام بھائیوں سے چھوٹے تھے۔ مگر سب سے پہلے انتقال کر

گئے۔ مذہبی علوم میں واقفیت تامہ تھی۔ اس چھوٹی سی عمر میں جو کچھ ان کی یادگار بصورت مکتوبات اور چند غزلیات موجود ہے۔ وہ اہل دل کو تڑپا دینے کے لئے کافی ہے۔ ملاحظہ ہوں چند اشعار

نمی یابم سراغ خانہ ویرانہ دیار خود — چو اشک طفل گرفتم بدامان کنار خود
بتار بخیۂ مژگاں دوختم من چشم حیراں را — رفو از رشتہ بالا کردہ ام چاک گریباں را
بجز یں خیال روئے تو از دل نمی شود — نقشت چناں نشست کہ زائل نمی شود
اشکم ز سر گذشت و باوج سما رسید — ایں طفل بے پدر ز کجا تا کجا رسید
شکستہ ام تو چناں کن کہ شکستہ تر نشوم — خراب و زار و پریشاں ازیں بتر نشوم
تو ابر رحمت و من خشک لب دریا — ببار زود کہ تا خشک بے ثمر نشوم

مولوی عبید اللہ حاکم لاہور

احمد شاہ ابدالی کو سکھوں کی شورش کی وجہ سے بار بار پنجاب آنا پڑتا تھا۔ جب وہ آتا۔ تو سکھ جنگلوں غاروں اور پہاڑوں میں چھپ جاتے تھے۔ جب وہ چلا جاتا تو پھر نکل آتے اور حاکمان لاہور کو تنگ کرتے اور ملک میں لوٹ مار کرتے رہتے۔ ایک مرتبہ جب لاہور سے حاکمان دگوجر سنگھ لہنا سنگھ سوبھا سنگھ) بے دخل آیا۔ اور شہر میں دو عملی کی بجائے سہ عملی کا راج ہوا۔ تو احمد شاہ پھر کابل سے باہر نکلا۔ جب شاہدرہ تک آیا۔ تو سہ حاکمان لاہور سر پہ پاؤں رکھ کر کہیں غائب ہو گئے۔ احمد شاہ نے مولوی عبید اللہ کو جن کے علم و فضل کی وجہ سے اہل شہر اس کا بہت ادب کرتے تھے۔ لاہور کا حاکم بنایا۔ مولوی صاحب مسند درس سے مسند حکومت پر متمکن ہوئے۔ جب وہ چلا گیا تو سہ حاکمان لاہور نے پھر سر نکالا۔ مولوی صاحب نے شہر کے دروازے بند کرا دیئے۔ ایک ماہ تک یہی حالت رہی۔ آخر اہل شہر نے تنگ ہو کر خود ہی دروازہ کھول دیا۔ تینوں سردار شہر میں آ گئے۔ داؤد خاں مولوی صاحب کا نائب تھا۔ سکھوں نے اسے قلعہ کے تہ خانہ کے اندر بند کر دیا۔ اور مولوی عبید اللہ صاحب کو ہم وطنی کی وجہ سے ... اور ان کی فضیلت کی وجہ سے کچھ نہ کہا۔ آخر دو ماہ کے بعد مولوی صاحب کی سفارش سے داؤد خاں کو بھی چھوڑ دیا۔ یہ واقعہ ۱۹۷۵ء بکرمی ... سال پیش و پیش کا ہے۔

لاہور کے ایک فاضل اجل بزرگ

قاضی نظام الدین قاضی القضاۃ لاہور تھے

احمد شاہ ابدالی کے زمانہ سے لاہور کے قاضی چلے آتے تھے۔ سہ حاکمان لاہور نے بھی ان کی قضا میں کوئی دخل نہ دیا۔ علاوہ قضا کے رجسٹراری کا کام بھی کرتے تھے یعنی وثیقہ جات کی تحریر وتصدیق کا کام بھی آپ کے ذمہ تھا۔ جب ماہ بھادوں سمت ۱۸۵۶ مطابق ۱۷۹۹ء[1] میں مہاراجہ رنجیت سنگھ نے سہ حاکمان لاہور کو نکال کر لاہور پر اپنا قبضہ کر لیا۔ تو اکثر اہلکاران قدیمی اور علما فضلا حاضر خدمت ہوئے۔ قاضی نظام الدین بھی آیا اور اجازت طلب کی کہ آئندہ یہ کام کس طرح ہوگا۔ فرمایا جس طرح یہ کام شاہان اسلام سے تمہارے سپرد رہا ہے اسی طرح اب بھی رہے گا۔ ہر ایک قبالہ کی تصدیق اپنی مہر اور اپنے دستخط سے کرو۔ اور ایسی کوئی بات نہ کرو جس سے رعایا میں جھگڑا اور خرخشہ ہو۔ یہ کہہ کر عہدہ قضا کی پگڑی پہنائی۔ اور خلعت فاخرہ دیکر رخصت کیا۔

اندرون موچی دروازہ کا محلہ قاضیخانہ انہی کے نام پر ہے۔ سکھوں کے آخری دنوں میں قاضی عظیم الدین صاحب قضا تھے۔ انگریزی عہد کی ابتدا میں قید وتلاشی تک نوبت پہنچی اور قاضی خانہ کی رونق جاتی رہی۔ اب نام ہی نام ہے۔

فاضل لاہوری عرف مولانا عبدالحکیم سیالکوٹی

علمائے ہند بلکہ علمائے اسلام کے متعلق جس قدر مستند اور قابل اعتماد تذکرے ہیں ان سب میں مولانا عبدالحکیم کا ذکر ہے۔ سبحۃ المرجان میں خصوصیت سے آپ کا تذکرہ ہے۔ یہ کتاب عربی زبان میں ہے۔ راقم الحروف اپنے مکرم دوست "مولوی فاضل" مولوی میر کرم شاہ کاشمیری کا شکر گزار ہے۔ جنہوں نے سبحۃ المرجان سے مولانا عبدالحکیم کے حالات کا ترجمہ کر کے کتاب ہذا میں شامل کرنے کے لئے ارسال کیا ہے۔ مولوی عبدالحکیم کا درس سیالکوٹ یعنی ان کے اپنے وطن میں شروع ہونے سے پہلے لاہور آکر کئی برسوں تک جاری رہا ہے۔ مولوی محمد اللہ بہاری نے اپنی کتابوں میں ان کا اکثر ذکر کیا ہے۔ اور جہاں ان کا قول نقل کیا ہے

[1] بحوالہ تاریخ لاہور رائے کنہیا لعل مگر بعض تاریخوں میں لکھا ہے کہ رنجیت سنگھ نے ۱۷۹۹ء میں لاہور پر قبضہ کیا ہے۔

وہاں "فاضل لاہوری" کے نام سے اُن کو یاد کیا ہے۔ اور طبقہ علماء و فضلاء میں اسی نام سے آپ زیادہ تر مشہور ہیں ✦

ملا عبدالحکیم سیالکوٹی[1] رحمہ پنجابی[2] اہلِ علم کے پیشوا و امام اور علم و فضل کے روشن ستاروں کے بدرِ تمام ہیں۔ ان کی پیدایش۔ سکونت و معاشرت کا فخر خطۂ سیالکوٹ کو حاصل ہے۔ ہوش سنبھالتے ہی طلبِ علم کی خواہش ہوئی۔ مولانا کمال الدین کاشمیری ان دنوں سیالکوٹ میں مقیم تھے۔ ان کے شاگردوں میں شامل ہوئے۔ تھوڑا ہی عرصہ گذرا تھا۔ کہ یہ ہلال بدرِ کامل ہو کر ایک عالم میں چمکنے لگا۔ ان کی علمی استعداد اپنے پورے کمال کو پہنچی۔ جہانگیر بادشاہ کا دورِ حکومت تھا۔ کہ آپ اشاعت اسلام میں مشغول ہوئے۔ منطق۔ معقول۔ نحو اور علومِ دینیات میں آپ یکتائے زمانہ تھے۔ جہانگیر نے کئی مرتبہ دربار میں بلوایا۔ اور [illegible] انعام و اکرام سے سرافرازی بخشی۔ شاہجہان نے دو دفعہ آپ کو ہموزن روپیہ کے ساتھ ترازو میں وزن بھی کرایا۔ اور وہ روپیہ آپ کو دیا گیا۔ روپیہ کی تعداد ہر دفعہ چھ ہزار تھی۔ علاوہ ان اعزاز و بخششوں کے بطور جاگیر کئی گاؤں عطا فرمائے۔ آپ معاش سے بے فکر ہو کر اپنے قیمتی اوقات کو اعلےٰ درجہ کی تصانیف اور شغلِ تدریس میں صرف کرنے لگے۔ ۱۲ ربیع الاول ۱۰۶۷ھ کو سیالکوٹ میں انتقال کیا۔ اور وہیں مدفون ہوئے ✦

طبقۂ علماء میں آپ کی تصانیف بڑی قدر سے دیکھی جاتی ہیں۔ عرب و عجم میں ان کو امتیازِ خاص حاصل ہے۔ ہندوستان کی اکثر علمی و مذہبی درس گاہوں میں بھی ان کا سلسلۂ درس و تدریس اب تک جاری ہے۔ آپ نے زیادہ تر حاشیے اور شرحیں ہی لکھی ہیں۔

---

[1] مولانا کے مفصل و مکمل و دلچسپ حالات کے لئے جن میں عالمِ جنات و ران کے ہم مکتوں حضرت مجدد الف ثانی رحمہ۔ نواب سعد اللہ خاں وزیر شاہجہان اور مشاہیر سیالکوٹ کا بھی ذکر ہے راقم الحروف کی کتاب سوانحعمری مولانا عبدالحکیم ملاحظہ ہو ✦

[2] پنجاب اس زمانہ میں دو صوبوں کا مجموعہ تھا صوبہ لاہور جس کی ایک طرف پشاور تک اور دوسری طرف سرہند تک زمین تھی۔ دوسرا صوبہ ملتان جو سندھ کی حدود تک پھیلا ہوا تھا ✦

چونکہ لاہور میں بھی آپ کا درس رہا ہے۔ اور اہل لاہور بزمانہ اکبر اعرصہ تک آپ کے علم وفضل سے مستفیض ہوتے رہے ہیں اس لئے لاہور کے طبقہ علماء وفضلا میں آپ کا ذکر مناسب سمجھا گیا۔

شیخ احمد لاہوری میر عدلی جہانگیر نے اپنی توزک میں سنہ ۱۰۲۹ھ کے سفر کشمیر کے دوران میں ان کا ذکر کیا ہے اور لکھا ہے "دریں منزل منصب میر عدلی را بہ شیخ احمد لاہوری مرحمت نمودم۔ او در ایام شہزادگی من ہم میر عدل بود و در خدمت جمیع اوقات ادراباد سے فرمودم۔ و از مریدان تربیت یافتہ من است" ان سطور سے معلوم ہوتا ہے کہ جہانگیر ان کا بے حد قدردان تھا۔

حضرت شاہ عنایت قادری شطاریؒ شیخ الشیوخ حضرت شاہ عنایت الرضاؒ راعی قوم کے سرتاج اور مسلمانوں کے چشم وچراغ تھے۔ نام محمد عنایت اللہ کنیت ابو المعارف۔ خاندان کے بزرگ لاہور میں رہتے تھے اور درس وتدریس کا شغل رکھتے تھے۔ آپ کے والد پیر محمد قصور (ضلع لاہور) میں اپنے سسرال کے ہاں جا رہے آپ اسی جگہ سنہ ۱۰۵۶ھ میں بعہد شاہجہان پیدا ہوئے پانچ برس کی عمر میں کلام مجید حفظ کیا۔ نو برس کی عمر میں فارسی عربی کی درسی کتابیں پڑھ گئے بارہ برس کی عمر تھی کہ دستار فضیلت حاصل کی علوم ظاہری کے بعد علوم باطنی کا شوق پیدا ہوا بہت سی تلاش وجستجو کے بعد لاہور آ کر حضرت شاہ محمد رضا قادری شطاری کی بیعت کی اور وہ درجہ حاصل کیا کہ تھوڑے ہی دنوں میں صاحب کمال ہو گئے خزینۃ الاصفیاء (فارسی) میں مفتی غلام سرور نے آپ کا ذکر کیا ہے اور لکھا ہے کہ آپ شاہ محمد رضا قادری اپنے پیر ومرشد کے حکم سے قصور گئے وہیں سید بلھے شاہ نے آپ سے بیعت کی۔ خلقت کا رجوع چاروں طرف سے ہونے لگا حسین خاں افغان حاکم قصور نے اس اجتماع سے خوفزدہ ہو کر آپ کی مخالفت کی۔ آپ قصور چھوڑ کر لاہور چلے آئے اہل [illegible] نے آنکھیں فرش راہ کیں اور جہاں تک ممکن تھا انکی عزت کی۔ لاہور میں تا زیست آپ نے جو درس علوم ظاہری وباطنی کا جاری کیا وہ قائم رکھا۔ صدہا [illegible] لوگ مستفیض ہوئے اور عالم وصوفی بن کر نکلے۔ حدائق الحنفیہ میں لکھا ہے آپ فقیہ

فاضل اور صوفی کامل تھے۔ شرح وقایہ کے حواشی المسمی بہ غایۃ الحواشی دو جلدوں میں تصنیف کئے اور کنز الدقایق کی شرح لکھی۔ مولوی صوفی اکبر علی صاحب نامور مصنف سلیم التواریخ لکھتے ہیں علم سلوک (تصوف) میں دو کتابیں آپ کی تصنیف سے راقم کی نظر سے بھی گذری ہیں ایک کا نام دستور العمل ہے جو عملیات کی ایک جامع کتاب ہے دوسری کا نام لطائف غیبی ہے جس میں اوراد و وظائف اور اشغال و اذکار درج ہیں آپ کے درس میں قرآن شریف۔ تفسیر۔ حدیث۔ مثنوی مولانا روم۔ اور دیگر کتب تصوف شرح و بسط کے ساتھ پڑھائی جاتی تھیں۔ طالب دور دور سے آتے تھے اور مستفیض ہوتے تھے۔ آپ کے ہاں محفل سماع بھی منعقد ہوتی تھی جس میں دیوان حافظ۔ دیوان مغربی۔ دیوان شمس تبریز۔ احمد جام۔ عراقی اور ملا شاہ وغیرہ عرفائے کاملین کا کلام پڑھا جاتا تھا بعہد محمد شاہ بادشاہ ۱۱۴۱ھ میں آپ بمقام لاہور انتقال کر گئے۔ صاحب حدائق الحنفیہ نے فخر دوران اور صاحب خزینۃ الاصفیاء نے "دگر تاج یقین اہل عنایت" سے تاریخ وفات نکالی ہے آپ کے کئی خلفائے کامل ہوئے ہیں لیکن حضرت سید بلھے شاہ صاحب جن کی کافیاں اہل پنجاب کی روحانی غذا ہیں۔ آفتاب عالمتاب ہو کر چمکے۔

حضرت شاہ عنایت کی اولاد اب تک لاہور میں موجود ہے۔ اکثر امامت اور درس قرآن میں مصروف ہیں۔ بعض ملازمت سرکاری میں اعلیٰ عہدوں پر پہنچے ہوئے ہیں۔[1]

مزار آپ کا لاہور میں چڑیا گھر کے قریب ایک کوٹھی کے احاطہ کے اندر ایک اونچے چبوترہ پر زیارت گاہ خاص و عام ہے مزار کی حالت اب وہ تو نہیں جو پہلے تھی اور نہ وہ اراضی معافی کی کہیں موجود ہے تاہم آپ کی اولاد نے جو ایک انجمن بنام انجمن خادمان شاہ عنایت قائم کی ہے اس نے مزار مبارک اور باقی کل قبروں کی مرمت کرا دی ہے اور فرش کا احاطہ پختہ بنوا دیا ہے اسی انجمن کے زیر اہتمام ہر سال ۱۲ ربیع الاول کو حضرت شاہ عنایت کے مزار پر دھوم دھام سے میلہ ہوتا ہے

سید قاضی غلام محمد حسینی سبزواری

رزق آپ کے علاقہ سبزوار سے نقل مکان کر کے صوبہ ملتان میں آئے اور متصل اوچ شریف

---

[1] شیخ سراج الدین صاحب پرسنل اسسٹنٹ اسسٹنٹ جنرل جی ب و شیخ غلام محی الدین تحصیلدار وغیرہ

موضع احمد پور میں آباد ہوئے۔ جب شہنشاہ عالمگیر تک آپ کی شہرت و علمیت اور آپ کی دیانت و امانت کا چرچا پہنچا تو ان کو بلوایا اور لاہور کا قاضی مقرر کیا۔ تحقیقات چشتی میں لکھا ہے کہ وہ کئی برس تک لاہور کے قاضی رہے آپ کو فن طبابت میں بھی مہارت کامل تھی صدہا لوگ فیض اٹھاتے تھے لاہور کی مشہور مبارک حویلی جس میں بزمانہ مہاراجہ رنجیت سنگھ شاہ شجاع مع اپنی بیگمات کے مقیم تھا اور جس میں اب نواب فتح علی خاں قزلباش رہتے ہیں انہی قاضی صاحب کے برادر زادہ میر ذوالفقار علی کی تعمیر کردہ ہے اسی زمانہ سے یہ خاندان لاہور میں آباد ہے۔ قاضی غلام محمد عربی فارسی اور فقہ و حدیث اور علم منطق و معقول میں درجہ اولیٰ رکھتے تھے اور لاہور کی علمی مجلسوں کی رونق تھے۔

مولانا عبدالعزیز عزت دہلوی ثم اللاہوری

دہلی میں اس نام کے تین اہل علم بزرگ گزرے ہیں ایک مولانا شاہ عبدالعزیز محدث دہلوی ابن مولانا شاہ ولی اللہ ابن شیخ عبدالرحیم جو سب سے زیادہ مشہور ہیں ۱۱۵۹ھ میں پیدا ہوئے ۷ شوال ۱۲۲۹ھ کو وفات پائی عرب و عجم اور سارے ہندوستان میں آپ کے علم و فضل کی شہرت ہے۔ دوسرے شیخ عبدالعزیز ابن شیخ حسن بن طاہر جو عہد اکبری کے مشائخ کبار سے تھے۔ عبدالقادر مورخ بدایونی نے بھی آپ سے کسب فیض کیا ہے صاحب تصانیف بھی تھے ۲۹ جمادی الاولیٰ ۹۷۵ھ کو فوت ہوئے قطب طریقت نشانہ مادہ تاریخ ہے تیسرے مولانا عبدالعزیز عہد عالمگیری کے ممتاز عالم تھے عزت تخلص تھا۔ شعر بہت اچھا کہتے تھے، آپ کے دادا شیخ عبدالرشید عالم جید اور بجانب حضرت شاہ عالمگیر مدرس مدرسہ اکبر آباد تھے۔ مولانا عبدالعزیز علاوہ دیگر علوم کے اہل تشیع کے ساتھ مناظرہ کرنے میں ید طولیٰ رکھتے تھے۔ آخر عمر میں لاہور چلے آئے تھے یہاں بھی آپ کے علم و فضل کا کمال چرچا ہوا لوگ جوق جوق جمع ہوتے اور فوائد علمیہ حاصل کرتے۔ لاہور ہی میں ۱۱۸۲ھ میں آپ کا انتقال ہوگیا۔ رسالہ فتح العزیز در رد اثبات خلافت وغیرہ آپ کی تصنیف ہیں[1]

---

[1] اکمل التاریخ حصہ اول صفحہ ۸۰ مرتبہ مولوی محمد یعقوب ضیاء قادری بدایونی

مولوی حافظ غلام رسول چہٹ محلیا

بابا حاجی نور محمد[1] لکھیا کی اولاد سے تھے ان کے آباؤ اجداد اکبر بادشاہ کے زمانہ سے لیکر نادر شاہ اور احمد شاہ درانی کے حملوں تک رئیس ابن رئیس گذرے ہیں چہٹ محل (چہٹا محل) ان کے عالیشان مکان کا نام تھا اور اسی لئے چہٹ محلیا مشہور تھے تجارت و امامت کے ساتھ مولویت کا سلسلہ بھی برابر قائم تھا دنیا کی مستی کے باوجود مردی کو نہیں چھوڑا نسلاً بعد نسلاً ان کے خاندان میں حافظ قرآن ہوتے رہے ہیں۔ مولوی غلام رسول تجارت بھی کرتے تھے اور عصر سے عشا تک مسجد گمٹیاں میں وعظ اور درس فقہ کا سلسلہ بھی جاری رکھتے تھے کامل فقیہ اور زاہد تھے۔ مہاراجہ رنجیت سنگھ کے زمانہ میں ان کے درس کا بڑا چرچا تھا۔ ۱۲۵۵ھ میں جو مہاراجہ رنجیت سنگھ کا سال وفات ہے لاہور میں انتقال کیا۔ حافظ غلام نبی خوش خواں (وفات [illegible]ھ) حافظ ایزد بخش خوشنویس جید و علامہ نواب عثمان مقیم لاہور۔ مولوی کریم الدین فاضل جلیل اور مولوی محمد الدین فوقی مصنف کتب متعددہ چہٹ محلیہ خاندان ہی سے تھے۔

میاں عبدالوہاب لاہوری

ان کے حالات اس سے زیادہ معلوم نہیں ہو سکے کہ شیخ عثمان جالندھری کے خلیفہ تھے، اور میاں محمد بیں دار کاشمیری کے مرشد اور استاد تھے۔ میاں محمد بین کی مجلس میں علماء و فضلا کا جم غفیر رہتا تھا۔ رسالہ قطرات اور رسالہ ضروریہ ان کی یادگار ہیں کشمیر کے نامی تاجر تھے لیکن علما و صوفیا کی صحبت کا اثر غالب تھا اس لئے دولت وغیرہ سب ترک کر دی تھی۔ ۱۱ رمضان [illegible]ھ کو بعہد اورنگ زیب عالمگیر سرینگر میں انتقال کیا

---

[1] حاجی نور محمد کا مکان لاہور میں اس جگہ تھا جہاں آج کل انارکلی کے عقب [illegible] کے متصل [illegible] واقع ہے حاجی نور محمد لاکھوں اور کروڑوں کی تجارت کرتے تھے چار دہ یا پانچ ہو گئے تھے نہایت دیانتدار اور پارسا تھے ایک مرتبہ شاہجہان لاہور میں تھا اسے روپیہ کی ضرورت پیش آئی۔ حاجی نور محمد کو بلوایا اور کہا بابا جی مجھے بیش از بیست و حاجت روپیہ لیا راست" حاجی نے فوراً چار کروڑ روپیہ پیش کر دیا۔ بادشاہ نے مہم سے فارغ ہو نے کے بعد روپیہ واپس دینا چاہا! حاجی نے کہا جب آپ نے مجھے بابا کہا تو آپ میرے بیٹے ہیں اس لئے "ایں زر قبیل برائے اطفال [illegible]" اسی دن سے ان کا نام لکھیا اور ان کے محلہ کا نام لکھی محلہ مشہور ہو گیا۔ شاہجہان بابا حاجی کی بڑی عزت و تعظیم کرتا اور وقت کلام بابا کے الفاظ سے یاد کرتا [illegible]ھ میں ان کا انتقال ہو گیا۔

مولوی حافظ جان محمد

تحقیقات چشتی میں لکھا ہے کہ آپ نواب زکریا خاں صوبہ لاہور کی صاحبزادیوں کے استاد تھے یہ زمانہ ۱۱۹۳ھ یا ایک دو سال آگے پیچھے کا ہے حکام وقت ان کے علم و فضل کی وجہ سے انکی بہت قدر کرتے تھے[1] انکے خوان علم سے صدہا لوگ مستفیض ہوئے۔ حضرت حامد قادری کے خادموں میں تھے اور انکی خانقاہ میں ایک عرصہ تک درس دیتے رہے۔ انکے صاحبزادہ مولوی حافظ رحمت اللہ کے ذریعہ بھی بہت لوگ فضیلت کے مراتب کو پہنچے انکا درس بھی خانقاہ حضرت حامد قادری میں جاری رہا۔ خاندان کی یادگار انکی ذاتی تقریر کی وجہ سے لوگ انکی بہت عزت کرتے تھے۔ آپکے صاحبزادہ مولوی محمد بخش صحاف نے مہاراجہ رنجیت سنگھ اور اسکے جانشینوں کے عہد میں تجارت کتب اور صحافی کا ایک عظیم کارخانہ کھولا جسپر ہزاروں روپے ماہوار کا خرچ آتا تھا اور جسمیں منقد و مصور، نقاش، خوشنویس اور جلد ساز کام کرتے تھے۔ اس زمانہ میں پنجاب میں چھاپے کا رواج نہ تھا ان کے ہاں زمانہ کی کتابیں معقول قیمتوں پر ایران و خراسان تک جاتی تھیں رائے کنہیا لال نے تاریخ لاہور میں ان کا ذکر کیا ہے۔ مفتی غلام سرور نے گنج تاریخ میں "ندا آمد محمد بخش دیندار" سے آپ کا قطعہ تاریخ وفات ۱۲۶۳ھ نکالا ہے خواجہ احمد کشمیری (از اولاد حضرت میشان) نے کشمیر سے آکر خانقاہ حضرت ایشاں پر قبضہ کیا اور مسجد اور خانقاہ کی مرمت کرا کے مولوی محمد بخش کو اس کا متولی مقرر کیا۔[2]

ملا عبد الحمید شاہجہانی

اصل وطن لاہور تھا۔ نہایت عالم فاضل اور مدبر تھے جب شاہجہان نے ان کو اپنی تاریخ لکھنے کے لیے بلوایا ہے تو آپ پٹنہ میں کسی سرکاری خدمت پر مامور تھے۔ شاہجہان نے حکم دیا ابو الفضل نے جس طرز پہ اکبر نامہ مرتب کیا ہے اسی نمونہ پر ہماری سلطنت کا حال لکھ

---

[1] حکام وقت کی قدر افزائیوں نے بھی آپ کو مالا مال کر رکھا تھا۔ آپکی وفات ۵ جمادی الاول ۱۱۹۳ھ کو ہوئی

[2] مولوی محمد بخش صحاف کے حسب ذیل فرزند تھے۔ مولوی حافظ نور بخش، مولوی نقدین اور حافظ خیر الدین۔ مولوی حافظ بخش کے پوتے مولوی غلام محی الدین اور حافظ خیر الدین کے پوتے مولوی ظفر الدین لاہور میں موجود ہیں مولوی ظفر الدین قومی کاموں میں نہایت دلچسپی و سرگرمی سے کام کرنے کے باعث لاہور کی مسلم سوسائٹی میں مشہور و معزز ہیں۔ مولوی نقدین کے پوتوں میں میاں جمال الدین خلف مولوی فیروز الدین نے فن مصوری کے علاوہ فوٹو [illegible] میں بھی کمال حاصل کیا ہے۔

جائے۔ ملا عبدالحمید سے پیشتر محمد امین قزوینی بن ابوالحسن قزوینی عرف مرزا امینا کو شاہجہان نے ۸ سنہ جلوس میں اپنے عہد کی تاریخ لکھنے کا حکم دیا تھا اس نے ابتدائے سلطنت سے دس سال تک کا حال لکھ کر ۱۰ سنہ جلوس میں بادشاہ کی نذر کیا ملا عبدالحمید نے دس سال کے حالات تو بادشاہ نامہ محمد امین قزوینی سے لئے اور ۱۱ سنہ جلوس سے ۲۰ سنہ جلوس شاہجہانی تک کے حالات خود لکھے۔ معلوم ہوتا ہے ۲۰ سنہ جلوس مطابق ۱۰۵۶ھ میں یا تو ملا عبدالحمید کا انتقال ہو چکا تھا یا یہ خدمت اس سے لے لی گئی تھی اس کی وجہ یہ ہے کہ ۲۱ سنہ جلوس سے ۳۰ سنہ جلوس تک کا حال محمد وارث نے لکھا ہے اور ملا عبدالحمید کا کہیں ذکر نہیں آتا۔ ملا عبدالحمید اپنے زمانہ میں یوں تو تمام علوم پر حاوی تھا مگر تاریخ سے اسے خاص دلچسپی تھی۔

مولوی نظام الدین عرف پیر مہکا گیارہویں صدی ہجری کے اواخر اور بارہویں صدی ہجری کی ابتدا میں لاہور میں ان کا فیضان علم جاری رہا ہے پیر مہکا ان کو اسلئے کہتے ہیں کہ جو کوئی مہکوں والا ان کے پاس جاتا تھا ان کی دعا سے شفا پاتا تھا اب تک یہ منت ان کی قبر پر جاری ہے اور وہاں لوگ چادر اور پھولوں کا سہرا بطور نذر چڑھاتے ہیں مولوی نور احمد چشتی مصنف تحقیقات چشتی نے پانچویں پشت میں اپنے آپ کو ان کے خاندان سے ظاہر کیا ہے وفات مولوی نظام الدین کی ۷ صفر سنہ ۱۱۱۱ھ کو بعہد اورنگزیب عالمگیر ہوئی مقبرہ ان کا متصل موضع گڑھی شاہو جنوب رویہ ریلوے سڑک میانمیر موجود ہے۔ قاضی ضیاء الحق (جن کی اولاد سے مولوی خدا بخش وکیل اور مولوی نور احمد چشتی ہیں) اور قاضی بہاء الحق جن کی اولاد اورنگ آباد وغیرہ میں سکونت پذیر ہے آپ کے برادرزادے تھے مولوی ضیاء الحق کا درس بھی لاہور میں جاری رہا۔

امام غلام محمد المشہور امام گاموں مہاراجہ رنجیت سنگھ کے زمانہ میں آپ مسجد وزیرخاں کے امام تھے مہاراجہ آپ کی بڑی عزت کرتے تھے مسجد وزیرخاں محض آپ کی طفیل اس زمانہ میں سکھوں کے قبضہ اور

مدینۃ امام الخطبا۔ اس میں مقامات حریری کے مقابلہ میں بے نقط خطبے لکھے ہیں فن طبابت
میں بھی آپ کو دخل تھا چنانچہ دو کتابیں آپ کی علم حکمت میں بھی یادگار ہیں۔ جامع احمد فارسی
کتاب زبدۃ الفتح فی معالجات ضعف الباہ۔ عربی اور فارسی میں آپ شعر بھی کہتے تھے تخلص
تارک تھا ایک دیوان آپ کی یادگار ہے موسومہ بسنزیل الاحزان جس میں فارسی اور عربی کے
کے اشعار بطور پند و نصائح درج ہیں۔ اپنی تصنیف تحذیر الاخوان میں آپ نے اسناد علم حدیث
وفقہ کا ذکر کیا ہے اس کتاب میں آپ نے اپنی زندگی۔ تعلیم۔ تصانیف اور استادوں اور
دیگر اہل علم حضرات کے حالات درج کئے ہیں سید اسحاق حضرت پیراں بادشاہ کی شان میں جن کا
مزار مسجد وزیر خاں کے اندر حوض کے پاس ہے آپ نے عربی اور فارسی میں اکثر اشعار تصنیف
کئے ہیں از انجملہ چند ایک حسب ذیل ہیں۔ (عربی)

مزار ساطع منه شمع الملة بيضا   اذا ما داناه صدقا وجبت الباب للمنهار

ثمن في القبر [illegible] اعوام الناس اسحق   مسمى الاسم ترياق لسم الحية الرقطاء

(فارسی)

بیا اے مومن سنی بہ بیت اللہ اندر شو   طہارت ساز از خون دل و یاقوت احمر شو
چو رو آری بہ محراب عبادت یاد کن محشر   گدازی از ریاضت نفس را و فضا چون زر شو
فریضہ چوں ادا کردی بہ امر حضرت رحماں   یکایک بار از مزار سید اسحاق انور شو
حصول قلب از قرب جنابش کامل شو و تارک   فدائے آل و اصحاب رسول اللہ اکبر شو

سید چراغ علی شاہ چشتی سبزواری

قاضی غلام محمد قاضی لاہور عہد عالمگیری کی اولاد سے تھے نہایت عالم فاضل اور نیز
علم تجوید [illegible] میں بھی مہارت کامل رکھتے تھے ان کے مکان پر طلباء کا ہجوم رہتا
تھا دینیات [illegible] نہایت خوشنویس [illegible] تھے اکثر شیخ و شاب
طالبان حق نے آپ کے ہاتھ پر بیعت بھی کی۔ آپ مولوی نور احمد صاحب چشتی مصنف تحقیقات
چشتیہ کے زمانہ [illegible] میں زندہ تھے چنانچہ وہ اپنی تصنیف تحقیقات چشتی میں جو غدر [illegible]
کے بعد شروع کی گئی اور [illegible] میں جا کر چھپی تھی لکھتے ہیں۔ چونکہ کچھ عرصہ سے شب و روز درد

وظائف اور تجرید کی طرف طبیعت زیادہ رجوع ہے اس لئے بارہ تیرہ سال سے آپ نے اناج کھانا چھوڑ دیا ہے۔ اسی کتاب میں آپ کے تین صاحبزادوں کا بھی آپ نے ذکر کیا ہے ایک سید حاکم علی شاہ دوسرے سید بہادر علیشاہ جن کے متعلق لکھا ہے کہ وہ علم طبابت اور نظم ونثر فارسی عربی میں طاق ہیں تیسرے سید نادر علیشاہ۔ سید چراغ شاہ کا تکیہ اور باغیچہ گورستان میانی میں واقع ہے۔

مولوی غلام فرید عالم اجل اور فاضل اکمل تھے۔ تمام عمر درس وتدریس میں مشغول رہے۔ تجرید وتفرید آپ کی طبیعت پر غالب تھی۔ عابد زاہد اور ذاکر تھے سنہ ۱۲۱۳ھ میں وفات پائی۔

میاں زکریا لاہوری شیخ الاسلام مفتی قوام الدین محمد کاشمیری نے جو فقیہ جید اور محدث کامل تھے اور علماء کے علاوہ آپ سے بھی تلمذ کیا تھا۔ سنہ ۱۱۷۵ھ میں بعہد حکومت درانیہ آپ کے درس کا پتہ چلتا ہے مفتی قوام الدین نے ۹ ذی قعدہ سنہ ۱۲۱۵ھ کو کشمیر میں انتقال کیا۔ مفتی شریف الدین آپ کی یادگار ہیں۔

مولوی غلام رسول مولوی غلام فرید فاضل لاہوری کے بیٹے تھے۔ عالم کبیر فاضل باتوقیر۔ جامع علوم عقلیہ ونقلیہ تھے۔ آپ کی ذات بابرکات کو دریائے فیض اور چشمہ فضل پیدا کیا تھا صدہا آدمی آپ کے وسیلہ سے مرتبہ فضیلت کو پہنچے سنہ ۱۲۵۰ھ میں وفات پائی۔

مولوی جان محمد لاہوری واعظ متقی۔ عالم باعمل۔ تدریس وتصنیف کا بڑا شوق تھا سنہ ۱۱۹۳ھ میں پیدا ہوئے حاوی فروع واصول تھا وعظ میں خاص تاثیر تھی بڑے بڑے پاپی گنہگار سنتے تو روتے اور سر ارادت بے نماز نمازی ہو جاتے تھے پنجاب کے اکثر اضلاع میں آپ کے کثیر التعداد تلامذہ تھے آپ سے اکثر تصنیفات بھی یادگار ہیں۔ ۱۰ محرم سنہ ۱۲۶۰ھ کو وفات پا گئے۔ مسجد وزیر ایمان والی واقع کشمیری بازار لاہور میں آپ کا درس ہوتا تھا تاریخ لاہور میں لکھا ہے کہ رنجیت کے زمانے میں صاحب الشیخ تھے

لہ مہاراجہ رنجیت سنگھ نے اسکی ایمانداری ودیانت سے خوش ہوکر ایمان دار کا خطاب لے دیا تھا

مولوی غلام اللہ مولوی غلام فرید کے بیٹے اور مولوی غلام رسول کے بھائی تھے آپ کی ذات مظہر کمالات دینی و دنیوی تھی۔ تدریس و تعلیم میں علمائے متقدمین کا نمونہ تھے۔ علوم فقہ و حدیث۔ تفسیر۔ صرف نحو۔ اور منطق و معانی میں آپ سے ہزار ہا تشنگان علم کی پیاس بجھائی۔ سنہ ۱۲۶۲ھ میں وفات پائی۔ مرجع الفضلا تاریخ وفات ہے

مولوی محمد حیات لاہوری عالم فاضل تھے۔ جوانی میں مراد آباد چلے گئے اور وہیں درس گاہ جاری کر دیا۔ لاہوری پنجابی کے نام سے مشہور تھے۔ قاضی مفتی سعد اللہ مراد آبادی (پیدائش سنہ ۱۲۱۹ھ وفات سنہ ۱۲۹۳ھ) جو شیخ کامل اور منقول و معقول کے چیدہ تھے کتب درسیہ علاوہ مولانا صدر الدین صدر الصدور دہلی کے آپ سے بھی پڑھتے رہے ہیں۔

مولوی حافظ ولی اللہ عالم فاضل فقیہ۔ متبحر مباحث۔ مناظر۔ واعظ۔ جامع علوم عقلیہ و نقلیہ۔ تردید عقاید نصاریٰ میں بڑے بڑے پادری آپ کے مقابلہ سے چکراتے تھے۔ حافظ آپ کا مشہور عام تھا۔ کتاب کی سطر صفحہ تک یاد رکھتے تھے۔ مولوی غلام رسول مرحوم قلعہ میہاں سنگھ۔ مولوی نور احمد ساکن کھائی [illegible] مولوی احمد الدین بگوی سے آپ نے علوم حاصل کئے۔ ہر جمعہ کو جامع مسجد لاہور میں آپ کا وعظ ہوتا تھا۔ صاحب فتاوے تھے۔ مولوی فقیر محمد جہلمی مرحوم مصنف حدایق الحنفیہ و ایڈیٹر سراج الاخبار جہلم فن مناظرہ میں آپ کے شاگرد تھے سنہ ۱۲۸۴ھ میں پادری عماد الدین سے بمقام امرتسر آپ کا ایک تحریری مباحثہ ہوا۔ مباحثہ دینی میں آپ نے کئی کتابیں بھی لکھی ہیں بروز جمعہ [illegible] جمادی الاول سنہ [illegible] کو آپ نے لاہور میں انتقال کیا۔ تاریخ لاہور میں لکھا ہے کہ حافظ ولی اللہ باوجود نابینا ہونے کے لاثانی عالم تھا

مولوی غلام محمد بگہ والے لاہور میں یہ خاندان نہایت نامور اور باعزت گذرا ہے سکھوں کے عہد حکومت میں ان کا درس دور دور تک مشہور تھا۔ آج سنہ ۱۹۱۵ء سے پچاس ساٹھ سال پیشتر مولوی غلام محمد بگہ والے بادشاہی مسجد کے امام تھے اور فقہ و حدیث۔ اصول و معانی کا درس بھی دیتے تھے ان کے درسگاہ [illegible]

کے دور دور علاقوں سے تشنگانِ علم آتے تھے اور سیراب ہو کر جاتے تھے۔ مولوی صاحب بگہ۔ بجیرہ ضلع شاہ پور کے رہنے والے تھے آخر عمر میں اپنے وطن ہی میں انتقال کیا مولوی محمد ذاکر مرحوم جو اسلامیہ ہائی سکول لاہور میں مدرس اور بڑے زاہد و پرہیزگار تھے۔ انہی کے داماد تھے

شیخ عبداللہ بلوچ

احمد شاہ ابدالی کے پوتے زمان شاہ اور سہ حاکمان لاہور (قبل از ۱۸۰۰ء)

کے زمانہ میں یہ بزرگ موضع مزنگ نزیل لاہور کے نامور عالموں میں تھے لاہور کے علما فضلا اور اکثر طالبان علم لاہور سے چل کر ان کے پاس تحصیل علم کے لئے آتے تھے۔ مفتی شیخ فیض بخش اس زمانہ کا ایک نامور عالم آپ کی خدمت میں ارادتمندانہ طور سے آتا تھا۔ حافظ غلام محمد عرف امام گاموں امام مسجد وزیر خاں آپ کے مریدوں میں تھا مزنگ کا محلہ کوٹ عبداللہ شاہ آپ ہی نے آباد کیا تھا۔ پنجابی زبان کے نہایت اعلےٰ شاعر تھے ۱۲۱۳ھ میں انتقال کیا۔ ۱۸۵۸ء ۱۲۷۵ھ میں سردار خاں بلوچ نمبردار مزنگ نے آپ کا مقبرہ بنوایا۔ ایک بہت بڑی مسجد کی بھی اس نے ساتھ ہی بنا رکھی تھی اور مینار بنانے کا بھی ارادہ تھا مگر موت نے مہلت نہ دی شیخ عبداللہ کا مزار مزنگ کے شمال مغربی گوشہ میں اینٹوں کی ایک چار دیواری کے اندر واقع ہے۔

ملا مہدی خطائی علما شیعہ

بعہد مہاراجہ رنجیت سنگھ مذہب امامیہ کے

آپ نامور عالم تھے۔ ملا محمد مقیم تلمیذ شیخ حر عاملی کے شاگردوں میں تھے ارسطو جاہ مولوی سید رجب علی جگراؤنی ملا مہدی کے درس میں ۱۸۱۱ء میں شامل ہوئے تھے جب کہ وہ اپنے حالات (مسندرجہ تحقیقات چشتی) میں لکھتے ہیں کہ ۱۸۰۱ء میں میری پیدائش ہوئی اور دس سال کی عمر میں لاہور آیا اور تحصیل علوم کے لئے ملا مہدی خطائی کی درسگاہ میں داخل ہوا جو اس وقت علمائے شیعہ کے ایک جید عالم و فاضل تھے علوم متداولہ رسمیہ کے علاوہ صرف نحو پر ملا مہدی کو بہت بڑا عبور تھا

سید [illegible] حضرت مخدوم جہانیاں کی اولاد سے تھے۔ وطن اوچ شریف [illegible]

پیشتر لاہور میں پیدا ہوئے۔ چودہ سال کی عمر تک آپ عربی فارسی کے علوم درسیہ سے فارغ ہو چکے تھے بعد ازاں اپنے مطالعہ سے ان علوم میں کافی مہارت پیدا کی۔ حضرت خواجہ خدا بخش چاچڑاں والے سے بیعت کی۔ خواجہ سلیمان سنگھڑ والے کے پیر بھائی تھے۔ بعہد مہاراجہ شیر سنگھ ۲۰ جنوری ۱۸۴۳ء تا یکم فروری ۱۸۴۳ء لاہور آئے۔ رات مسجد وزیر خاں میں رہ کر صبح مزار حضرت میاں میر پر گئے۔ وہاں حضرت محمد یار شاہ قادری کی تعریف سنی جو کوٹ پھیرو ضلع گوجرانوالہ کے ایک مرد کامل تھے وہاں جا کر بیعت کی اور فیض یاب ہوئے لاہور میں واپس آنے پر نواب شیخ امام الدین مرحوم نے متصل چوبارہ چھجو بھگت ایک مکان اور کنواں بنوا دیا۔ مولوی نور احمد مصنف تحقیقات چشتی ان کے متعلق لکھتے ہیں عجب طبیعت کا مرد ہے۔ ہر وقت قال اللہ و قال الرسول کا ذکر ہے کلام عارفانہ و فاضلانہ ہے اور با اثر اور جذبہ والی ہے مگر حیرت ہے کہ یہ مولوی علم شریعت کا ماہر ہو کر بھنگ اور چرس اور مسکرات کا عادی ہے آمد کا کوئی ذریعہ نہیں مگر خرچ امیرانہ ہے۔ مولوی نور احمد نے آپ سے ۱۸۴۳ء سے پیشتر مہارانی جنداں و مہاراجہ دلیپ سنگھ ملاقات کی تھی لکھتے ہیں علم مجلس علم دین اور علم تسخیر میں صاحب کمال ہیں ایک مرتبہ حج کو بھی گئے مگر امرتسر میں ۶ ماہ رہ کر واپس آ گئے

خلیفہ غلام رسول غلام اللہ

یہ دونوں بزرگ بعہد مہاراجہ رنجیت سنگھ نہایت نامور عالم گزرے ہیں موراں طوائف نے جس کو مہاراجہ کی کمال مہربانی تھی بلکہ روپے پیسے پر بھی اس کی ضرب لگتی تھی۔ شاہ عالمی دروازہ کے اندر ۱۲۳۴ھ میں ایک مسجد بنائی تھی چنانچہ قطعہ تاریخ تعمیر مسجد کا جو مسجد کے بیرونی دروازہ پر لکھا ہوا ہے حسب ذیل ہے۔

بفضل ایزد و آرائے افلاک — چو موراں مسجدے آراست بر خاک
بتاریخ بنایش ہاتفے گفت — شد تعمیر این مسجد پاک

یہ مسجد بہت بلند ہے اور [illegible] سے نیچے دو دکانیں ہیں اوپر مسجد ہے جہاں طلبا اور درویشوں کے رہنے کی جگہ بھی ہے۔ اس زمانہ میں خلیفہ غلام رسول اور غلام اللہ دونوں بھائی اپنے علم و فضل کے لحاظ سے پنجاب میں استاد کل کے نام سے پکارے

جاتے تھے۔ مہاراجہ رنجیت سنگھ نے مسجد کی امامت اور درس گاہ سب ان کے سپرد کی اور گو کسی تاریخ میں اسکا ذکر نہیں ہے لیکن قیاس چاہتا ہے کہ سالانہ وظیفہ یا کوئی ماہوار رقم بھی ان کے لیے ضرور مقرر کی ہوگی۔ اس زمانہ میں دونوں بھائیوں کی وجہ سے تمام پنجاب میں اس مسجد و مدرسہ کی شہرت ہوگئی۔ علم فارسی عربی۔ صرف نحو منطق معانی۔ حدیث تفسیر کی تعلیم ہوتی تھی اور ہندو مسلمان یکساں شوق سے اسی مسجد و مدرسہ میں عربی فارسی کی تعلیم حاصل کرتے تھے تمام لوگ کیا ہندو کیا مسلمان اور کیا سکھ سب خلیفہ صاحبان کا ادب کرتے تھے۔ خود مہاراجہ رنجیت سنگھ جب خلیفہ غلام اللہ کو بلاتے تو تعظیم دیتے اور بجائے فرش کے کرسی پر بٹھاتے تھے خلیفہ حمید الدین انہی خلیفہ صاحب کے صاحبزادے تھے جو فاضل اجل اور عالم متبحر تھے اور جو انجمن حمایت اسلام لاہور کے بانیوں میں سے تھے خان بہادر خلیفہ عماد الدین خلیفہ حمید الدین کے بیٹے تھے جو اگست ۱۹۱۱ء کو وفات پا چکے۔ اب ڈاکٹر خلیفہ شجاع الدین ایم اے۔ ایل ایل ڈی بیرسٹر ایٹ لا اس نامور خاندان کے ایک روشن ستارے ہیں۔

نواب سرافراز خاں نواب مظفر خاں والئے ملتان کے بیٹے تھے۔ مہاراجہ رنجیت سنگھ نے پنجاب کی اس اسلامی حکومت پر پے در پے حملے کیے اور ہر حملے میں لاکھوں روپے نذرانہ لیتا رہا۔ لیکن دلی خواہش چونکہ اس حکومت کو مٹا دینے کی تھی اس لئے بار بار کسی نہ کسی بہانہ سے حملے کرتا رہتا تھا۔ نواب مظفر خاں نے تنگ آکر مردانہ وار جان دینی مناسب سمجھی چنانچہ ۱۸۱۸ء میں مع پانچ فرزندوں کے میدان جنگ میں شہید ہوگیا اس کے باقی تین بیٹوں میں سے سرافراز خاں و ذوالفقار خاں لاہور آگئے اور ایک بیٹا [illegible] بہاولپور [illegible] نواب سرافراز خاں شہزادہ [illegible] علم و فضل میں [illegible] کمال [illegible] شعر [illegible] اہل علم کو آپ سے [illegible] آپ [illegible] اہل علم کی پرورش و امداد کرتے تھے آپ کی مجلس [illegible] خزینہ ہوتے تھے نواب عبد المجید خاں جو لاہور کے نامی رئیس اور [illegible] اور علوم عربی فارسی میں شہرت [illegible] تھے

نواب سرفراز خاں کے شہید جانی نواب شاہ نواز خاں کے بیٹے تھے۔ ۲۶ فروری ۱۹۰۲ء کو انتقال کر گئے

مولوی احمد بخش یکدل چشتی سکھوں کے عہد میں لاہور کے نامی لوگوں میں تھے۔ درس تدریس کا سلسلہ ورثہ سے چلا آتا تھا اس لئے اکثر لوگ ان سے فیضیاب ہوئے۔ مہاراجہ رنجیت سنگھ نے کچھ جاگیر بھی دی تھی اور کچھ نقد پنشن بھی۔ سلطنت انگلشیہ کے استحکام (۱۸۴۹ء) پر یہ جزوی معافی او پنشن جو سند بعد نسلاً تھی صرف ان کے بڑے لڑکے مولوی نور احمد کی حیات تک محدود ہو گئی۔ [illegible] میں مولوی احمد بخش یکدل مع اپنے فرزند اکبر مولوی نور احمد کے دہلی گئے اور ابوظفر سراج الدین بہادر شاہ خاتم السلاطین مغلیہ کے دربار میں باریابی کا شرف حاصل کیا۔ مولوی احمد بخش اردو اور فارسی کے شاعر تھے یکدل تخلص تھا بادشاہ بھی شاعر تھا اور شعرا اور اہل علم کا قدردان۔ مولوی صاحب اور ان کے فرزند کو خلعت عطا کیا۔ اور مولوی صاحب کو فخر الشعرا کا خطاب عطا کرنے کے علاوہ حسب ذیل مہر کندہ کرا کر عطا کی "فضیلت پناہ یکدل آگاہ فخر الشعرا مولوی احمد بخش یکدل فدوی محمد بہادر شاہ بادشاہ غازی"۔ راقم الحروف نے مولوی احمد بخش یکدل کے ہاتھ کی لکھی ہوئی ایک غیر مطبوعہ ڈائری دیکھی ہے جس میں اکثر تاریخی وطبی اور دلچسپ و کارآمد باتیں درج ہیں۔ مولوی یکدل اپنے قابل فرزند مولوی نور احمد کے انتقال کے ناقابل برداشت صدمہ کی وجہ سے ۲۰ نومبر [illegible] کو انتقال کر گئے۔ مولوی یکدل کے منجھلے بیٹے مولوی [illegible] علی [illegible] تخلص [illegible]۔ ان کے تیسرے فرزند مولوی محرم علی صاحب چشتی بفضلہ تعالیٰ بقید حیات ہیں۔ آپ اپنے آباؤ اجداد کی طرح صوفیائے کرام سے پوری عقیدت رکھتے ہیں اور انکی خدمت اپنا فخر سمجھتے ہیں۔ انگریزی فارسی اور اردو میں نہایت قابل ہیں اور تینوں زبانوں میں تحریر [illegible] اہل قلم میں مانا جاتا ہے نثر و نظم پر پورا عبور ہے۔ [illegible] آپ چشتی خواجہ غریب النواز اجمیری [illegible] کرتے ہیں گیارھویں بھی [illegible]۔ صحیح معنوں میں آپ اپنے بزرگوں کے نقش قدم پر چل کر ان کا نام روشن کر رہے ہیں۔ [illegible] لاہور [illegible] میں آپ کا شمار ہوتا ہے۔ صاحبزادہ مولوی قاسم علی چشتی نے گولڑہ شریف میں حضرت پیر سید مہر علی شاہ صاحب سے تعلیم دینی اور لقب فاضل لاہوری حاصل کیا ہے۔

* آپ کے فرزند مولوی [illegible] علی چشتی کا چھ سال ہوئے انتقال ہو گیا ہے۔

مولانا حضرت محمد فاضل لاہوری

بزمانہ شاہجہان لاہور کے ممتاز علما و فضلا میں تھے ان کے زہد و اتقا کی وجہ سے بھی لوگ ان کے عقیدتمند تھے۔ مولانا شاہ شرف جن کا ذکر اسی کتاب میں پہلے ہو چکا ہے آپ کے نامور خلفا اور شاگردوں میں تھے۔ مولانا شاہ شرف کے مقبرہ کے پاس بقول صاحب تحقیقات چشتی ایک بہت بڑی مسجد تھی جو اب مسمار ہے اور جس کے کھنڈرات ہی باقی ہیں۔ اس مسجد میں مولانا محمد فاضل کا درس تھا۔ اس درسگاہ سے لاہور اور گرد و نواح کے بیشمار اولی عالم اجل ہو کر نکلے۔ تعلیم مفت تھی۔ مولانا سلطنت کی طرف سے مدد معاش حاصل کرتے تھے اور بے فکری سے لوگوں کو علمی فیض پہنچاتے تھے۔ بعض کتب میں مولانا محمد فاضل کو مولانا شاہ شرف کا والد بیان کیا گیا ہے۔ تحقیقات چشتی نے صفحہ ۵۵ پر خانقاہ شاہ جمالؒ کے ایک مجاور کی زبانی شاہ شرف کو بٹالہ کا نومسلم ظاہر کیا ہے جس نے اپنی بھاوجہ سے ناراض ہو کر فقیری اختیار کر لی تھی اور لاہور میں آ کر حضرت محمد فاضل کے دست حق پرست پر اسلام قبول کر لیا تھا۔ وفات مولانا محمد فاضل کی ۱۱۳۱ھ بعہد فرخ سیر بیان کی جاتی ہے جس سے معلوم ہوتا ہے وہ نہایت طویل العمر تھے۔ اسی کتاب میں صفحہ ۵۹۵ پر لکھا ہے مولانا علاوہ صاحب علم ہونے کے خوشنویسی و کتابت میں بھی صاحب کمال تھے ان کے ہاتھ کے لکھے ہوئے اکثر قطعات معرفت راقم (یعنی مولوی نور احمد چشتی مصنف تحقیقات چشتی) ۱۸۶۴ء میں لاہور کے عجائب گھر میں داخل ہوئے تھے۔

ملا فتح الدین لاہوری

معلوم نہیں یہ کون بزرگ تھے کب پیدا ہوئے کب انتقال فرمایا کہاں درس تھا کون کون خوش نصیب لوگ ان سے مستفیض ہوئے۔ ان کے ذریات میں سے بھی کوئی ہے یا نہیں۔ اکمل التاریخ بدایونی (جس میں اولیائے و علمائے بدایوں کے حالات ہیں) کے مطالعہ سے صرف اتنا معلوم ہو سکا ہے کہ حضرت مولانا فضل حق خیرآبادی جن کو استاد مطلق بھی کہا جاتا ہے کے زمانہ میں ملا فتح الدین لاہوری نہ صرف پنجاب بلکہ ہندوستان کے نامور علما میں تھے اور مولانا فضل حق کے ممتاز و مخصوص شاگردوں میں تھے چنانچہ صاحب اکمل التاریخ مولانا فضل حق کے نامور شاگردوں میں ملا فتح الدین لاہوری کا ذکر کر کے لکھتے ہیں "ہندوستان میں ان حضرات میں کا ہر شخص [illegible]

ملے ہے۔" مولانا فضل حق خیرآبادی کے سال پیدائش و وفات[2] پر نظر ڈالنے سے معلوم ہوتا ہے کہ
ملا فتح الدین سکھوں کے آخری زمانہ اور سرکار انگریزی کے عہد اولیں میں لاہور میں زندہ تھے۔

مجتہد العصر مولانا سید ابوالقاسم آقا سید حسین القمی الکاشمیری کے بیٹے تھے ۱۲۴۹ھ میں بمقام فرخ آباد پیدا ہوئے جبکہ ان کے والد
بسلسلہ تجارت کشمیر سے (زمانہ واجد علیشاہ بادشاہ اودھ) لکھنؤ آرہے تھے آپ نے فقہ
اصول تفسیر، حدیث میں وہ نام پیدا کیا کہ مجتہد اعظم سلطان العلما آقا سید محمد سے
فاضل ابوالقاسم کا لقب حاصل کیا۔ نواب علی رضا خاں قزلباش رئیس لاہور کے زمانہ
میں آپ لاہور آئے۔ جہاں آپ کے علم و فضل کی وجہ سے بڑی قدر ہوئی یہیں
سے آپ حج بیت الحرام و زیارت کربلائے معلی کے لئے روانہ ہوئے۔ عراق عرب
میں اکثر علمائے عصر سے آپ کے مباحثات علمیہ رہے جس سے وہاں فاضل ہندی
آپ کا نام مشہور ہوگیا۔ مشہد۔ شیراز۔ قم۔ کرمان۔ اصفہان کے علماء مجتہدین
سے ملے۔ اجتہاد کی سند حاصل کی، واپسی پر لاہور آکر جب آپ نے کشمیر
جانے کا ارادہ ظاہر کیا۔ تو نواب نوازش علی خاں اور نواب ناصر علی خاں نے
روک لیا اور ان کے تمام مصارف کے متکفل ہوئے۔ لاہور میں آپ نے
مذہب شیعہ کی تعلیم کے لئے ایک مدرسہ امامیہ جاری کیا اور امامیہ جامع
مسجد تیار کی جو ۱۳۰۹ھ میں تیار ہوئی پچہتر سال کی عمر میں ۱۴ محرم الحرام ۱۳۲۴ھ
کو انتقال کیا تمام مسلمانان لاہور نے اس دن بوجہ ماتم دکانیں بند کر دیں
اور مدارس اسلامیہ میں تعطیل ہوگئی۔ آپ نے مذہب امامیہ کے متعلق
کئی کتابیں فارسی میں، لکھی ہیں جن میں تفسیر لوامع التنزیل سواطع التاویل
سب سے زیادہ مشہور رہے۔ جس کو اب آپ کے قابل جانشین مولانا سید
علی الحائری مجتہد العصر مکمل کر رہے ہیں۔ آپکے ایک اور صاحبزادہ ابوالفضل اصفہانی بھی ہیں

---

[1] انیس الاحباب مجتہد دلی صفحہ ۹۹ [2] پیدائش [illegible] وفات ۱۲ صفر [illegible] علمائے ہند کی انیس کے سراج منیر جیسے
[illegible] کی تصنیف میں [illegible] سعیدیہ وغیرہ معقول میں بہت مشہور ہیں

لاہور کی گذشتہ اہل علم خواتین

بی بی حلیمہ المشہور بیوی تنوری تحقیقات چشتی میں لکھا ہے حضرت مسعود قریشی کی صاحبزادی تھیں آپ حضرت بی بی صاحبہ پاک دامناں کی روٹیاں پکایا کرتی تھیں۔ اسلئے بیوی تنوری کے نام سے مشہور ہو گئیں نان پزان لاہور بیوی تنوری صاحبہ کو اپنا پیشوا اور پیر سمجھتے ہیں اور ان کا نام لیکر کام پر بیٹھتے ہیں آپ عالمہ فاضلہ تھیں اور پردہ میں بیٹھ کر لوگوں کو درس دیا کرتی تھیں

بی بی پاکدامناں تحقیقات چشتی میں لکھا ہے کہ یہ چھ بیبیاں تھیں۔ ایک جناب مرتضیٰ علی کرم اللہ وجہہ کی صاحبزادی بہ اسم رقیہ المشہور بی بی تاج باقی پانچ صاحبزادیاں (تاج۔ حور۔ نور۔ گوہر۔ شہباز) حضرت عقیل برادر حضرت علیؓ کی صاحبزادیاں تھیں واقعہ کربلا کے بعد یہ بی بیاں ہندوستان آئیں اور لاہور میں آکر مقیم ہوگئیں جہاں اس زمانہ میں کسی ہندو راجہ کی حکومت تھی، سات سو چار آدمی ولی اللہ حافظ قرآن ان کے ہمراہ تھے۔ ان بی بیوں کے آنے سے راجہ کا آتش کدہ سرد ہوگیا۔ اس نے تحقیقات کی تو معلوم ہوا عرب سے چند بیبیاں اور بہت سے مرد آئے ہیں اور یہ انہی کے قدموں کی برکت ہے راجہ کا بیٹا بی بیوں کو راجہ کے حکم سے لینے آیا انہوں نے انکار کیا۔ بی بی صاحبہ کلاں نے راجہ کے لڑکے کو نظر توجہ سے جو دیکھا وہ بیہوش ہو کر گر پڑا ہوش میں آیا تو مسلمان ہو گیا راجہ کو خبر ہوئی وہ بہت سترد ہوا۔ شہر میں ایک شور عظیم مچ گیا۔ بی بیاں خائف ہوئیں اور دعا مانگی بار الہا زمین کو حکم دے کہ پھٹ جائے تاکہ ہم سما جائیں اور بے پردگی و بے حرمتی سے نجات پائیں۔ ان کی دعا قبول ہوئی زمین پھٹ گئی اور وہ اس میں سما گئیں۔

مولوی غلام دستگیر صاحب نامی نے جو محلہ چاہ بی بیاں میں رہتے ہیں۔ تاریخی واقعات سے سطور بالا کی تردید کی ہے چنانچہ راقم الحروف کے پاس آپ نے جو مضمون بھیجا ہے اس میں لکھا ہے کہ نا، جو نام تحقیقات چشتی . . . . وغیرہ کے مصنفوں نے حضرت عقیل کی بیٹیوں کے لکھے ہیں، ان میں سے کوئی نام آپ کی کسی زوجہ کا نہ تھا اور آخری دو نام (گوہر، شہباز)

تو اہل عرب کے ہیں ہی نہیں (۲) یہ بات بھی ناممکن سی ہے کہ ان بی بیوں کو سوائے لاہور کے جو اس زمانہ میں تمام نامسلموں سے آباد تھا اور کوئی جائے پناہ نظر نہ آئی (۳) بنی امیہ کو عورتوں سے کچھ تعرض نہ تھا اور نہ وہ خاندان حضرت سید الشہدا کی ایذا رسانی کے درپے تھے (۴) ہندوستان میں آنے کی نسبت وہ مدینہ کی طرف بآسانی جا سکتی اور محفوظ رہ سکتی تھیں۔

پھر آخر کون تھیں؟ اس کے متعلق نامی صاحب لکھتے ہیں یہ بی بیاں حضرت سید احمد توختہ ترمذی کی صاحبزادیاں تھیں جو چھٹی صدی ہجری کے آخری حصہ میں اپنے وطن سے کیچکران آئے جہاں انہوں نے اپنی بیٹی کا نکاح شاہزادہ بہاء الدین (ولیعہد مکران) سے کیا جن سے سلطان التارکین شیخ حمید الدین حاکم قریشی ہاشمی پیدا ہوئے جن کا مزار مئو مبارک ریاست بہاولپور میں واقع ہے دوسری بیٹی بی بی تاج آپ نے اپنے بھتیجے شاہ زید سے بیاہی اور باقی چار بیٹیاں (حور۔ نور۔ گوہر۔ شہباز) غالباً لاہور میں پیدا ہوئیں۔ جہاں آپ کا انتقال ہوا اور جہاں آپ کا مزار بھی موجود ہے یہ بیبیاں بڑی عابدہ و زاہدہ اور علم دین میں بدرجہ کمال رکھتی تھیں ۶۱۲ھ تھی کہ چنگیز خانی لشکر جلال الدین یا جلال الدین خوارزمی کے تعاقب میں تاخت کرتا ہوا لاہور پہنچا اور اسے بھی تاراج کیا بی بیوں نے خدا کی درگاہ میں التجا کی کہ ہمیں نامحرموں کی دستبرد سے محفوظ رکھیو چنانچہ زمین نے انہیں اپنے اندر چھپا لیا۔

حضرت سید احمد توختہ سلطان شمس الدین التمش کے زمانہ میں فوت ہوئے۔ ان کا مشہور مزار محلہ چلہ بی بیاں میں جو ان کی بیٹیوں کے مقام چلہ کشی کی وجہ سے موسوم ہے۔ نامی صاحب کے مکان کے اندر ایک طرف واقع ہے۔ ان بیبیوں کے فیض صحبت سے بہت سی مسلمان عورتوں کو علم دین سیکھنے کا شوق ہوا۔

مزار ان کا قلعہ گوجر سنگھ کے متصل جانب شرق صدہا سال سے زیارت گاہ خلائق ہے اس احاطہ میں اہالیان لاہور اپنی اموات کو سپرد خاک کرنا باعث سعادت سمجھتے آئے ہیں۔ مگر اب عوام کے لئے یہاں ایک قسم کی بندش ہے۔ اور اس کی وجہ حفظان صحت بتائی جاتی ہے۔

سلہ سید سعید الدین سعد مشہدی جن کے نام پر لاہور میں ... محلہ سید مٹھا آباد ہے جن کے والد کا نام ... مصنف تاریخ لاہور دربارے ہمعصر ... جلال الدین خوارزمی کا پسند میں انتقال ہو گیا

مخدومہ بیگم عہد شاہجہانی کے امیر کبیر نواب ابوالحسن خان بن آصف خاں کی بیگم تھی عربی فارسی کے بیشتر علوم پر حاوی تھی اور علم ادب میں خاص دلچسپی لیتی تھی مبدء فیاض سے طبیعت شاعرانہ پائی تھی۔ خلاصۃ التواریخ (مصنفہ منشی سجان سنگھ بٹالوی) میں مخدومہ بیگم کے کمال علم کا حال درج ہے جو شاہجہان کے زمانہ میں لکھی گئی تھی۔ مخدومہ بیگم نے اپنے خاوند کی عالیشان قبر تعمیر کرائی جو شالامار باغ اور امرتسر ریلوے روڈ کے درمیان ہے متصل مقبرہ نواب علی مردان خاں۔ مخدومہ بیگم نے نواب ابوالحسن خاں کے مرنے کے بعد ایک کارخانہ عبادت قائم کیا جس کے منتظم اور نگران حضرت حامد قاری تھے۔ اسی کارخانہ کی طرف سے ایکہزار حفاظ نواب ابوالحسن خاں کی قبر پر ہر روز تلاوت قرآن کے لئے مقرر تھے اس مقبرہ کے ساتھ بے شمار زمینیں اور صد ہا چاہات وقف تھے محمد شاہ بادشاہ غازی کے زمانہ تک یہ سلسلہ برابر جاری رہا سکھوں کی غارتگری اور سلطنت مغلیہ کی کمزوری کے ایام میں سب کارخانہ درہم برہم ہو گیا۔ بیگم ۱۰۸۰ھ میں انتقال کر گئی اور اپنے خاوند کے پہلو میں دفن کی گئی۔ اس مقبرہ کے گرد ایک عالیشان باغ بھی تھا جسکا بہت بڑا کنواں اب تک موجود ہے۔

موتی بیگم اورنگ زیب عالمگیر کے زمانہ میں یہ نہایت نامور عالمہ عورت لاہور میں گذری ہے نواب خلیل اللہ خاں گورنر لاہور کی لڑکی تھی۔ ملا عبدالحمید لاہوری مصنف شاہجہان نامہ نے اپنی کتاب میں اس کا ذکر کیا ہے اور لکھا ہے موتیا بیگم صاحب علم و فضل تھی اس نے مرتے دم تک شادی نہیں کی جب وہ مر گئی تو اس کے باپ نواب خلیل اللہ خاں گورنر لاہور نے نہایت رنج والم کیا۔ اور اپنی قابل اور لائق بیٹی کے بقائے نام کے لئے اس کی قبر پر ایک کتبہ لگایا۔ افسوس ہے اب اس قبر اور کتبہ کا کوئی نشان نہیں ہے۔ بلکہ زمیندار لوگ وہاں زراعت کرتے ہیں یہ قبر ملتان ریلوے روڈ کی طرف تھی اور نہایت خوبصورت تھی۔ مقبرہ کا گنبد بشکل بنگلہ تھا اور یہ مقبرہ "مکان بنگلہ" کے نام سے موسوم تھا۔ مولوی صدق علی گجراتی جو نہایت نامور عالم تھے اور جن کا مقبرہ بنام مکان بھورہ یا تہ خانہ متصل مکان نواب جعفر خاں واقع گڑھی شاہو ہے موتی بیگم کے استاد تھے۔

مراد بیگم نواب قمرالدین خاں وزیر محمد شاہ بادشاہ کی لڑکی اور نواب میر معین الملک گورنر لاہور کی بیگم تھی۔ ۱۷۵۳ء میں اپنے خاوند کے انتقال کے بعد اپنے خورد سال لڑکے امین الدین خاں کی سرپرست بن کر پنجاب پر حکمرانی کرنے لگی۔ علوم مروجہ سے کماحقہ واقف تھی۔ بلکہ ان چالوں سے بھی آگاہ تھی جن سے بادشاہ تخت پر بٹھائے جاتے اور اتارے جاتے ہیں۔ نہایت معاملہ فہم زیرک اور علامۂ دہر تھی اس نے اپنے مدارالمہام اور اپنے دربار کے امیرالاعظم نواب میر بھکاری خاں بانی سنہری مسجد لاہور کو اپنے محل کے اندر مروا دیا ۱۷۵۶ء تک لاہور میں اسکا خوب طوطی بولتا رہا ہے آخر قید کر کے دہلی بھجوا دی گئی۔

شرف النساء بیگم نواب خان بہادر زکریا خاں صوبہ لاہور کی حقیقی بہن اور نواب عبدالصمد خاں دلیر جنگ کی بیٹی تھی۔ عربی اور فارسی کے بہت سے علوم پر حاوی تھی سوائے کتب دینی و کتب خوانی کے اور کسی سے سروکار نہ تھا۔ قرآن شریف کی عاشق تھی۔ اس نے جیتے جی اپنا مقبرہ تیار کرایا جو بلند اور بے زینہ ایک گنبد کی صورت میں بنایا گیا تھا۔ نماز ظہر کے بعد ہر روز وہاں جاتی سیڑھی لگا کر وہاں چڑھتی اور ایک گھنٹہ تک تلاوت قرآن کرتی اور پھر واپس محلات میں آجاتی۔ عالمہ فاضلہ ہونے کے علاوہ جوہر سپاہیانہ بھی رکھتی تھی جب تک زندہ رہی قرآن کے ساتھ تلوار کی بھی عاشق رہی۔ ہمیشہ شمشیر پکڑ رہتی مرتے وقت وصیت کی کہ میری قبر اسی گنبد میں ہو اور بالائے قبر قرآن شریف اور میری تلوار جنہوں نے زندگی بھر میرا ساتھ دیا ہے مرنے کے بعد بھی میرے محافظ رہیں۔ مگر افسوس ہے ناخداترس سکھوں نے اپنے ہوائی دور دورہ میں وہ دونوں چیزیں محض تعصب کی وجہ سے وہاں سے نکال لیں۔ شرف النساء بیگم کا مقبرہ سرو والے مقبرہ کے نام سے مشہور ہے اور شالا باغ کو جاتے ہوئے بائیں ہاتھ پر گلابی باغ اور مقبرہ حضرت ایشاں کے پاس واقع ہے۔

نادرہ بیگم شہزادہ دارا شکوہ کی ہمشیرہ اور شہنشاہ شاہجہاں کی لڑکی تھی۔ پنجاب چونکہ دارا شکوہ کی جاگیر میں تھا اس لئے وہ اکثر لاہور ہی میں رہتا تھا اس کے محلات اس جگہ تھے جہاں سرائے میاں سلطان اور چاہ میاں سلطان اور چنگڑ محلہ واقع لنڈا رواقع ہے۔ اسی جگہ چوک دارا شکوہ بھی تھا۔ دارا شکوہ ہر روز حضرت میاں میر اولے اپنے پیر حضرت

ملا شاہ کی خدمت میں جاتا تھا۔ اس کی ہمشیرہ عزیزہ بھی دل وجان سے حضرت کی معتقد تھی۔ نو سال کی عمر تک وہ قرآن شریف کے علاوہ اور مذہبی کتب بھی پڑھ چکی تھی۔ گیارہ برس کی عمر میں اس کے علم وفضل کا یہاں تک چرچا تھا کہ بہت کم عالموں کو اس کے مقابلہ کی جرات ہوتی تھی۔ تحقیقات چشتی میں لکھا ہے کہ نو سال کی عمر میں وہ حضرت میانمیر کی خدمت میں حاضر ہوئی۔ اور تادم مرگ ہر روز نماز ظہر کا وضو حضرت کو اپنے ہاتھ سے کراتی رہی۔ جب وہ گیارہ بارہ سال کی ہو گئی اور اس نے علم ظاہری میں بھی بہت کچھ حاصل کر لیا اور وہ جوان بھی ہو گئی تو حضرت میانمیر نے ایکدن اس کو کہا۔ اے فرزند اب تو جوان ہو گئی ہے وضو کرانے نہ آیا کر۔ نادرہ بیگم یہ سن کر واپس چلی گئی۔ جب شام ہوئی تو خیال گذرا شاید مجھ سے کوئی قصور ہو گیا ہے کہ حضرت نے اس خدمت سے معزول ومحروم فرما دیا ہے۔ جناب الٰہی میں دعا کی کہ ایسی ذلیل زندگی سے تو مرنا ہی بہتر ہے الٰہی مجھ کو پردہ پوش کرلے۔ خدا کی قدرت سے اسی رات کو شہزادی بیمار ہوئی اور دن نکلنے سے پیشتر انتقال بھی کر گئی۔ یہ واقعہ ۱۲ شوال ۱۰۶۲ھ کا ہے۔ داراشکوہ نے نہایت عالیشان مقبرہ شاہزادی کا تعمیر کرایا۔ مقبرہ بلند چبوترہ پر ایک بارہ دری کی شکل میں بنایا گیا۔ گرد اس کے ایک وسیع تالاب تھا جس کے چاروں کونوں پر چار بنگلے ہشت پہلو سنگ سرخ کے بنائے گئے اور شمالی وجنوبی سمت دو عالیشان ڈیوڑھیاں تعمیر کرائی گئیں۔ تالاب کے چاروں طرف ایسی چوڑی سڑکیں تھیں جن پر گاڑیاں بسہولت چل سکتی تھیں۔ تالاب کے ہر طرف ۲۶-۲۶ کوٹھڑیاں لوگوں کے رہنے اور مسافروں کے قیام کے لئے بنائی گئیں۔ مقبرہ کے مشرق کی سمت تالاب پر ایک پل بھی تھا۔ اس پل کے نیچے پانی کی روانی کے لئے ۱۳ محرابی دہن بنائے گئے۔ ایسے عالیشان مقبرہ کا اب حشر یہ ہے کہ تالاب کا نام ونشان بھی نہیں ہے دوران تحریر کتاب ہذا میں راقم الحروف خود اس مقبرہ پر گیا۔ تالاب میں اب زراعت ہوتی ہے پل کے محراب تو موجود ہیں مگر مٹی اور جھاڑیوں کی وجہ سے قریباً بند ہیں ایک محراب جو بارہ دری کے متصل ہے ٹوٹا ہوا ہے۔ مصنف تحقیقات چشتی نے بھی ۱۸۶۷ء میں جس کو آج ۱۰۵ سال ہو چکے ہیں اس محراب کی شکستگی کا ذکر کیا ہے قبر بالکل کچی ہے۔ بارہ دری دو منزلہ ہے اور سیڑھیاں بالکل شکستہ ہیں بارہ دری

کے گرد چاروں طرف تا بہ سینہ سنگ مرمر لگا ہوا تھا. لیکن مہاراجہ رنجیت سنگھ کے ایام حکومت
میں کمال سنگدلی سے وہ سنگ مرمر اتار لیا گیا. تالاب کے گرد جو ڈیوڑھیاں اور بنگلے تھے
ان میں سے اب ایک بھی موجود نہیں ہے۔ البتہ ایک جگہ تالاب کے ایک گوشہ پر درواندرگاہ
حضرت میاں میر کے متصل ایک چبوترہ کے نشان سے موجود ہیں یہ بارہ دری روضہ کی چار
دیواری کے باہر مشرق کی طرف واقع ہے۔

نورجہاں بیگم[1] اسکا نام شہرہ آفاق ہے. اپنے ماں باپ کے نکبت و ادبار کے دنوں میں
بعالم مسافرت ایک جنگل میں پیدا ہوئی. اور آخر جہانگیر کی شہنشاہ بیگم ہو
کر ملکہ ہند بنی. مرزا غیاث باپ کا نام تھا. آصف جاہ جو آخر میں شہنشاہ شاہجہاں کا وزیر بنا بھائی
تھا اصلی نام مہرالنسا تھا. پہلے علی قلی خاں عرف شیر افگن خاں ایک نوجوان ایرانی کے عقد نکاح
میں آئی جب جہانگیر بادشاہ ہوا تو شیر افگن خاں کے قتل ہونے کے بعد جہانگیر کے محلات
میں داخل ہوئی. پہلے نور محل بنی پھر نورجہاں بن کر سارے عالم میں روشن ہوئی. ہمیں یہاں
جہانگیر اور نورجہاں کے عشق و محبت کا افسانہ لکھنا منظور نہیں ہے اس لیے ہم صرف مختصر
طور پر اس کی علمی اور دیگر قابلیتوں کا ذکر کرتے ہیں اور بتانا چاہتے ہیں کہ اس کے دم قدم
سے لاہور میں علم و اہل علم کا کسقدر چرچا رہا ہے۔

نورجہاں نے شہزادیوں کے ساتھ قرآن شریف پڑھا پھر فارسی کی معمولی کتابیں تھوڑے
ہی عرصہ میں عربی اور فارسی میں وہ کمال حاصل کیا کہ نہ صرف اس کے بے مثال حسن بلکہ
اس کی ذہانت نے بھی تمام شہزادیوں کے نور بے نور کر دیے. نورجہاں کی ماں خود بڑی
عالمہ فاضلہ تھی جہانگیر نے اپنی تو زک میں اس کے کمال کا ذکر کیا ہے اور لکھا ہے. عطر
گلاب جہانگیری والدہ نورجہاں بیگم کی ایجاد ہے. شہزادیوں کی ہم نشینی. ذاتی ذکاوت و
ذہانت. موجدہ و عالمہ ماں کی تربیت. ان سب باتوں نے نورجہاں کو چھوٹی سی عمر ہی
میں ہر فن مولا بنا دیا. وہ مصوری و نقاشی بھی جانتی تھی. قلعہ میں شہزادیوں کے ساتھ
اس نے فن سپاہ گری بھی سیکھ لیا تھا اور جہانگیر کے ہمراہ اس نے اکثر شکار بھی کیا ہے

[1] نورجہاں کے مفصل حالات کیلئے راقم الحروف کی کتاب حیات نورجہاں و جہانگیر ملاحظہ فرمایئے۔

اور جہانگیر نے اپنی توزک میں اس کے نشانہ کی تعریف بھی کی ہے۔ گھوڑے کی سواری کی بڑی
مشتاق تھی عربی اور فارسی خط اس کا بہت اچھا تھا کپڑے پر کشیدہ بہت اچھا کاڑھتی تھی۔ علم
موسیقی سے بھی واقف تھی اور اس کی آواز نے لطافت و کشش نے اس میں ایک خاص جادو
پیدا کر دیا تھا۔ مذہباً شیعہ تھی لیکن اس کے علمی دربار اور اس کے درباری شعرا میں مذہب
کی کوئی تخصیص نہ تھی بلکہ اہل کمال ہونا لازمی تھا۔ جہانگیر ۱۶۰۵ء میں بعمر ۳۷ سال تخت
نشین ہوا۔ چھٹے سال جلوس ۱۶۱۱ء میں اس نے مہر النسا بیگم کو نور محل اور نور محل کی
نور جہاں بنا دیا۔ ۱۶۲۷ء میں کشمیر سے واپسی پر جبکہ نور جہاں بھی ہمراہ تھی بعمر ساٹھ سال جہانگیر
کا راستے ہی میں انتقال ہو گیا لاش جب لاہور پہنچی تو جہانگیر نور جہاں کے باغ[1] میں سپرد خاک
کیا گیا۔ جہانگیر کی زندگی میں نور جہاں کی ساری عمر سفر و حضر میں کشمیر۔ لاہور۔ دہلی۔ آگرہ
وغیرہ مقامات میں جہانگیر کے ساتھ گزری ہے مگر اس کے مرنے کے بعد اس نے لاہور
ہی کو اپنا وطن بنا لیا۔ اور خاوند کے مرنے کے بعد بارہ سال تک لاہور میں زندہ رہی۔
شاہجہان نے بادشاہ ہو کر نور جہاں کا ۲۵ لاکھ روپیہ سالانہ وظیفہ مقرر کیا اور ملکی
معاملات سے جن میں ان کا بہت دخل تھا قطعی بے تعلق کر دیا۔ نور جہاں کی حاضر جوابی و شاعری
کے اکثر واقعات مشہور ہیں وہ خود بھی شاعر تھی اور فی البدیہ شعر بھی کہتی تھی اور شاعروں اور
عالموں کی بڑی قدر دان تھی مرزا صیدی۔ سلیم شاعر۔ طالب آملی وغیرہ اکثر شعرا نے
دربار جہانگیری کی طرح نور جہاں کے دربار سے ہزار ہا روپے بطور انعام حاصل کیے
ہیں لاہور میں جس قدر علما، فضلا اور صاحب کمال شعرا تھے۔ نور جہاں کی فیاضی و
علم دوستی سے مستفیض ہو رہے تھے بلکہ اس زمانہ میں اور مقامات سے بھی اکثر اہل
علم نور جہاں کی علم پروری کی وجہ سے لاہور آ گئے تھے اور لاہور ان دنوں علما و
فضلا کا ایک مرکز ہو گیا تھا۔ ۲۵ لاکھ روپیہ سالانہ کی رقم علما و فضلا کی قدر دانیوں پر
صرف ہو جاتی تھی یا بیوہ عورتوں کے نکاح ثانی کرانے اور غربا کی دستگیری پر ۱۶۳۹ء میں
نور جہاں نے لاہور ہی میں انتقال کیا اور اپنے خاوند کے پہلو میں دفن ہوئی۔ اپنی قبر
اس نے اپنی زندگی ہی میں بنوائی تھی۔ ملکہ ہند کی اس آخری آرام گاہ کے ساتھ بھی

[1] یہ باغ پہلے مہدی خان کا باغ کہلاتا تھا۔

اسکا دیوان مخفی کے نام سے فارسی میں موجود ہے جو ہر جگہ مل سکتا ہے اور جس کے متعلق اکثر
مصنفین و مورخین میں اختلاف ہے۔ ناصر علی سرہندی۔ مرزا محمد علی صائب۔ ملا طاہر غنی
کاشمیری۔ عاقل خاں رازی۔ نعمت خان عالی۔ پنڈت چندر بھان برہمن اسکے ہمعصروں میں تھے۔
عالمگیر کے زمانہ میں ایکمرتبہ عاقل خاں رازی لاہور کا گورنر تھا یہ زمانہ سنہ ۱۰۸۱ھ کا تھا۔ عالمگیر
بیمار ہو گیا اطبائے لاہور جانے کی صلاح دی۔ بادشاہ بیگمات سمیت لاہور آگیا۔ زیب النساء
بھی ساتھ ہی تھی جب وہ لاہور آئی تو علما و فضلا اور شعرا امڈ امڈ کر آنے لگے۔ شعر شاعری اور
علمی مباحثات کا بازار ہر روز گرم ہونے لگا شعرا داد سخن اور علما خیالہ رسائی حاصل کرنے لگے اسی
زمانہ میں زیب النساء بیگم نے ایک باغ کی بنیاد ڈلوادی جسکی بچی کھچی عمارت چوبرجی کے نام سے
راجہ پونچھ کی کوٹھی کے متصل سڑک نواں کوٹ پر ابھی تک موجود ہے تعمیر کرنے کے بعد زیب النساء
نے یہ باغ اپنی دایہ میاں بائی کو بخش دیا تھا جو نہایت عالمہ فاضلہ اور عابدہ و زاہدہ خاتون تھی زیب النساء
بیگم نے بعمر ۶۵ سال ۱۱۱۳ھ میں انتقال کیا۔ اس نے ساری عمر شادی نہیں کی اس لئے اسکے
علم و فضل اور اسکے نیک نام کے سوا اس کی کوئی یادگار نہیں ہے اس کی وصیت کے
موافق اسکو لاہور میں دفن کیا گیا جس سے وہ دہلی سے کم محبت نہ رکھتی تھی

زیب النساء کا مقبرہ جیسا دلفریب اور دلکش تھا اب اسی قدر ہولناک اور مہیب ہے
اس کے قبرستان اور باغ کے احاطہ میں اب ایک موضع (نواں کوٹ) آباد ہے۔ مقبرہ کی
عمارتیں اور باغ کی دیواریں کچھ تو باقی موضع (مہر محکم دین) نے تباہ کیں سنگ سرخ و سنگ
مرمر کے جس قدر حوض، شہ نشین اور تعویذ اور فرش تھے وہ مہاراجہ رنجیت سنگھ نے ویران
کیئے۔ شہنشاہ ہند کی اس لاڈلی بیٹی کا مقبرہ جو علم و فضل میں بھی صاحب کمال تھی
آج جس عبرت خیز حالت میں ہے کاش اس کا کچھ اثر ان لوگوں پر بھی پڑے
جو عالیشان مکانات تعمیر کرا کے اور عیش و عشرت میں مست ہیں اور نہیں جانتے کہ ایک
دن انہیں بھی ایسے ہی گوشہ تاریک میں آنا پڑیگا اور یہی حالت ہماری بھی ہو جائیگی جو آج زیب النساء
کی ہے بلکہ اس سے بھی بدتر۔ اسلئے کہ زیب النساء کا نام اسکی قابلیت و لیاقت اور شہنشاہ
ہند کی علامہ بیٹی ہونے کی وجہ سے آفتاب و ماہتاب کیطرح صبح محشر تک چمکے گا۔ تمت بالخیر۔

مؤلف تذکرہ علمائے لاہور کی بعض زیرِ تصنیف و زیرِ طبع کتابیں

(زیرِ طبع)

تاریخ حریت اسلام اپنی قسم کی لاجواب و بےنظیر تاریخ، جس کے مطالعہ سے دلوں میں حرکت و جنبش پیدا کرتا اور اظہارِ حق و صداقت کے لیے امر جانبازانہ جرأت، ایثار و قربانی اور ان تکلیفات کے برداشت و تحمل کی تعلیم دیتا ہے جن کا آغاز آنحضرت کی ذات بابرکات سے ہوا۔ اور جن کا بے خاتمہ ہوتا نظر آتا ہے۔ زمانہ رسالت، عہدِ خلافت، سلاطین بنی اُمیہ، خاندان سلجوقیہ، شاہان عرب و عجم، شاہان ہند اور بعض والیان ریاست اور فرمانروایان کابل کے درباروں میں اظہارِ حق و صداقت کا کیا حال تھا۔ ہمارے سلف صالحین جن میں اخلاقی جرأت رکھنے والی اور حق گوئی کی مصائب برداشت کرنے والی عورتیں بھی ہیں بزرگانِ دین، علماء، صوفیا، فقرا، وزراء اور عام لوگ بادشاہ وقت تک کے سامنے بےتکلف اور بےدھڑک ہر بات اور ظالم حکام کی شکایات کرنے سے ذرا بھی نہ جھجکتے تھے۔ حریت و مساوات کا سرچشمہ آپ کو صدہا دلچسپ واقعات اسی قسم کے بتائیگا۔ .. .. عہ

تذکرہ مولانا عبد الحکیم اکبر، جہانگیر، شاہجہان کے زمانہ کے نامور عالم و استاد الکل حضرت مجدد الف ثانی اور نواب سعد اللہ خان وزیر شاہجہان کے ہم مکتب منطقی و فلسفی علامہ عبد الحکیم سیالکوٹی کے مفصل حالات مع تاریخ سیالکوٹ و مشاہیر سیالکوٹ قیمت ۱۲ر

سیر کشمیر کی معاشرتی زندگی کے دلچسپ حالات ۶ر

ڈھاکہ } ڈھاکہ مشہور بادشاہی شہر ہے جہاں عہد اسلامی میں نائب گورنر رہے ہیں، اور جو اب بھی مشرقی بنگال کا دارالخلافہ ہے۔ یہاں کے مزارات، مساجد اور دیگر قابلِ دید مقامات کا حال، بعض دلچسپ ملاقاتوں اور مجلسوں کا ۶ر

تذکرۃ الاصفیاء تذکرۃ الصالحین کا دوسرا حصہ جس میں ہندوستان کے بعض نامور اولیاء کے حالات درج ہیں ۶ر

پیامِ فوق حصہ دوم کلامِ فوق ۶ر

(زیرِ تصنیف)

نظام الملک اعظم بانیٔ سلطنت آصفیہ حیدرآباد دکن کے حالات

اولیائے دکن

مکمل تاریخ لاہور

غلامانِ اسلام جس میں ان غلاموں کا ذکر ہے جنہوں نے زیرِ سایہ اسلام حکمرانیاں اور بادشاہیاں کی ہیں یا اعلیٰ عروج پر پہنچے ہیں۔ یہ کتاب بتائے گی کہ اسلام نے حریت و مساوات کا سبق دیکر غلامی کا رواج کس طرح مٹایا۔ اور غلاموں کو کس طرح وہ اعزاز دیا کہ آج تک کسی ملک اور کسی قوم نے غلاموں کو کیا، اپنے دوسرے ساتھیوں کو بھی نہیں دیا [illegible]

فہرست مضامین

لاہور کی گذشتہ اہل علم خواتین